SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, August 12, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five of the clock in the evening with, Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QURAN

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝٦

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

سُوْرَةُ الفَاتِحَة

ترجمہ : شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ سب طرح ہی کی تعریف خدا ہی کو (سزا وار) ہے جو تمام مخلوق کا پروردگار ہے بڑا مہربان نہایت رحم والا انصاف کے دن کا حاکم، (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ہم کو سیدھے رستے چلا ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا رہا، نہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Wednesday, August 12, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five of the clock in the evening with, Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QURAN

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝٦

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

سُوْرَةُ الفَاتِحَة

ترجمہ : شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔ سب طرح ہی کی تعریف خدا ہی کو (سزا وار) ہے جو تمام مخلوق کا پروردگار ہے بڑا مہربان نہایت رحم والا انصاف کے دن کا حاکم، (اے پروردگار) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں ہم کو سیدھے رستے چلا ان لوگوں کے رستے جن پر تو اپنا فضل و کرم کرتا رہا، نہ ان کے جن پر غصے ہوتا رہا اور نہ گمراہوں کے۔

(وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین)

OATH TAKING BY A SENATOR

جناب چیئرمین : جزاک اللہ، فضل آغا صاحب۔ادھر تشریف لائیے۔

(جناب فضل آغا نے سینٹ کے ممبر کی حیثیت سے حلف اٹھایا)

Mr. Chairman : I would like to warmly congratulate and welcome Syed Muhammad Fazal Agha back to the House, he has been a member of this House for six years and we are happy to have him back with us.

Syed Ishtiaq Azhar : I am on a point of order.

Mr. Chairman : Ishtiaq Azhar Sahib on a point of order.

POINT OF ORDER RE : LODGING OF A CRIMINAL CASE AGAINST A SENATOR

سید اشتیاق اظہر: میں آپ کی اطلاع کے لئے اور آپ کے ذریعے ایوان کی اطلاع کے لئے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حق پرست سینیٹر ماسٹر علی حیدر کے خلاف بھی ایک criminal case قائم ہو گیا ہے اور اس کی رپورٹ روزنامہ "مسلم" مورخہ ۱۹ اگست میں موجود ہے اسی طرح سے مجھے سینیٹر زاہد اختر نے اطلاع دی ہے کہ ان کے خلاف بھی مقدمہ قائم ہو گیا ہے اور ان کے فارم پر گزشتہ دنوں بہت سی گاڑیاں باقاعدہ بھیجی گئیں، فارم جو ایک طرح سے Zoo کی حیثیت بھی رکھتا ہے اس پر ٹکٹ بھی لگتا ہے وہاں کھدائی کی گئی اور آدمی گرفتار کر لئے گئے۔ بعد میں اسلحہ برآمد نہیں ہوا تو ان کو پھر فارم واپس بھیجا گیا۔ اسی طرح آپ کی اطلاع کے لیے عرض ہے میں نے سینٹ کے گزشتہ اجلاس میں عرض کیا تھا کہ میرے خلاف بھی مقدمہ قائم ہوا تھا یہ خوشی کی بات ہے کہ پہلے فصیح اقبال کے ذریعے پھر براہ راست مجھ سے چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ حکومت سندھ نے یہ اطلاع دی ہے یہ مقدمہ جھوٹا ہے اور غلط ہے۔ میں نے ان سے کئی بار request کی ہے اور آپ کے ذریعے بھی request کرتا ہوں جب یہ ثابت ہو گیا کہ مقدمہ جھوٹا ہے تو اس کے

واپس لینے کے احکامات صادر کیے جائیں اور اس میں کوئی مشکل کی بات نہیں ہے۔ صرف SHO نارتھ ناظم آباد سے اگر کہہ دیا جائے کہ وہ اس معاملے میں تحقیقات کر کے اپنی رپورٹ درج کر دے کہ یہ مقدمہ غلط اندراج ہوا ہے تو مقدمہ خود بخود ختم ہو جائے گا۔ میں یہ تینوں چیزیں آپ کی اطلاع کے لئے اور آپ کے ذریعے ایوان کی اطلاع رکھتا ہوں۔

جناب چیئرمین: میں Interior Minister سے اس بارے میں رپورٹ مانگوں گا۔

POINT OF ORDER RE : THE PRESENCE IN THE HOUSE OF MR. ISLAM NABI WHO IS NO LONGER A MEMBER

Syed Iqbal Haider : On a point of order, Sir.

Mr. Chairman : Syed Iqbal Haider, on a point of order.

Syed Iqbal Haider : Sir, I wish to draw your kind attention to a stranger in this House, Mr. Islam Nabi, who is no longer a Minister nor a Member of the Assembly, is sitting here.

Mr. Chairman : But he is a Minister.

Syed Iqbal Haider : He is no longer a Minister, he can't be a Minister, if he has resigned from his seat. The resignation was never denied till today. I make a statement with authority and confidence and I challenge him that he never signed any resignation, he did sign a resignation, he never denied his resignation from his seat of National Assembly and under Article 64, Sir, of the Constitution, there is no room for acceptance of any resignation if it has been signed by the member and tendered to the Speaker or the Chairman as the case may be. Now having resigned, and no allegation has been made that his signatures were forged, no allegation has made that he never tendered that resignation, he ceases to be a member of the National Assembly and ceases to be a Minister and he has no business to be in this House.

Mr. Chairman : There are two aspects of this question. One, the resignation of Mr. Islam Nabi as a Member of the National Assembly, and the second, the question of whether he is a Minister or not? As far as the first question is concerned, the resignation is submitted to the Speaker of the National Assembly and he has passed an order subsequently saying that he was informed.

(Interruption)

Mr. Chairman : I would not like to sit here as Chairman of the Senate. I would not like to or it would be in-appropriate for me to comment or pass any judgement on the action of the Speaker.

Syed Iqbal Haider : Sir, I am not seeking your indulgence in the proceedings before the speaker, all that I am trying to convey to your honour, is one simple fact, that even the letter of Mr. Islam Nabi received by the Speaker only requested that he could not appear before the Speaker on 6th of July because he is going abroad and he will only come after his return at a later date.

Mr. Chairman : No what I am saying is that it is for the Speaker to decide and he has taken a decision. How can I pass a judgement on the ruling of the Speaker? دوسری چیز یہ ہے کہ آپ نے کہا کہ As Minister, so as Minister the resignation was not received by the President and secondly, even a non-member can be a Minister under the Constitution for a certain period of time.

Syed Iqbal Haider : Undoubtedly, he can be a Minister provided he takes a fresh oath. He can't continue to be a Minister without being a Member, now it has to be a new appointment, he can't continue as a Minister.

Mr. Chairman : As far as we are concerned, we have to accept a person as Minister unless a notification is issued by the Government revoking the appointment.

Syed Iqbal Haider : No, Sir, the Constitution does not require for that, I beg to differ with that opinion because Constitution does not require any notification or declaration of the vacation of the seat.

Mr. Chairman : Yes, Manzoor Ahmed Gichki Sahib.

جناب منظور احمد گچکی: پوائنٹ آف آرڈر جناب، چیئرمین سینٹ اس آئین کا محافظ بھی ہے جس طرح نیشنل اسمبلی ہے، کیونکہ جب آئین میں amendment وہاں move ہوتی ہے تو پھر سینٹ میں آجاتی ہے، یہ ہاؤس اس کا ذمہ دار ہے کہ آئین کو ہر طرح protect کرے لیکن جناب والا! یہ کہنا کہ چونکہ وہ نیشنل اسمبلی کا ممبر ہے یا تھا اور اس کا تعلق اس ہاؤس سے ہے۔ یقیناً اس ہاؤس سے ہے لیکن as چیئرمین آف سینٹ یا سینٹ کے

ممبران کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ استعفیٰ جو انہوں نے دو دفعہ دیا اور یہ پاکستان کی تاریخ میں unique چیز ہے کہ ایک آدمی استعفیٰ دے کر یہ کہتا ہے کہ میں نے استعفیٰ دیا ہے لیکن ایک condition رکھتا ہے کہ میں باہر چلا جاؤں گا، کسی سے مل کر واپس آؤں گا، اس لئے اس وقت میرے استعفیٰ کو روکا جائے۔ میں نہیں سمجھتا کہ پارلیمانی تاریخ میں اس قسم کی کوئی مثال موجود ہے۔ جیسے کہ ہم اس آئین کے protector ہیں، آرٹیکل ۶۴ کے تحت، یہ کم از کم اس ایوان میں نہیں بیٹھ سکتے یہ اور بات ہے کہ آپ ان کے resignation کو accept نہیں کر سکتے بطور چیئرمین.....

جناب چیئرمین : میرے پاس تو ہے ہی نہیں۔

جناب منظور احمد لچکی : میں جو گزارش کر رہا ہوں وہ یہ ہے کہ آپ یہ کر سکتے ہیں کہ ان کو ہاؤس سے باہر نکالیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب انہوں نے resignation دیا تھا تو اس کے ساتھ ہی ان کی وزارت ختم ہو گئی تھی اگر وہ simply منسٹر ہے اور ممبر نہیں ہے تو اسے دوبارہ oath لینا چاہیئے تھا۔ لیکن اس نے نہیں لیا۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح سے اس ہاؤس کے استحقاق کو بری طرح سے مجروح کیا جا رہا ہے جب کہ ایک stranger کو یہاں بٹھایا گیا ہے۔

جناب چیئرمین : میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ یہ مسئلہ سپیکر صاحب کے پاس تھا، میری یہ jurisdiction نہیں ہے۔ اگر سپیکر صاحب اس کو accept نہیں کرتے تو یہ ان کا استحقاق ہے، ان کا privilege ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : یحییٰ بختیار صاحب۔

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, as far as I understand, there is no provision in the Constitution that the Speaker is the authority or the Chairman is the authority to accept or reject a resignation. The moment, it is submitted he is only a Post Office to pass it on to the Chief Election Commissioner. He has no business to withhold it, keep it or reject it. Kindly look at the provision.

Mr. Chairman : Then what do I do? Suppose the Speaker to whom the resignation is submitted, passes a consicious order saying that the resignation given to me is no longer effective an he continues to be a member, what do I do about that? According to the Speaker to which House he belongs?

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, I am only pointing out, it is entirely upto you. That Speaker has not authority to reject an application of resignation or accept it, he has to pass it on to the Chief Election Commissioner?

Mr. Chairman : But supposing, the Speaker after he receives the resignation is informed that the resignation given by me to you was under coercion and pressure and that it is not a genuine resignation.....

Mr. Yahya Bakhtiar : That is for Chief Election Commissioner to decide.

Mr. Chairman : No resignation, resignation does not go to the Chief Election Commissioner.

Mr. Yahya Bakhtiar : Yes, it would go to the Chief Election Commissioner.

Mr. Chairman : Not the resignation but disqualification resingnation goes only to the Speaker.

Mr. Yahya Bakhtiar : Resignation brings about disqualification, only Chief Election Commissioner himself.....

Ch. Amir Hussain : Article 64.

Mr. Chairman : Article 64 says:

> "A member of (Majlis-e-Shoora (Parliament) may, by writing under his hand addressed to the Speaker or, as the case may be, the Chairman resign his seat, and there upon his seat shall become vacant."

So, it is to the Speaker, that the Speaker has to pass an order saying that I do not.

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, he can not pass an order.

جناب چیئرمین : تو پھر میں کیا کروں۔ supposing he has passed an order.

Mr. Yahya Bakhtiar : That is no order.

چوہدری امیر حسین: جناب، مجھے اجازت دیں.....

جناب چیئرمین : ایک منٹ عبداللہ شاہ صاحب کی بات سن لیں۔

Syed Abdulllah Shah : Sir, you have heard the members, I would request you to call on Mr. Islam Nabi to state his case, did he resign or not and before we pass any .....

(Interruption)

جناب چیئرمین : Supposing آپ سندھ اسمبلی کے سپیکر رہے ہیں آپ کے پاس ایک مسئلہ آتا ہے بطور سپیکر کے، اس پر آپ آرڈر پاس کرتے ہیں جس سے مجھے اختلاف بھی ہو سکتا ہے but how can I set a judgement on your order ?

Syed Abdullah Shah : But Sir, the said Speaker when he receives the resignation, he simply as a Postman has to send it to the Chief Election Commissioner.

Mr. Chairman : What I am saying is.....

(Interruption)

Syed Abdullah Shah : And Sir, when you pointed out this coercion..... the member can approach the election Commission that my resignation was obtained under coercion but the Speaker or the Chairman Senate, has no authority to reject or accept.

جناب چیئرمین : مجھے یہ بتائیں۔ میں آپ سے صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔

How can we set an appeal over the Speaker's order? We may differ with the Speaker's order.....

Syed Abdullah Shah : I humbly say that let Mr. Islam Nabi tell the House in what capacity he is attending the House.

Syed Iabal Haider : Sir, I am only requesting that your honour may not be the advocate of Mr. Islam Nabi, let him explain his position.

Mr. Chairman : You see, it would be showing disrespect to the ruling of the Speaker, I don't want that.

Syed Iqbal Haider : Sir, why are you depriving him to express his point of view because I fear that under coercion he is sitting on the treasury benches and he has deserted his party and whatever horse trading has taken place that will be exposed and he will be exposing his own neck also.

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین! مسئلہ یہ نہیں ہے کہ یہ سپیکر صاحب کا فیصلہ ہے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ایک مسئلہ ہمارے سامنے پیش ہوتا ہے جو ہماری رائے کے مطابق آئین کی بعض دفعات کی خلاف ورزی، اور breack of privilege ہے۔ اس پر ہم آپ سے رولنگ چاہتے ہیں۔ میرے خیال میں اشارتاً تو آپ نے کہہ دیا ہے لیکن آپ کب سے اتنے بے بس ہوتے جارہے ہیں، آپ ذرا کھل کر کہیں کہ کیا کوئی شخص جب استعفےٰ دے دے، اور استعفےٰ دینے کے بعد، سب کو کہہ دے، اخبار نویسوں کو بھی کہہ دے کہ جناب میرا استعفےٰ pending میں رکھیں، میں جاؤں گا اور لندن جا کر استخارہ کروں گا اور اس کے بعد میں واپسی پر فیصلہ دوں گا کہ آیا یہ استعفےٰ منظور کیا جائے یا نہ کیا جائے۔ اس پر میں آپ کی رولنگ چاہوں گا کہ کیا یہ آئین کی خلاف ورزی ہے یا نہیں۔

جناب چیئرمین: میں نے کہا ہے کہ یہ مسئلہ اگر میرے پاس ہوتا تو اپنا فیصلہ دیتا۔

حافظ حسین احمد: تو آپ کیا کرتے؟

جناب چیئرمین: میں قانون دیکھتا، حالات دیکھتا، واقعات دیکھتا، ان سے پوچھتا اور آپ سے پوچھتا اور فیصلہ کرتا۔ لیکن اگر فیصلہ سپیکر نے کر دیا ہے تو مجھے کوئی اختیار نہیں کہ میں سپیکر صاحب کے فیصلے پر نظر ثانی کروں۔

Syed Iqbal Haider : Sir, it is just like two high courts, the High Court of Sindh has a jurisdiction.

Mr. Chairman : No, no, it is not two high Courts- the two Supreme Courts.

Syed Iqbal Haider : Another High Court House of Parliament and your good will have full jurisdiction to pass the ruling in accordance with the interpretation as you understand under the Constitution. You are not debarred by the decision of the Speaker from expressing your view. We want to elevate your position, we do not want you to become subservient to the illegal and unconstitutional order of the speaker.

جناب چیئرمین: ہائی کورٹ کی آپ نے مثال صحیح نہیں دی کیونکہ ہائی کورٹ کا فیصلہ appealable ہوتا ہے۔

سید اقبال حیدر: جناب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ دو ہائی کورٹ ہیں۔ جیسے کی ایک ہائی کورٹ سندھ ہے اور ایک ہائی کورٹ لاہور ہے۔The two judges can pass different orders.

جناب چیئرمین: جس طرح ہم نہیں چاہیں گے کہ ہمارے ہاؤس کے معاملے میں نیشنل اسمبلی کی کوئی interference ہو نیشنل اسمبلی ہمارے ہاؤس کے بارے میں مداخلت کرے اسی طرح میں نہیں چاہوں گا کہ میں نیشنل اسمبلی کے معاملے میں کوئی مداخلت کروں۔

(مداخلت)

سید اقبال حیدر: جناب والا، اس ہاؤس میں وہ شخصیت بیٹھی ہوئی ہے آپ اسے کہہ سکتے ہیں کہ آئین کے مطابق آپ نے اپنے استعفے سے انکار نہیں کیا ہے اس لئے آپ اس ہاؤس میں نہیں بیٹھ سکتے

جناب چیئرمین: طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب چیئرمین ایک تو آپ کے سوال کا جواب دینا چاہتا ہوں کہ آپ نے فرمایا ہے کہ سپیکر نے ایک Judgement دے دی ہے۔ دیکھیں۔ اسی ہاؤس میں ایک سوال اٹھا کہ یحییٰ بختیار، صاحب اٹارنی جنرل نہیں ہیں کیونکہ یہ

وہ requirement fulfil نہیں کرتے جو ایک سپریم کورٹ کے جج کی ہونی چاہیں، ٹھیک، اب سپیکر نیشنل اسمبلی کی Judgement یا observation اس سے مختلف ہے۔۔

جناب چیئرمین: نہیں اس پر انہوں نے کوئی فیصلہ نہیں دیا۔

جناب محمد طارق چوہدری: میری عرض سنیے۔ اس کے بعد بطور اٹارنی جنرل کے یحییٰ بختیار صاحب سینٹ میں کبھی نہیں آئے جب کہ وہ نیشنل اسمبلی میں بیٹھتے رہے ایک بات تو یہ ہے دوسری چیز یہ ہے کہ حکومت اس بات کا جواب دے کہ یہ observation جو سپیکر کی ہے اور اس کو آپ touch نہیں کرنا چاہتے، avoid کر رہے ہیں، اس کے بارے میں President کی کیا observation ہے اور کیا President نے اس کے بارے میں جو خط لکھا اور یا ان سے بات کی وہ کیا ہے اور کیا اس کے حوالے سے اور اس reference کو بھی آپ اسی طرح aviod کرنا چاہیں گے اور آپ دونوں میں سے کس کی observation کو اہمیت دیں گے؟ یہ بجائے خود ایک بڑا ٹیڑھا سوال ہے کیونکہ ہمارا ہاؤس اپنے طور پر ایک مختلف فیصلہ کر چکا ہے، اس ہاؤس سے لہذا اس کو مثال نہیں بنایا جا سکتا یہ دو چیزیں ہیں، یہ دو سوال میں نے آپ کے سامنے رکھے ان دونوں پر مجھے آپ کی رائے چاہیئے۔

جناب چیئرمین : اس وقت سوال یہ اٹھا تھا کہ وہ ممبر نیشنل اسمبلی کی حیثیت سے اٹارنی جنرل نہیں تھے وہ independently اٹارنی جنرل تھے اور اٹارنی جنرل ہمارے رولز کے مطابق اور آئین کے مطابق سینٹ میں پیش ہو سکتا ہے یہ سوال تھا جس کا direct nexus تھا ہمارے پروسیجر کے ساتھ اس وقت جو سوال اٹھا ہے وہ یہ ہے کہ اسلام نبی صاحب ممبر نیشنل اسمبلی نہیں رہے اور چونکہ ممبر اسمبلی نہیں رہے لہٰذا وہ وزیر نہیں رہے اس لئے وہ سینٹ میں پیش یا حاضر نہیں ہو سکتے۔ تو جو بنیاد ہے اس سارے مسئلے کی کہ اسلام نبی صاحب ممبر نیشنل اسمبلی نہیں رہے اور اس کی وجہ یہ کہی جاتی ہے کہ انہوں نے استعفیٰ دے دیا ہے اب استعفےٰ کو قبول کرنا یا اسے غیر موثر قرار دینا، یہ سپیکر صاحب نے کر دیا ہے انہوں نے یہ کہا ہے جہاں تک میری اطلاع ہے کہ مجھے اسلام نبی صاحب نے اطلاع دی

ہے کہ یہ جو استعفیٰ مجھے پہلے دیا تھا وہ under coercion and pressure تھا اور اس پر Judgements بھی موجود ہیں۔ اگر کوئی چیز under pressure and coercion کی جاتی ہے تو غیر موثر ہو جاتی ہے، تو وہ فیصلہ انہوں نے صحیح کیا یا غلط کیا ہے مجھے اس کا اختیار نہیں ہے کہ میں اس پر نظر ثانی کروں یہ سپیکر کا معاملہ ہے۔ جی۔ گچکی صاحب۔

جناب منظور احمد گچکی: یہ انہوں نے 2nd resignation دیا جو کہ پریس میں آچکا ہے۔ سیکنڈ استعفیٰ پہ اس نے یہ کہا کہ ابھی اس کو التواء میں رکھا جائے میں باہر جاؤں گا واپس آؤں گا تو پھر میں یہ فیصلہ کروں گا کہ کروں یا نہ کروں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین : اگر ضروری ہوتا تو میں ان سے ضرور پوچھتا.....

سید عبداللہ شاہ: یہ ضروری ہے جناب because we have raised a point before you.

جناب چیئرمین : قانونی چیزیں ہیں اس پہ ضرورت نہیں ہے خواہ مخواہ میں ان کو ایک situation میں ڈالوں کہ ضرور بیان دیں یہ کوئی ضروری نہیں ہے۔ جی۔ جناب لالیکا صاحب۔

FATEHA

میاں عالم علی لالیکا : جناب والا! جب تک ہم زندہ ہیں لڑتے رہیں گے اور بحث و مباحثہ کرتے رہیں گے۔ میں ہاؤس سے درخواست کروں گا کہ ہمارے ساتھی جناب محمد ظریف خان مندوخیل صاحب کے جوان سال صاحبزادے کی فوتیدگی پہ فاتحہ کی درخواست کروں گا۔

جناب چیئرمین : جی فاتحہ پڑھ لیں۔

(فاتحہ پڑھی گئی)

میاں عالم علی لالیکا : اب جناب دوسری گزارش کروں گا کہ ہم بڑی عجیب الجھن میں پڑ گئے ہیں بات بڑی سیدھی سادی ہے۔

PANEL OF PRESIDING OFFICER

جناب چیئرمین : مجھے Penal of presiding officers کا اعلان کر لینے دیں بعد میں بات کر لیں۔

In exercise of powers conferred by Article 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988, I nominate the following in order of precedence to form the panel of Presiding Officers for this session of the Senate:

1. Malik Faridullah Khan, Senator.
2. Mr. Fida Muhammad Khan, Senator.
3. Syed Abdullah Shah.

میاں عالم علی لالیکا : جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ یہ ایک سیدھی سی بات ہے کہ ہم قانون کی interpretation کرنیوالے نہیں ہیں۔ ہم تو صرف قانون بنانے والا ملک کا اہم ترین ادارہ ہیں اگر تو قومی اسمبلی کے سپیکر صاحب نے جناب اسلام نبی صاحب کے استعفیٰ کے بارے میں فیصلہ دے دیا ہے کہ یہ قومی اسمبلی کی رکنیت سے مستعفی ہو چکے ہیں اور اس کا ثبوت میرے فاضل بھائیوں کے پاس موجود ہے تو کسی بحث کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اگر ایسا فیصلہ ان کے پاس موجود نہیں ہے تو یہ قبل از مرگ واویلا ہے۔

جناب چیئرمین : اب جی Question Hour we go to the

سید اقبال حیدر: جناب اس پر رولنگ دے دیں۔

جناب چیئرمین : کس پہ؟

سید اقبال حیدر: یہ جو اسلام نبی صاحب کے بارے میں جو میرا پوائنٹ آف آرڈر تھا۔

جناب چیئرمین : جناب میں نے دے دی ہے ناں رولنگ۔

"The point of order which was raised before me was that according to the honourable Senators Mr. Iqbal Haider, Mr. Tariq Chaudhry, Mr. Manzoor Ahmed Gichki and Hafiz Hussain Ahmed, Mr. Islam Nabi has resigned his membership as a Member of the National Assembly and consequently he ceases to be the member of the National Assembly and he also ceases to be

a Minister, therefore, he is not competent to attend the proceedings of this House. I have heard the arguments presented by the honourable Members, I have also heard Mr. Yahya Bakhtiar and my own ruling on this point is that the question of resignation of a member of the National Assembly is entirely a matter with in the jurisdiction of the Speaker of the National Assembly. This matter went to the Speaker and the Speaker in a detailed ruling has said that subsequent to the resignation the member informed him that the resignation was given under coercion, pressure as threat and, therefore, the Speaker has held that the resignation was ineffective. This ruling of the Speaker is also supported by a judgement of the Superior Court. I have to differ with that ruling nor have the jurisdiction as Chairman Senate to pass a judgement over the ruling of the Speaker or to review the ruling of the Speaker. Just as we would like the Senate to serve as a sovereign body and we would not allow interference by an-other body in the functioning and the procedures of this House, similarly, I would not like to interfere in the functioning and the procedure of the other House which is sovereign itself and that is the National Assembly of Pakistan. In these circumstances, after going through all the arguments, I have come to the conclusion that the point of order raised, is not in order and therefore, it is ruled out".

(Thumping of Desks)

Mr. Chairman : Thank you, Syed Abdullah Shah on point of order.

Syed Abdullah Shah : Sir, as you have said in your ruling that the honourable Minister told the Speaker that his resignation was obtained by coersion so, has he filed any FIR or complaint against the person?

(Interruption)

جناب چیئرمین : اس کا سوال پوچھ لیں ناں۔

Syed Abdullah Shah : Sir, here is the serious allegation that the Ministers and MNAs are being coerced to resign. Did he file any complaint?

جناب چیئرمین : دیکھیں ناں سوال پوچھ رہے ہیں ناں

Syed Abdullah Shah : Did he file any complaint?

جناب چیئرمین : نہیں نہیں آپ سوال پوچھ رہے ہیں کہ پوائنٹ آف آرڈر ریز کر رہے ہیں۔

سید عبداللہ شاہ : میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ آپ ان سے پوچھیں تو سہی کہ.....

(مداخلت)

جناب چیئرمین : جنرل سعید قادر صاحب، سعید قادر صاحب۔

Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir : This House has a tradition that after the Chairman has given his ruling, the subject matter is not to be raised. I think, it is very unfair on the part of our Members.

جناب چیئرمین : نہیں آج پہلا دن ہے ناں تو تھوڑی روایت بھول جاتے ہیں۔ آہستہ آہستہ سیکھ جائیں گے۔ جی جناب طارق صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین! پچھلے دنوں اخبار میں ایک خبر تھی کہ میرے ایک فاضل دوست چوہدری اسد الرحمٰن کو فیڈرل لینڈ کمیشن کا چیئرمین بنادیا گیا ہے۔ میں ان کو مبارکباد بھی دیتا ہوں اور یہ رولنگ بھی چاہتا ہوں کہ کیا فیڈرل لینڈ کمیشن کا چیئرمین منسٹر ہو سکتا ہے؟

جناب چیئرمین : دیکھیں، again اس پر بحث کی ضرورت ہے۔ پہلے شیخ رشید صاحب بھی رہ چکے ہیں وہ منسٹر تھے آپ کو یاد ہوگا پیپلز پارٹی کے زمانے میں وہ بھی رہ چکے ہیں تو اس پر بھی بحث کی ضرورت ہے۔ اگر آپ چاہیں تو بحث بعد میں کر لیں گے کیوں کرنا چاہتے ہیں؟

جناب محمد طارق چوہدری : میں تو صرف آپ کی رولنگ چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین: رولنگ تو سن کر کریں گے ناں پوری بات سن کر قانون دیکھ کر پھر رولنگ دے دیں گے۔ وہ معاملہ تو اخبارات میں آ گیا تھا انہوں نے چھپائے رکھا ہے اخبارات میں نہیں آیا۔

سید اقبال حیدر : یہ تو قبضہ گروپ ہے قبضہ گروپ۔ پورے پاکستان پر انہوں نے قبضہ کر رکھا ہے۔

(مداخلت)

جناب محمد طارق چوہدری : پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: جی۔ جناب طارق صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری : جناب چیئرمین! اب میں آپ کی توجہ ایک اہم آئینی مسئلے کی طرف لیجانا چاہارہا ہوں جس پر مجھے آپ کی تفصیلی رولنگ بھی چاہیئے ہو گی اور وہ مسئلہ یہ ہے کہ جس کے آپ بھی گواہ ہیں اور ہم میں سے بہت سے اس کے کسی نہ کسی طرح حصہ دار ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ آئین کے آرٹیکل 54 (3) کے تحت میں اور میرے بہت سے ساتھیوں نے 301 ساتھیوں نے ایک requisition پہ دستخط کئے۔ وہ requisition، اس کے دونوں پہلو ہیں ایک آئینی اور دوسرا سیاسی۔ جب اس requisition پر دستخط ہو گئے تو جناب چیئرمین، میں آپ کے پاس حاضر ہوا اور یہ درخواست کی کہ ہم ہاؤس کو بلانا چاہتے ہیں requisition کے ذریعے، تو سہولت کے مطابق کون سی تاریخ بہتر رہے گی۔ اور اسی طرح باقی دوستوں سے بھی وقتاً فوقتاً رابطہ کیا گیا آپ نے مجھے کہا کہ یا تو آپ مجھے ابھی دے دیں تاکہ ہم پہلی یا دو کو سینٹ کو بلالیں اور میرا کچھ پاکستان سے باہر جانے کا بھی پروگرام ہے تو وہ بھی disturb نہیں ہو گا اور دس گیارہ تاریخ کو ہم ہاؤس ایڈجرن کر دیں گے اور prorogue کر دیں گے۔ اور اتنے دن آپ سینٹ چلالیں۔

میں نے آپ سے عرض کیا ہے کہ چونکہ ہمارا ایجنڈا طویل ہے لہٰذا یہ ایک ہفتے میں ختم نہیں ہو سکے گا ہم آپ کی سہولت کو مد نظر رکھتے ہوئے، کیونکہ ہم چاہیں گے کہ یہ ایجنڈا آپ کی چیئرمین شپ اور آپ کی قیادت کے دوران ہی انجام پذیر ہو۔ لہٰذا میں نے یہ چیز پیش نظر رکھتے ہوئے وہ requisition ۱۹ تاریخ تک اٹھائے رکھی، اس عرصے میں یہ بات میرے علم میں آئی کہ حکومت خود ہاؤس بلانا چاہتی ہے کیونکہ اس کے سامنے کچھ بل

ہیں جو اگر ۱۶ تاریخ تک ہاؤس بلایا نہ گیا، تو lapse ہو جائیں گے اس پر میں نے یہ کہا کہ اگر حکومت ایوان بلانا چاہتی ہے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے اور کئی دن تک اس کا بھی میں نے انتظار کیا، ۰۹ تاریخ کو میں آپ کے پاس حاضر ہوا سیکرٹری صاحب کے پاس حاضر ہوا اور ہم دونوں نے requisition آپ کو دے دیا۔ آپ سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حکومت ہاؤس بلانا چاہتی ہے تو میں نے یہ عرض کیا کہ اگر حکومت ہاؤس بلانا چاہتی ہے تو requisition ہم آپ کے حوالے کرتے ہیں۔ آپ فوری طور پر کوئی فیصلہ کرنے کے بجائے، حکومت کے ساتھ consult کر لیں۔ جو تاریخ انہیں اور آپ کو suit کرتی ہے آپ اپنی اور حکومت کی سہولت کے مطابق وہ تاریخ مقرر کر لیں اور اس میں ہمارا کوئی اصرار نہیں ہے کہ آپ فوری طور پر ان کو consult کئے بغیر کوئی تاریخ رکھیں۔ حالانکہ ضروری نہیں ہے کہ آپ انہیں requisition consult کے بعد کریں۔ لہذا میری موجودگی میں ہی آپ کی بات ہوئی اور اس وقت تک انہوں نے ہاؤس summon نہیں کیا تھا۔ لہذا ہم نے requisition آپ کے سپرد کر دی اور میں چلا گیا۔ اس کے بعد شام کو یہ اعلان ہو گیا کہ حکومت کی طرف سے ہاؤس summon کر دیا گیا ہے۔ اس وقت جب requisition آپ کے پاس pending تھا۔ تو آئین میں بظاہر کوئی ایسی دفعہ موجود نہیں ہے کہ جب requisition آپ کے پاس آئے گی تو حکومت ہاؤس summon نہیں کر سکے گی یعنی اس بارے میں کوئی provision موجود نہیں ہے۔ لیکن اس کے برعکس ایسی provision موجود نہیں ہے کہ اس کے باوجود حکومت ہاؤس summon کرے گی۔ دونوں جگہوں پر خاموش ہے۔ مطلب یہ ہے کہ خاص طور پر پارلیمنٹ کی practices، دنیا میں کہیں بھی اسکی کوئی نظیر کم ہی ملتی ہے، میرا نہیں خیال ہے کہ دنیا میں کہیں یہ تماشا ہوتا ہو گا کہ اگر ممبروں کی مرضی سے ہاؤس کو بلا لیا جائے تو حکومت ضرور ہی اس میں کوئی نہ کوئی شرارت کرے گی اور اپنا ہاؤس summon کرے گی۔ اس وجہ سے دنیا میں کہیں اس کی کوئی خاص روایت یا کوئی نشان نہیں ملتا۔ اب سوال یہ ہے کہ جب ہم نے ہاؤس کی requisition کے لئے درخواست

دے دی اور اس کے بعد آپ کے پاس بھی، حکومت کے پاس بھی یہ choice موجود تھی کہ ان کی سہولت کے مطابق ہاؤس کو بلا لیا جاتا۔ اس کے باوجود ہاؤس requisition کرنے کے باوجود انہوں نے ہاؤس کو summon کیا، اور یوں ہاؤس summon ہو گیا۔ پھر یہ ہے کہ اس پر لازمی طور پر آپ نے بھی کوئی نہ کوئی آرڈر کیا ہوگا، جو میں نے ریکوزیشن آپ کے سپرد کی تو یہ جو overlaping ہوئی ہے اس کے بارے میں میں تفصیل سے آپ کی ruling چاہتا ہوں، کیونکہ جناب چیئرمین آپ کی حیثیت ہمارے اور ان کے درمیان ایک جج کی سی ہے اور ہم نے کچھ روایات بھی قائم کرنی ہیں۔ اور جہاں پر کوئی ابہام ہے اس ابہام کو بھی دور کرنا ہے اور ہم نے اے آر کار نیلیس اور ایم آر کیانی کی روایت کو لے کر چلنا ہے۔ ہمیں کوئی نیا نظریہ ضرورت ایجاد نہیں کرنا۔ آپ کی رولنگ ہماری پارلیمانی روایت، ہمارے مستقبل کیلئے ایک پارلیمنٹ کے لئے ایک روایت قائم کرے گی۔ ایک مثال بنے گی۔ لہٰذا کسی قسم کی لاگ لپٹ رکھے بغیر، کسی کو شرم یا حیا سے بچانے کی نیت کیے بغیر، جو فی الواقع ہونا چاہئیے۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ اس سے پہلے کہ ہم آگے جائیں۔ further proceed کریں اس پر آپ کی مجھے رولنگ درکار ہے۔

جناب چیئرمین : طارق صاحب یہ ایک بہت اہم قانونی مسئلہ ہے۔ اور آپ نے بالکل صحیح بیان کیا ہے آپ کی requisition مجھے ۹ تاریخ کو ملی تھی اور requisition پر کوئی ۲۶ ممبرز کے دستخط تھے زیادہ تھے لیکن کچھ لوگ ایسے تھے جنہوں نے مجھے پہلے اطلاع دی تھی کہ ہمارے دستخط کو کالعدم سمجھا جائے تو بہر حال تعداد ۲۶ تھی اور ۲۲ کی ضرورت ہوتی ہے آئین کے مطابق میری ذمہ داری ہے کہ جب مجھے اس قسم کی requisition ملے جو صحیح ہو اور درست ہو اور وہ صحیح اور درست تھی تو ۱۴ دن کے اندر اجلاس طلب کرنا میرا فرض ہے لیکن روایت یہ ہے کہ جب اس قسم کی ریکوزیشن ملتی ہے تو تاریخ کا تعین کرنے کے لئے ہم صلاح مشورہ ضرور کرتے ہیں حکومت سے بھی کرتے ہیں ممبران سے بھی کرتے ہیں کہ کون سی تاریخ convenient رہے گی میرا خیال تھا کہ ۲۰، ۲۱، ۲۲ ان دنوں میں آپکا

اجلاس طلب کر لیا جائے اور اسی دن صدر پاکستان نے حکومت کی سفارش یا advice پر اجلاس آج کے لئے طلب کر لیا یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور اس پر ہماری پہلی کوئی نظیر موجود نہیں۔ نہ ہی نیشنل اسمبلی کی کوئی ہے تو اس پر اگر سارے حضرات تیار ہیں تو میں آج اس پر بحث سن لیتا ہوں لیکن میں چاہوں گا کہ اس پر اٹارنی جنرل کو بھی سنا جائے تاکہ رولنگ دی جائے مجھے کوئی اور بھی نظیر ایسی نہیں مل رہی کہ ان حالات میں کیا کرنا چاہیئے؟ ایک لحاظ سے آپ کی یہ میں off hand کہہ رہا ہوں، رولنگ کوئی نہیں دے رہا، لیکن مجھے جو اس کے قانونی پہلو نظر آرہے ہیں وہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ ایک طرف تو وہ میرے پاس pending پڑی ہوئی ہے یعنی آپ کی ریکوزیشن آئی ہے اور مجھے اجلاس چودہ دن کے اندر طلب کرنا ہے اور وہ چودہ دن ابھی نہیں گزرے۔ ایک لحاظ سے وہ pending پڑی ہوئی ہے اور میں ۱۴ کے بعد ۲۳ تک کسی بھی وقت آپ کی requisition پر اجلاس طلب کر سکتا ہوں۔ لیکن صدر صاحب نے جو اجلاس طلب کر لیا ہے وہ اگر prorogue نہیں ہوتا تو میں کیسے ایک نیا اجلاس طلب کروں وہ تو چل رہا ہے اگر وہ پہلے prorogue کر دیتے ہیں یعنی ۲۳ سے پہلے کر دیتے ہیں تو پھر بھی میرے پاس option ہوگا کہ میں اس دن بلا لوں، لیکن یہ مسئلہ خاصا پیچیدہ ہے۔ اگر آپ چاہیں تو اس پر کوئی دن fix کر کے، اٹارنی جنرل صاحب کو بھی بلا لیتے ہیں اور اس پر تفصیلی بحث سن کر میں رولنگ دوں گا۔ یہ زیادہ بہتر ہوگا تو آپ جس دن کہیں۔ یحییٰ بختیار صاحب بھی میرے خیال میں اس میں ہماری کافی مدد کر سکتے ہیں۔ یہاں پر وکلاء بھی ہیں۔ آپ سیاسی لوگ بھی ہیں۔ تو یہ ایک نئی چیز ہے۔ میرے تجربے میں کم از کم پچھلے چھ سات سال میں اس قسم کا مسئلہ پیش نہیں آیا۔ کیونکہ اکثر یہی ہوتا رہا ہے کہ اگر حکومت نے اظہار کیا کہ وہ طلب کرنا چاہتے ہیں تو ممبران نے واپس لے لی۔ جب حکومت نے نہیں کرنا چاہا تو ممبران نے دے دی لیکن یہ کہ یہ مجھے اس دن ملی ہے اور اس دن حکومت نے طلب کر لیا ہے اس قسم کی کوئی چیز کم از کم پچھلے چھ سات سال میں مجھے نہیں ملی نہ میرے تجربے میں آئی تو میرے خیال میں اگر آپ اس سے اتفاق

کریں۔ کوئی دن fix کر کے، یحییٰ بختیار صاحب بھی اسے دیکھ لیں۔ اقبال حیدر صاحب دیکھ لیں۔ عبداللہ شاہ صاحب دیکھ لیں فضل آغا صاحب، ان کا تجربہ ہے۔ ہمارے ڈپٹی چیئرمین ہیں، وکلاء ہیں، وزراء ہیں۔

سید اقبال حیدر: ۱۸ اگست کو رکھ لیں۔

جناب چیئرمین : جو آپ چاہیں۔ چونکہ طارق چوہدری صاحب کی requisition تھی۔ جس دن آپ اسے مناسب سمجھیں اس دن ہم اسے رکھ کر، اسے سن کر کوئی فیصلہ کر لیں گے۔ ۱۸ ٹھیک ہے؟

Syed Abdullah Shah : Point of order, Sir.

Mr. Chairman : O.K.! Ch. Amir Hussain Sahib through you, please, the Attorney General should be directed to appear before this House on the 18th so that he can also give us the legal position on this question. Yes, Abdullah Shah Sahib.

Syed Abdullah Shah : Sir, I will draw your kind attention that we have been given the dates of sitting of this particular session and it is strange that we are made to sit again on Saturday the 15th of August, why on Saturday? And then you are not working on Mondays and Wednesdays and other days.

جناب چیئرمین : وہ تو یہ ہے ناں ان کی جو urgency ہے، کچھ قانون ہیں جو lapse کر رہے ہیں۔ لیکن اگر آپ اس کے بعد بیٹھنا چاہیں تو میرے خیال میں اگر ایوان کا consensus ہو تو اس کے مطابق چلیں گے۔

Syed Abdullah Shah : We can sit on Sunday which is a Private Members Day.

جناب چیئرمین : وہ ہم یہ کریں گے کہ اس وقت تو ان کی urgency ہے۔ اس کے بعد جو آپ کا consensus ہو گا whatever the Members decide we will go according to that.

Syed Abdullah Shah : Sir, I am saying this is very strange that we are being made to work on Saturday, why?

Mr. Chairman : I think the reason is that there are two laws.

Syed Abdullah Shah : It is their fault, we should not suffer for that.

جناب چیئرمین : نہیں suffer تو نہیں ہے، کام کرنا ہے آپ نے۔

Syed Abdullah Shah : 2 working days are made holidays and holidays are converted into working days to suit their convenience.

QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین : اچھا! اب Question Hour کا کیا ہوگا وہ گھنٹہ تو اسی میں چلا گیا۔

سید عبداللہ شاہ : وہ تو کریں گے لیکن یہ عجیب سا پروگرام دیا ہے انہوں نے۔ وقفہ سوالات تو ابھی شروع نہیں ہوئے۔

جناب چیئرمین : شروع ہو جاتا ہے لیکن میرا خیال ہے کہ روایت یہی ہے کہ Question Hour کا ٹائم کوئی اور چیز ہو تو وہ consume کر لیتی ہے، چلیں Question Hour کر لیتے ہیں جلدی جلدی۔ جو بھی سوالات ہیں۔ Question No. 1, Syed Abdullah Shah Sahib.

1. *__Syed Abdullah Shah :__ Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) whether it is a fact that Indus Highway between Kotri and Dadu is in a dilapidated condition; and

(b) the funds allocated for the repairs of the said portion of Indus Highway during the current financial year?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : (a) The road section between Kotri and Dadu is generally in satisfactory condition.

(b) Funds allocated for the repair of the said portion of Indus Highway during the current financial year are Rs. 21.39 million.

Mr. Chairman : Supplementary question?

Syed Abdullah Shah : Sir, will the honourable Minister be pleased to state that on what basis he has said that road is perfact and in working order

when I have said that it is totally dilapidated. Of course, now it is under floods, it is now under water but the answer is entirely worng he may kindly tell us that who has informed him about it?

Mr. Chairman : Yes, Minister for Communications.

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب میں ان سے اتفاق کرتا ہوں Indus Highway بالکل ٹھیک حالت میں تو نہیں ہے لیکن اس کو صحیح رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے جس حصے کی یہ بات کر رہے ہیں اس پر ساڑھے سات ملین patch work اور maintenance پر لگ چکا ہے اور اس سال تقریباً کوئی ۱۴ ملین اور لگے گا چونکہ Indus Highway دوبارہ بن رہا ہے اور اس کو ۱۴ packages میں تقسیم کیا گیا ہے اور جاپان کی اقتصادی امداد سے اس کو دوبارہ بنایا جارہا ہے تو اس وقت تک اس پر صرف patch work اس حد تک کیا گیا ہے کہ اس پر ٹریفک نہ رکے وہ جاری رہے اور جوں جوں اس کے contracts award ہوتے جائیں گے اس پر کام بڑھے گا تو یہ پوری کی پوری Indus Highway جو ہے یہ re-construct ہو رہی ہے۔ جہاں تک پانی کا تعلق ہے یہ سوال تو آپ نے پہلے کیا تھا پانی تو پچھلے ایک ہفتے سے ہے اس سے یقیناً نقصان ہو گا۔

سید عبداللہ شاہ : وہ تو صحیح ہے لیکن سڑک تو پہلے سے ہی خراب تھی جس نے آپ کو اطلاع دی ہے وہ غلط ہے it is totally broken سارے جو culverts ہیں bridges ہیں وہ ٹوٹی ہوئی ہیں it is very difficult even to pass اب تو خیر پانی ہے وہ الگ بات ہے اسی لئے میں نے کہا تھا کہ آپ کو صحیح اطلاع نہیں دی گئی ہے۔

Mr. Muhammad Azam Khan : I agree with you and I have already stated that we are trying to keep it open for traffic by doing the patch work as we are going for the reconstruction of the entire Indus Highway.

حافظ حسین احمد : جناب والا! جواب میں کہا گیا ہے کہ عموماً اطمینان بخش حالت میں ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ غیر اطمینان حالت بھی ہوتی ہے اس کا تناسب کیا ہے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا! میں سوال پوری طرح نہیں سمجھ سکا ایک بار دوہرا دیں۔

حافظ حسین احمد : جناب والا! جواب میں کہا گیا ہے کہ عموماً کوٹری اور دادو کے درمیان سڑک کا حصہ اطمینان بخش حالت میں ہوتا ہے، جیسے کسی مریض کے متعلق کہا ہے میں کہہ رہا ہوں کہ عموماً اطمینان بخش اور عموماً غیر اطمینان بخش میں تناسب کتنا ہے؟ اطمینان بخش زیادہ ہے یا غیر اطمینان بخش زیادہ ہے اور وہ کتنا ہے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں پہلے ہی گزارش کر چکا ہوں کہ اطمینان بخش اسے کہتے ہیں جس پر ٹریفک رواں دواں رہے۔

جناب چیئرمین: تناسب کا کوئی میٹر ہے کہ جس سے پتہ کیا جائے کہ کتنا.....

جناب محمد اعظم خان ہوتی : پوری تناسب بتادیں کوئی الفاظ یہی تلاش کریں۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال، ڈاکٹر ریحان. Q. No. 2.

2. *__Dr. Muhammad Rehan :__ Will the Minister for Education be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to reduce syllabus of classes upto the Primary level in the Federal Government Educational Institutions?

Syed Fakhar Imam : Yes. Ministry of Education has introduced integrated curriculum, taxbooks and instructional materials for classes I-III (Lower Primary) as from 1985 in Federal Government Educational Institutions and Model schools in Islamabad and Federal Capital Territory. The objectives and contents of Science, Social Studies and Islamiyat have been integrated in the language books.

2. The privately managed schools and Model Institutions tend to prescribe additional enriched material as well.

جناب شہزاد گل : جواب میں کہا گیا ہے کہ پرائمری کی کلاس اول تا سوم (لوہر پرائمری) کے لئے تو کیا جارہا ہے لیکن پرائمری کی جو کلاسز چہارم اور پنجم ہیں ان کے لئے کیا ہے یعنی پوری پرائمری کے لئے کیوں نہیں ہے؟

سید فخر امام: جناب والا! theocratic curriculum کا جو طریقہ کار ہے بہت کم ممالک میں اس کو اپنایا گیا ہے ملائیشیا میں بھی یہ طریقہ کار اختیار کیا گیا تھا چند سال پہلے ہم نے پاکستان میں بھی یہ طریقہ کار اپنایا ہے ابھی تک کلاسز اول، دوم، سوم تک اسکو evaluate کیا جارہا ہے اور جب دیکھا گیا کہ اس سے بہتری ہوتی ہے تو اس کو پھر آگے بھی بڑھانے کی کوشش کی جائے گی پہلے اس کی evaluation نہیں کی اس سال اس کی evaluation ہم شروع کررہے ہیں۔

جناب شہزاد گل: جناب والا! انہوں نے کہا ہے کہ یہ اسلام آباد وفاقی حکومت کے علاقے کے لئے ہے سوال سارے وفاقی حکومت کے سکولوں کے متعلق پوچھا گیا تھا اور انہوں نے صرف اسلام آباد اور Federal Capital Territory کے متعلق جواب دیا ہے باقی جو سکول ہیں وفاقی حکومت کے زیر انتظام ان کے سلیبس کے متعلق کیا ہے؟

سید فخر امام: جناب والا جواب میں کہا گیا ہے as from 1985 in Federal Government Educational Institutions and Model schools in Islamabad and Federal Capital Territory. تو میرے خیال میں جتنے بھی Federal Government کے سکول ہیں اس میں یہ کیا گیا ہے اور بیشتر اب جو صوبائی ہیں سوال میں اس کا جواب تو یہاں نہیں دیا گیا لیکن ان میں بھی اپنایا جارہا ہے۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! یہ جواب کے دوسرے حصے میں انہوں نے فرمایا ہے۔

"The privately managed schools and Model Institutions tend to prescribe additional enriched material as well."

یہ additional enroched material سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاید ان کا جو نصاب ہے وہ لازمی ہے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا پاکستان میں ایسے سکولز اور ایسے chains نہیں ہیں جن کا نصاب مکمل طور پر حکومت کے regulation سے آزاد ہے، اور وہ باہر سے اپنی مرضی کے مطابق جس میں اسلام آباد یا پاکستان کے نام کی کوئی چیز نہیں ہوتی، کیا ایسی chains نہیں ہیں۔

سید فخر امام : جناب چیئرمین! اگر ایسی کوئی chains ہیں تو آپ ہمیں ان کے نصاب کی نشاندہی کریں اور ہم اس پر ضرور غور کریں گے۔

قاضی حسین احمد : میرا سوال یہ ہے کہ کیا وہ chains ہیں یا نہیں ہیں؟ آپ نے تو 'additional enriched' کی بات کی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایسے chains بھی موجود ہیں جن کا curriculum مکمل طور پر باہر سے آتا ہے اور وہاں کے بچے اسلام یا پاکستان کے بارے میں کچھ نہیں جانتے میں یہ آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ایسا ہے یا نہیں ہے؟

سید فخر امام : جہاں تک میری اطلاع ہے ان کو پاکستان سٹڈیز اور اسلامک سٹڈیز کا curriculum جو ہے وہ پڑھایا جاتا ہے۔

جناب شہزاد گل : جناب والا! میں یہی سوال پوچھ رہا تھا۔ قاضی صاحب نے اچھا کیا کہ انہوں نے پوچھا لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ جو enriched material ہے وہ حکومت کی مرضی سے پڑھاتے ہیں یا وہ اپنے طور پر پڑھاتے چلے جا رہے ہیں حکومت کی کیا ذمہ داری ہے کہ وہ وہاں پڑھاتے ہیں۔

سید فخر امام : جناب یہ ہمارا جو نصاب ہوتا ہے اس میں minimum پیش کیا جاتا ہے اگر وہ اس سے کوئی اضافی چیز پڑھاتے ہیں یہ value judgement کی بات ہے ہو سکتا ہے کہ ایک شخص ایک چیز کو بہتر سمجھتا ہو دوسرا شخص نہ سمجھتا ہو اگر اس میں کوئی ایسی چیز، جیسے میں نے گزارش کی ہے، کہ اگر کوئی نشاندہی کریں جو آپ سمجھتے ہیں کہ اس میں کوئی غیر اسلامی بات ہے، جو پاکستان کے مفاد میں نہیں، تو ہم اس پر غور کرنے کے لئے تیار ہیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ، اگلا سوال۔ Q. No. 3.

3. *__Dr. Muhammad Rehan__ : Will the Minister for Education be pleased to state the time by which the Education policy of the Government will be announced?

__Syed Fakhar Imam__ : The Policy was approved in principle by the Cabinet in its meeting held on 9th June, 1992. The data used in the Policy is

being up-dated as suggested by the Cabinet. The Policy will be announced shortly after approval of the Prime Minister.

جناب شہزاد گل : جناب والا! کابینہ نے ۹ جون کو policy کی منظوری دے دی ہے اب دو مہینے سے زیادہ کا عرصہ گزر گیا ہے پتہ نہیں وزیر اعظم صاحب اس کی منظوری کب دیتے ہیں اور اس کا اعلان کب ہو گا اس کی ذرہ وزیر صاحب وضاحت کریں۔

سید فخر امام: جناب اس کی وضاحت یہ ہے کہ ہمارے جو figure work statistic تھے اس پالیسی میں ہم پہلی مرتبہ اعداد و شمار مکمل طور پر اگلے ۱۰ سال کے لئے پیش کر رہے ہیں اس میں کچھ تھوڑے سے جو صوبائی حکومتوں کے figures تھے اور ہماری وفاقی حکومت کے جو figures تھے ان میں تھوڑا سا فرق تھا۔ اس کو ہم نے reconcile کرنے کے لئے پوری exercise کی ہے اور صوبے کی Planning Department and Finance Department کے ساتھ بیٹھ کر Education Department کے ساتھ ہم وہ figures reconcile کر رہے ہیں اور وہ تقریباً reconcile ہو گئے ہیں جیسے ہی وہ reconcile ہوتے ہیں ہم جناب وزیر اعظم صاحب کے سامنے پیش کر کے پھر آپ کے سامنے وہ پیش کر دیں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! اگلا سوال حاجی ملک فرید اللہ خان صاحب۔ Q. No. 4.

4. *__Haji Malik Faridullah Khan__ : Will the Minister for Communications be pleased to refer to Senate Starred Question No. 138, replied on 2-7-1992 and state the progress so far made in the installation of the said PCO?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : The PCO is not technically feasible from Haripur exchange, but is feasible from Taxila through reflected signal (Noisy). It will be installed by September 92 if the Honourable Senator gives his willingness to accept this PCO under noisy condition.

حاجی ملک فرید اللہ خان: جناب والا! گزارش یہ ہے کہ اگر P.C.O. ستمبر تک بھی لگ جائے اور وزیر صاحب اس کی یقین دہانی کرا دیں تو ٹھیک بات ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! معزز رکن جواب چاہتے ہیں یا یقین دہانی چاہتے ہیں۔ اصل میں جناب جہاں پر محترم سینیٹر نے تجویز کیا تھا کہ ہری پور ایکسچینج سے چونکہ V.H. Radio operative links ہوتے ہیں اور فاصلے کا اور terrain کا اس پر اثر پڑتا ہے کہ اگر پہاڑی علاقہ ہو تو پھر وہاں disturbance آتی ہیں، تو وہ آواز نہیں سنائی دیتی اور پھر ٹیلیفون کا بنیادی مقصد جو ہے وہ فیل ہو جاتا ہے اس لئے اگر وہ ہری پور ایکسچینج سے noisy ہے ہری پور یا ٹیکسلا سے ممکن ہوگا، وہ بھی reflector کے ذریعے، لیکن ٹیکسلا ایکسچینج چونکہ overloaded ہے جونہی اس کی expansion ہوتی ہے جو ستمبر تک متوقع ہے تو اس صورت میں پھر ٹیکسلا سے link کیا جا سکتا ہے اس کو۔

جناب چیئرمین: سوال نمبر ۵۔

5. ***Raja Muhammad Afzal Khan :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) whether it is a fact that PCOs number 416211, 416516, 424592, 425440, 427071, 559630 and 558466 were installed at different places of Rawalpindi and dues of Rs. 9,35,961, 6,51,373, 8,95,353, 23,45,793, 11,95,276, 2,36,805 and 6,96,784, respectively are outstanding against them;

(b) whether it is also a fact that a number of officers and officials of the PTC were involved for installation of the aforesaid PCOs without observing prescribed procedure;

(c) whether it is also a fact that the cases of the aforesaid PCOs were sent to the FIA for investigation; and

(d) if so, the steps taken by the government to recover the outstanding dues and the action, if any, taken against the officers and officials responsible in installation of said PCOs?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : (a) (i) No. These were installed as private telephones at different places.

(ii) The outstanding dues indicated are correct.

(b) No.

(c) No.

(d) Telephones in Questions have been closed. Case have also been filed in civil court for recovery of outstanding amounts.

جناب چیئرمین : سپلیمنٹری۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! میں وزیر صاحب سے یہ گزارش کرنا چاہوں گا پارٹ بی میں انہوں نے کہا ہے کہ اس میں پی ٹی سی کے آفیسرز کی involument نہیں ہے۔ جناب میں یہ جاننا چاہوں گا کہ یہ کوئی سات P.C.Os. ہیں اور چھ ملین کے قریب اس کا outstanding amount بنتا ہے جناب جب ایک کسٹمر کا بل نہیں آتا یا پانچ دس ہزار روپے سے exceed کرتا ہے تو اس کا ٹیلی فون کنکشن کاٹ دیا جاتا ہے تو یہ بڑی واضح بات ہے کہ یہ ساٹھ ستر لاکھ کا amount ہے سات پی سی اوز ہیں اور ایک ہی شہر میں ہیں اور یہ چل رہے ہیں تو یہ بڑا واضح ہے کہ اس میں ضرور پی ٹی سی کے official کی involument ہو گی۔ دوسرا انہوں نے (ڈی) میں جو جواب دیا ہے Telephone in question has been closed, case has also been filed in civil court for recovery of outstanding amount جناب والا! گزارش یہ ہے کہ گورنمنٹ کا جو revenue ہوتا ہے اس کو recover کرنے کا ایک طریقہ ہے وہ through arrears of land revenue یا اس کا دوسرا طریقہ ہے اس سے recover کیا جاتا ہے اگر میرا ٹیلی فون کٹ جائے اس اگست ہاؤس کے تمام ممبران تشریف رکھتے ہیں میرا خیال ہے کسی کا بھی بل بڑھ جائے تو اس کو through arrears of land revenue recover کرتے ہیں تو یہ کہتے ہیں کہ ہم civil court میں چلے گئے اس کا مطلب یہ ہے کہ civil court میں اس لئے گئے کہ محکمہ اس سے ساز باز کیے ہوئے ہے اور گورنمنٹ کی یہ recovery کبھی بھی نہیں ہو گی تو کیا وزیر موصوف اس میں یہ بیان فرمائیں گے اس پر یہ کوئی انکوائری کرانا چاہتے ہیں۔ یہ بہت بڑا amount ہے جو embazzle ہو گیا ہے اور پی ٹی سی کے آفیسرز

نے ملکر اس میں embazzlement کی اس پر ہاؤس کی کوئی انکوائری کمیٹی مقرر کرنا چاہتے ہیں یا otherwise اپنے طور پر انکوائری کرانا چاہتے ہیں یا civil court سے ہی اس کا معاملہ طے کریں گے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! جن P.C.Os. کا ذکر کیا گیا ہے یہ پی سی اوز ہیں یہ پرائیویٹ I.S.D. ٹیلی فون تھے اور یہ غیر قانونی طور پر پی سی اوز کے طور پر استعمال کئے جارہے تھے اس کی وجہ سے bills بڑھے اور عموماً I.S.D. ٹیلی فون کو اس طرح استعمال کیا جائے تو مہینے میں ہی لاکھوں روپے کے واجبات آجاتے ہیں جہاں تک اس کا تعلق ہے کہ غیر قانونی طور پر استعمال کیے جارہے تھے F.I.A. نے اپنے طور پر انکوائری شروع کی P.T.C. نے یہ ٹیلی فون recovery کے لئے بند کئے اب P.T.C. کے پاس ماسوائے civil court کے اور کوئی راستہ تو ہوتا نہیں ہے جو قانون کے تحت recovery کے لئے کیا جاتا ہے جہاں تک ان آفیشلز کا تعلق ہے جو اس میں ملوث ہیں یا نہیں ہیں تو F.I.A. کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ البتہ اس وقت ٹیلی فون بند ہیں اور bills کی recovery کے لئے محکمہ civil court میں جاچکا ہے۔

راجہ محمد افضل خان: میں نے یہ دریافت کیا تھا Whether it is also a fact that the case of the aforesaid issues was sent to the FIA for investigation? تو (سی) کا جواب انہوں نے (No) دیا ہے اور یہاں وزیر موصوف فرما رہے ہیں کہ F.I.A. اس کی انکوائری کر رہی ہے۔ آپ کی written statement and written reply اور ہے یہاں ہاؤس میں statement اور ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں گزارش کر چکا ہوں کہ ایف آئی اے اپنے طور پر تحقیقات کر رہی ہے محکمے نے ایف آئی اے سے رجوع نہیں کیا محکمے نے ٹیلی فون بند کئے اور arreas کی ریکوری کے لئے سول کورٹ میں جاچکی ہے جو کہ واحد راستہ ہے اور اس کے سوا کوئی راستہ نہیں ہے۔ F. I. A. اپنی معلومات کی بنیاد پر، اپنے طور پر کر رہی ہے۔

جناب چیئرمین : عبداللہ شاہ صاحب۔

راجہ محمد افضل خان : بات یہ ہے کہ F.I.A. اپنے طور پر کر رہی ہے۔ کیا وزیر صاحب محکمانہ طور پر F.I.A. سے اس کی انکوائری کرانا پسند کریں گے یا نہیں؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! اپنے طور پر وہ تحقیقات نہ کرتی تو ہو سکتا تھا کہ محکمہ اپنے طور پر ایف آئی اے کو approach کرتا لیکن وہ already اپنے طور پر take-up کر چکی ہے تو محکمے کو ضرورت نہیں ہے۔ ان کی رپورٹ کا انتظار ہے۔

جناب چیئرمین : عبداللہ شاہ صاحب۔

سید عبداللہ شاہ: سر میرا supplementary یہ ہے یہاں پر لاکھوں روپے کے arrears غبن ہو گئے پھر جا کر محکمے نے ٹیلی فون بند کیا اور ہماری حالت یہ ہے کہ دو سو روپے پر بھی ٹیلی فون disconnect ہو جاتا ہے، تو کیا وزیر صاحب کوئی ایسا قانون بنانا پسند کریں گے اتنے زیادہ پیسے ہوں تو کاٹ دو ورنہ نہیں۔ کہاں تو آپ دو سو روپے پر کاٹ دیتے ہیں اور یہاں لاکھوں روپے پر جا کر پھر آپ اٹھے ہیں اور پھر ٹیلی فون بند کیے ہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! I.S.D. ٹیلی فون کے bills ایک مہینے میں لاکھوں روپے تک پہنچ جاتے ہیں کیونکہ اور سینز سروسز ہوتی ہیں اور اس پر چارجز بھی زیادہ ہوتے ہیں جہاں تک تعلق اس کے بعد کا ہے تو اب فیصلہ کیا گیا ہے تو I.S.D. ٹیلی فون بند کر دیئے گئے ہیں دوسرا یہ کہ اب I.S.D. ٹیلی فون اس صورت میں ملے گا کہ اگر اس کی سیکورٹی ڈپازٹ جو ہے وہ کم از کم ایک لاکھ روپیہ ہو اور اس کے علاوہ اس کی billing بجائے ایک مہینے کے ۱۵ دن کی ہو گی تا کہ ایک subscriber بل اگر پندرہ دن میں ادا نہ کر سکے تو اس صورت میں ٹیلی فون کاٹا جا سکے۔

Syed Abdullah Shah : Then you can kindly make a category of international telephones and other phones separately. Here, you know, everybody is being taken in the same way.

اس میں آپ کے کرپشن ہوتا ہے۔It is a cabe of corruption.

جس کو چاہتے ہیں وہ کاٹتے ہیں ورنہ نہیں کاٹتے You can control the corruption in this way.

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب!اگر کرپشن ہوتی تو پھر اتنے بل ریکارڈ نہ ہوتے پھر بل آتے ہی نہ اگر بل آرہے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ کرپشن نہیں ہو رہی اور صحیح بلنگ ہو رہی ہے۔

Syed Abdullah Shah : Then I am sure, you would not be able to recover this money.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : That is some thing else whether we can recover of not but we are trying to recover the money.

خواجہ محمد آصف: محترم وزیر صاحب کیا اس کی کوئی explanation یا assurance دینگے کہ یہ ایک ہی مہینے کے بل ہیں اور یہ بل accumulate نہیں ہوئے over two three or four months.

کیونکہ انہوں نے دو دفعہ کہا ہے کہ I.S.D. کے بل ایک مہینے میں بھی لاکھوں تک پہنچ جاتے ہیں تو یہ clarify کر دیں کہ یہ بل ایک ہی مہینے کے ہیں تین مہینے کے ہیں یا چار مہینے یا کتنے مہینے کے ہیں

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! I.S.D. کے P.C.Os جو ہیں ان کے بلز لاکھوں میں چلے جاتے ہیں کیونکہ وہ لوگوں کی سہولت کے لیے ہوتے ہیں اور وہ زیادہ استعمال ہوتے ہیں جہاں تک ایک مہینے کے ہیں یا نہیں تو عموماً بل جو ہے وہ over lap ہو جاتا ہے اس کا procedure ایسے ہوتا ہے کہ جب صارف کو disconnection نوٹس ملتا ہے تو وہ دوسرے مہینے کے بعد جا کر ملتا ہے naturally بلنگ میٹر چلتا رہتا ہے لہٰذا متعلقہ پیسے جو آخر میں جا کر جمع ہوتے ہیں وہ دو سے تین مہینے کے ہوتے ہیں۔

خواجہ محمد آصف: جناب، actually یہ چیز establish کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ یہ deliberately accumulate ہونے دیئے گئے ہیں اور اس میں P.T.C. کے آفیسر

involve تھے اور ان کی connivance سے یہ بلز accumulate ہوئے اس کے بعد یہ ٹیلی فونز جو حقیقت میں P.C.Os نہیں تھے پرائیویٹ ٹیلی فون تھے ان کو disconnect گرادیا گیا یہ جو malafide intention جو ہیں وہ prove کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اور وزیر موصوف کے جواب سے یہ بات کلیئر نہیں ہورہی۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں تو وضاحت کر چکا ہوں جان بوجھ کر بلز نہیں رکتے بلنگ کا سسٹم کچھ ایسا ہے کہ centralized ہیں اور بل ایک exchange سے نکل کر ڈویژنل اور سب ڈویژن آفس سے اور ریجن سے پھر مرکزی ہیڈ کوارٹر میں آتا ہے اور جب صارف تک پہنچتا ہے اور پھر جو disconnection کی شرائط ہیں اس کے لیے دوبارہ بل آتا ہے اس میں وقفہ اتنا ہے کہ اس میں دو سے ڈھائی مہینے لگ جاتے ہیں۔

خواجہ محمد آصف: کیا یہ تمام بلز ہاؤس میں present کیے جاسکتے ہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: اب کوشش کی جارہی ہے یہ fresh notice کی ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: اگر بلز ہیں تو ان کو دے دیں ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: میرا خیال ہے شاید اس وقت وزیر صاحب کے پاس یہ detail نہ ہوں میں تو یہ پوچھنا چاہ رہا ہوں کہ یہ جو ٹیلی فون ہیں یہ کب سے لگے ہوئے ہیں اور ان کا previous ریکارڈ payments کا کیا ہے؟

جناب چیئرمین: وزیر مواصلات۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں آپ سے استدعا کرنے والا تھا، عموماً کچھ طریقہ کا ایسے ہیں کہ جب سوال کوئی پوچھا جاتا ہے تو اس کے جواب کے لئے ۱۰ دن یا ہفتہ دیا جاتا ہے تاکہ معلومات اکٹھی کی جاسکیں لیکن پرسوں شام کو یہ سوالات پہنچے اور کل ہی کہا گیا کہ آج اس کے جوابات دینے ہیں۔ یہ جواب تو میں اپنے روزمرہ کی معمول کی کارروائی کے مطابق دے رہا ہوں اگر موقع دیا جاتا تو میں تفصیل سے جواب اکٹھا کر کے دے سکتا تھا اور

دے سکتا ہوں اگر مجھے موقع دیا جائے۔

جناب چیئرمین : پھر اس کا کیا کیا جائے۔

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : Fresh notice can be given Sir.

جناب چیئرمین : میرا خیال ہے fresh notice کر لیتے ہیں بجائے defer کرنے کے۔یا اس کو کمیٹی میں بھیج دیتے ہیں۔

(مداخلت)

آپ کو جو تشویش ہے میں سمجھ رہا ہوں، آپ کے ذہن میں یہ ہے کہ یہ بل ایک مہینے یا دو مہینے کا نہیں ہے یہ پانچ چھ مہینوں کے جمع ہو رہے ہیں، شاید اس میں محکمانہ غفلت کا کوئی عنصر شامل ہو۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: اگر مجھ سے یہ سوال کیا جاتا کہ کتنے مہینوں سے یا کب سے ٹیلیفون کام کر رہے ہیں تو اس کا جواب آ جاتا، جیسے میں نے گزارش کی ہے کہ میں جتنے سوالات کے جواب دے رہا ہوں یہ پرسوں شام ہم تک پہنچے ہیں۔وقت کم ملا ہے۔

جناب چیئرمین : میں آپ کی دقت سمجھ رہا ہوں لیکن ہاؤس کی جو تشویش ہے وہ یہ ہے کہ ان کے خیال میں یہ بل ایک مہینے یا دو مہینے کے نہیں لگتے ہیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: میں اس کا جواب دے سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین : ''جواب'' کی بات نہیں ہے،اس کو آپ investigate کر لیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جی میں کروں گا اور پھر اس کی روشنی میں جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین : ہو سکتا ہے کہ یہ بل پانچ چھ ماہ کے ہوں اور کسی نے غفلت یا کسی کی involvement کی وجہ سے آنکھیں بند کر لی گئی ہوں کہ ٹھیک ہے جیسے چلتا ہے، چلتا رہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: میں نیف گزارش کی ہے کہ میں باقاعدہ اس کی چھان بین کروں گا۔

جناب چیئرمین : راجہ محمد افضل خان۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! یہ بڑا serious matter ہے، جیسے کہ آپ نے بھی "سوال و جواب" سے اندازہ لگایا ہو گا۔ ہاؤس کی ایک کمیٹی ہے کمیونیکیشن کے بارے میں، تو آپ اسے اس کے سپرد کر دیں اور وہاں پر یہ مسئلہ جو ہے یہ threshout ہو جائے گا۔ میرا خیال ہے کہ اس میں وزیر صاحب کو کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے اس لئے یہ جو اتنا ریونیو embzzle ہوا ہے گورنمنٹ کا، تو اگر یہ مسئلہ کمیٹی میں آ جائے تو اس میں حرج کیا ہے؟

جناب چیئرمین : بات یہ ہے کہ پہلے اس میں وزیر صاحب خود دیکھ لیں۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا! ابھی وزیر صاحب فرما رہے ہیں کہ یہ پرائیویٹ نمبر تھے جو بطور P.C.O. کام کر رہے تھے، تو جناب how it is possible کہ پرائیویٹ نمبر بطور P.C.O. کام کریں اور محکمہ اس میں بڑا معصوم ہو۔ اس ہاؤس کے تمام ممبران کی بھی رائے یہ ہے کہ معاملہ ہاؤس کی متعلقہ کمیٹی کے حوالے کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین : ہوتی صاحب آپ کو جتنا وقت چاہیے لے لیں تاکہ ہاؤس کو تفصیل سے بتا سکیں۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! اگر آپ اپنے سیکرٹریٹ سے معلوم کریں تو آپ کو پتہ چلے گا کہ ہمیں یہ سوالات پرسوں شام کو دیئے گئے تھے اور کل ہی بتایا گیا کہ اس کے جواب آج دینے ہیں اس لئے وقت نہیں ملا۔ اس لئے میں ابھی معلومات حاصل کر کے جواب دے دوں گا۔

جناب چیئرمین : تو اس کو پھر اگلے ہفتے رکھ لیں۔

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : Right Sir.

Mr. Chairman : O.K. So we will take it up next week. Next is of Dr. Muhammad Rehan No. 6.

6. ***Dr. Muhammad Rehan :** Will the Minister for Education be pleased to state the expenses incurred by the University Grants Commission in arranging the SUMMER CAMP at Bara Gali, N.W.F.P., during the last five years, with year-wise break-up?

Syed Fakhar Imam : Summer Camps at Bara Gali are not arranged by University Grants Commission. Information about expenditure incurred therefore cannot be provided.

جناب شہزاد گل: ضمنی سوال، جناب والا، جواب دیا گیا ہے کہ یونیورسٹی گرانٹ کمشن یہ arrange نہیں کر رہی ہے تو میں پوچھوں گا کہ یہ summer camps جو ہیں یہ کون arrange کرتا ہے؟ تاکہ ان سے یہ پوچھا جائے۔

جناب چیئرمین : جی، یہ بتادیں کہ کون arrange کرتا ہے؟

سید فخر امام : یونیورسٹی آف پشاور اور اس کے متعلق اعداد و شمار چاہتے ہیں تو میں نے جو آج ٹیلیفون پر لئے ہیں وہ پیش کر دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین : نہیں آج وقت کم ہے so we want to go through آپ ویسے ان کو دے دیں۔

جناب شہزاد گل : جواب یہ تھا کہ یونیورسٹی گرانٹ کمشن arrange نہیں کرتا ہے۔

جناب چیئرمین : وہ کہتے ہیں کہ یورنیورسٹی آف پشاور کرتی ہے۔

جناب شہزاد گل: تو کیا یہ انفارمیشن collect کی جاسکتی ہے؟

سید فخر امام : یہ سوال ہمیں short notice پر ملے ہیں اس لئے جواب پہلے تیار ہو گیا اور اعداد و شمار بعد میں آئے ہیں تو میں نے گزارش کی ہے کہ یونیورسٹی گرانٹ کمشن نہیں بلکہ یونیورسٹی آف پشاور یہ کام کرتی ہے۔

جناب شہزاد گل: تو کیا information بعد میں دے دی جائے گی؟

جناب چیئرمین: آپ کو کیا information چاہیے۔ اگر آپ کے پاس انفارمیشن ہے تو دے دیں وقت کم ہے اس لئے میں کہتا ہوں یہ بعد میں لیں۔

جناب چیئرمین : آپ کو۔

Syed Fakhar Imam : Sir, I will read it out.

1987-88	50,000
1988-89	54,725
1989-90	75,000
1990-91	92,000
1991-92	1,64,000

Dr. Bisharat Elahi : Mr. Chairman, I need a clarification. I am not very clear.

یہ جو سوالات سیکرٹریٹ میں آتے ہیں do they have to wait the Senate session is announced before they are sent to the Ministries or can they be sent as they are received by the Secretariat?

جناب چیئرمین : کیوں جی راجہ صاحب (ڈپٹی سیکرٹری سینٹ سیکرٹریٹ) یہ سوالات جب ملتے ہیں تو یہ آپ فوری طور پر منسٹری کو بھیج دیتے ہیں۔ ایڈوانس کاپی پہلے بھیج دی جاتی ہے۔ and then we inform them سیشن جب ہونا ہے تو فلاں تاریخ کو take up کیا جائے گا۔ but it is sent as soon as we receive the Questions.

ڈاکٹر بشارت الٰہی : In case these Ministries have received these advanced copies, then the answers should have been ready.

Syed Fakhar Imam : The answer was ready, Sir, question was pertaining to University Grants Commission, the answer is complete.

Dr. Bisharat Elahi : I am not talking of this specific question, I beg your pardon honourable Minister, it is not relating to this question at all. But I just wanted tobe clear because I would have imagined that as soon as your Secretariat receives a question it goes to the Ministry and when the Ministry is informed about the session or about the days on which their turn comes the answer automatically fits in there.

پھر یا تو ہوتی صاحب نے ابھی فرمایا ہے کہ ہمیں دو دن ملے ہیں۔ آیا یہ سوال ان کی وزارت کو دو دن پہلے ملا ہے یا اس سے پہلے ان کو مل گیا تھا؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: ہمیں یہ پرسوں ملا تھا۔

Dr. Bisharat Ilahi : Then we should know that.

سیکریٹریٹ کو یہ کب ملا تھا۔

(Pause)

جناب چیئرمین : اس میں کچھ complication ہے، I will try and sort it out, there is some problem Yes, Hafiz Hussain Ahmad Sanib.

حافظ حسین احمد: میں جناب عرض کرتا ہوں کہ آپ کو بھی پتہ نہیں تھا کہ کب اجلاس بلایا جارہا ہے اس لئے ہم نے بھی سوچا ہوگا کہ اجلاس اگلے مہینے ہوگا، اس لئے آرام سے سوال م بھیج دیں گے۔

جناب چیئرمین: آپ کی بات بھی صحیح ہے لیکن میرا خیال ہے کہ کچھ bottlenecks ہیں کیونکہ جس وقت ہمیں سوال مل جاتا ہے یعنی اگر آپ آج ہمیں کوئی سوال دیتے ہیں تو فوری طور پر ہم وزارتوں کو بھیج دیتے ہیں۔ تو میرا خیال ہے وزارتوں کو چاہیئے کہ وہ جو notice period ہوتا ہے تیرہ دن یا بارہ دن جو بھی ہوتا ہے، اس کے اندر ہمیں جواب بھیج دیں۔ اس کے بعد کہتے ہیں کہ کچھ اور بھی کارروائی ہوتی تو میں ذرا چیک کروں گا کہ کیوں یہ مسئلہ پیدا ہوا۔

جناب شہزاد گل: کیا جناب سارا سال سوالات آسکتے ہیں یا نہیں؟

جناب چیئرمین : آسکتے ہیں کیوں نہیں، تاہم پچھلے سیشن کے سوالات جو ہوتے ہیں وہ lapse ہو جاتے ہیں۔

جناب شہزاد گل: جی وہ تو lapse ہو جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین : اس کے بعد جو بھی سوالات آتے ہیں، وہ آسکتے ہیں۔ آپ اجلاس ختم ہونے کے دوسرے دن بعد بھی دے سکتے ہیں، اجلاس شروع ہونے سے ایک دن پہلے بھی دے سکتے ہیں ہم حکومت کو ایک خاص دن کا نوٹس دیتے ہیں کہ آپ فلاں دن تک جواب دیں۔ جی

جناب منظور احمد گچکی: جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں، ہوتا یہ ہے کہ فرض کریں کہ اگر کسی ممبر کے ۲۰/۳۰ سوالات ہیں اور وہ سیشن میں نہیں آسکے تو سیشن کے ختم ہونے کی ساتھ ہی وہ lapse ہو جاتے تھے اور ان کا دوبارہ نوٹس دینا پڑتا ہے۔ آج کل یہ رواج ہے۔ لیکن ایک زمانے میں یہ روایت بھی رہی ہے کہ صرف ایک درخواست لکھنی پڑتی تھی کہ جو میرے Previous سوالات lapse ہو گئے ہیں ان کو دوبارہ اگلے اجلاس میں لایا جائے۔ اگر ہم اس پرانے طریقے کو پھر سے adopt کر لیں تو یہ زیادہ مناسب نہیں ہو گا۔

جناب چیئرمین : جی، وہ ہم کرتے ہیں۔ اگر آپ ہمیں دوبارہ نوٹس دیں گے، دوبارہ لکھ کر دیں گے۔

جناب منظور احمد گچکی: جی، پہلے صرف ایک درخواست لکھنی پڑتی تھی۔

جناب چیئرمین : اگر آپ ہمیں دوبارہ لکھ کر دے دیں تو میرا خیال ہے کہ ہمیں تو اس میں کوئی دقت نہیں ہے۔

جناب منظور احمد گچکی: تو پھر ہم درخواست لکھ کر دے دیا کریں۔

جناب چیئرمین : دیکھیں ناں، سیشن ختم ہو جاتا ہے تو اس کے بعد کئی دفعہ ہمارے پاس ممبران کا لکھا ہوا آتا ہے کہ جی، ہمارے سوالات repeat کر دیں، یعنی یہ نہ لکھیں کہ جو بھی ہمارے سوالات ہیں کیونکہ وہ تو پتہ نہیں ہے کہ کون سے ہیں، اس لئے آپ ہمیں اگر دوبارہ سوال لکھ کر بھیج دیں تو ہم ان کو دوبارہ لے لیں گے۔

جناب منظور احمد گچکی: یہ تو fresh notice ہو گیا "fresh question" ہو گیا۔

جناب چیئرمین : فرش نہیں، دیکھیں ناں، پرانے تو lapse کر گئے اگر آپ lapse ہونے کے بعد۔

جناب منظور احمد گچکی: جناب پہلے تو procedure یہی تھا جتنے بھی باقی سوالات ہوتے تھے ان کے لئے صرف ایک application لکھنا پڑتی تھی کہ جس میں یہ لکھتے تھے کہ ہمارے جو سوالات lapse ہو گئے ہیں ان کو دوبارہ اگلے اجلاس میں لایا جائے تو ان کو دوبارہ بجائے، fresh question دینے کے دوبارہ لایا جاتا تھا۔

جناب چیئرمین : میں اس کو دیکھ لوں گا لیکن اس میں دقت یہ ہو گی کہ مثلاً ہمارے پاس پانچ سو یا ہزار سوالات پڑے ہوئے ہیں اس میں ڈھونڈنے شاید زیادہ مشکل ہوں لیکن آسانی یہ ہے کہ آپ ان کو دوبارہ repeat کر دیں۔ یعنی وہی repeat کر دیں آپ کے لئے بھی آسان ہو گا اور ہمارے لئے بھی آسان ہو گا چلیں جی، اگلا سوال میں ایسے examine کروں گا، دیکھوں گا۔

7. *__Syed Iqbal Haider :__ Will the Minister for Communications be pleased to statet the rates of the (a) telephone call (b) telex (c) telegram charges for local calls, STD/Long Distance Calls and the overseas calls, as on 31st March, 1989, 1st July,1990, 1st July, 1991 and 1st July, 1992?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : The service-wise rates are given in the following Annexures :

A-Telephone Local Calls.
B-NWD Call Charges.
C-Inland Trunk Calls.
D-Overseas Telephone Calls.
E-Inland Telex Calls.
F-Internation Telex Calls.
G-Inland Telegram.
H-International Telegram.

(Annexures have been placed in the Senate Library).

جناب چیئرمین : ضمنی سوال۔

سید اقبال حیدر: جناب عالی آپ کو اس جواب کو دیکھ کو حیرت ہو گی کہ پاکستان میں پاکستان کے عوام کو ایک دوسرے سے رابطہ کرنے سے محروم کیا جا رہا ہے کیونکہ آپ اگر کراچی سے لاہور بات کرنا چاہیں گے تو آپ کو 88 روپے فی منٹ دینا پڑے گا۔۔۔

راجہ محمد افضل خان : پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین! یہ ضمنی سوال پوچھ رہے ہیں یا تقریر کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : ان کو بات کرنے دیں۔

سید اقبال حیدر : اب آپ نہ چیئرمین بن جائیں ناں۔

جناب چیئرمین : فرمایئے جی۔

سید اقبال حیدر: اور اسلام آباد سے کراچی بات کرنے کی قیمت according to the figure given to me, which should have been circulated to all members because it is a matter of grave concern is 63/- rupees per minute plus 60% excise that comes to 102 rupees per minute whereas if you like to talk to London the rate is 48/- rupees per minute, you like to talk to USA, the rate is 52/- rupees per minute without any 60% excise.

پاکستان شاید دنیا کا واحد ملک ہے کہ جہاں پر اندرون ملک عوام آپس میں رابطہ کریں تو ان کو اتنی بڑی سزا ملتی ہے کہ 102 روپے فی منٹ کے charges دینے پڑیں گے اور بیرون ملک سے رابطہ کے لئے اس سے آدھے charges میں معلوم کرنا چاہتا ہوں وزیر موصوف سے کہ یہ کیا منطق اور اصول ہے اور یہ کہاں کا انصاف ہے یہ کونسی توجیح ہے کہ آپ پاکستان کے عوام کو سزا دے رہے ہیں۔ یہ کون سی توجیح ہے کہ آپس میں بات کرنے پاکستان کے عوام سے 102 روپے لے رہے ہیں؟

جناب چیئرمین : جی جناب وزیر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! یہ rates کوئی آج کے تو نہیں کہ ان کو اعتراض ہے۔

سید اقبال حیدر : نہیں جناب نہیں۔

جناب چیئرمین : ان کا سوال یہ ہے کہ بیرون ملک سستا ہے اور اندرون ملک اتنے زیادہ ہیں اس کی کیا منطق ہے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! اس میں کچھ عوامل تو ضرور ہیں میں اس کا جواب تفصیلاً دینا چاہتا ہوں لیکن اس میں یہ سیٹلائٹ اور جو کیبل سروس ہے اس میں یہ فرق آتا ہے چونکہ یہ جو rates ہیں یہ ٹیلیفون کے pulse کے حساب سے چلتے ہیں۔ میٹر چلتا ہے۔ there is some sort of technical thing.

جناب چیئرمین : نہیں یہ pulse پاکستان میں کیوں زیادہ چلتی ہے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب پاکستان میں نہیں چلتی ہے اس پر تو عموماً اعتراض ہوتے رہتے ہیں کہ pulse چلتی ہی نہیں باہر کی pulse زیادہ چلتی ہیں۔ If I am given fresh notice Sir, I will give a detailed answer on this.

سید اقبال حیدر: جناب اس میں fresh notice کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ سٹیلائٹ کے ذریعے سے ہی USA، اسلام آباد سے کراچی بات ہوتی ہے تو کیا یہ میرا کہنا صحیح ہو گا کہ آپ نہیں چاہتے کہ پاکستان کے عوام ایک دوسرے سے ٹیلیفون پر رابطہ کریں؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! in land communication جتنی ہے سٹیلائٹ کے ذریعے نہیں ہے وہ N.W.D. سسٹم پہ چلتی ہیں overseas call جو ہیں وہ سٹیلائٹ کے ذریعے چلتی ہیں۔ N.W.D. سسٹم اور وہ جو one N.W.D. اور وہ اس کے بیچ میں پھر reflectors اور enhancec ہوتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کو کل لے لیتے ہیں یہ بڑی اہم بات ہے ٹھیک ہے؟ جناب ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر بشارت الٰہی: جناب چیئرمین صاحب! اقبال حیدر صاحب نے ہم تب کو مروادیا ہے اب یہ کہیں گے کہ جی آپ کا اعتراض ہے باہر کی calls اندرونی calls کی نسبت سستی ہیں یہ باہر کی بھی مہنگی کر دیں گے یہ جو سستی کرنی ہے وہ نہیں ہو گی۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا! میں اس پہ عرض کروں گا کہ اس کو کل نہ رکھیں کل ازبکستان کے صدر آرہے ہیں اور میں ان کے ساتھ کراچی جارہا ہوں اگلے ہفتے کسی وقت رکھ لیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے اگلے ہفتے رکھ لیتے ہیں۔ اگلے ہفتے دونوں آپ کے یہ سوال ہیں جی۔ all the other questions and answers are taken as read and placed on the table of the House. Next is Privilege Motion.

8. *__Syed Ishtiaq Azhar:__ Will the Minister for Education be pleased to state the total number of Pakistani students sent

abroad, for studies during the last two years?

Syed Fakhar Imam: The Ministry of Education have sent 61 students for studies abroad during the last two years under the approved on-going scholarship schemes *viz* ;

(i) Quaid-e-Azam Scholarship Scheme.
(ii) Merit Scholarship Scheme.
(iii) 100-Scholarships for Talented Children of Low Paid Employees of the Federal Government. (List of nominees appended).

QUAID-E-AZAM SCHOLARSHIP STUDENTS

S. No.	Name of students	Field of study	University abroad	Domicile
1989-90				
1.	Fazil Quddus	Civil Engg.	Georgia Institute of Tech., USA.	NWFP
2.	Shoukat Ali	Animal Husbandry	Ohio State University. Columbia, USA.	Punjab
3.	Allah Bux Nareejo	Agronomy Production	University of Glosgow, U.K.	NWFP
4.	Mr. Riasat Ali	Agriculture Engg.	Oklahoma State University, USA.	Punjab
1990-91				
5.	Musharaf Ahmad	Plant Pathalogy	Oklahoma State University, USA.	NWFP
6.	Sajid Ali Barlos	Soil Science	University of Arizona Tuscon, USA.	Punjab
7.	Abdur Rehman	Human Nutrition	Cornell University, USA.	NWFP
8.	M. Kawar Islam	Computer Engineering	New South Wales, Australia.	Punjab
9.	Imdad Ali	Computer System & Design Architecture.	Imperial College, U.K.	Sindh
10.	Shabbir Hussain	Velormony Science	Ohio State University, Columbus Ohio, USA.	Punjab
11.	Rao Muhammad	B. Admn.	Bredgeford, USA.	Punjab
12.	Tariq Jamil	Computer Engg.	Florida Institute of Tech., USA.	NWFP
13.	Zubair Ahmad	Computer Science	State University of Newyork at Albany.	Punjab
14.	Imtinan Elahi	Elect. Engg.	University of Michigan, USA.	Punjab
15.	Waseem Khan	Computer Engg.	Boston University, USA.	NWFP

MERIT SCHOLARSHIP STUDENTS

S. No.	Name of students	Field of study	University abroad	Domicile
1989-90				
1.	Sabir Gul Khan Khattak.	Soil Science.	university of Glosgow. U.K.	NWFP
2.	Abdul Latif.	Agriculture Science	University of College Wales Abrystwyth. U.K.	NWFP
3.	Abdul Ghaffar.	Elect. Power System.	U.M.I.S.I., U.K.	NWFP
4.	Amanullah Jan.	Pur & Applied Biology.	University of Leads, U.K.	NWFP
1990-91				
5.	Mukhtar Alam	Plan Breeding and Genetics.	Universityof Wales at Aberystwyths, U.K.	NWFP
6.	Fazal-ur-Rehman.	Matchs.	MC Gill University, Canada.	Punjab
7.	Akbar Anjum.	Agriculture.	Salford University U.K.	Punjab
8.	Muhamamd Sarwar.	Agriculture.	University of California, River Side California, USA.	Punjab
9.	Sajad M. Alam	Poultry Science..	North Corlina state University, USA.	Punjab
10.	Miss Ishrat Waheed	Biology	Cohns Hopking University, USA	Punjab
11.	Mujeebuddin.	Chemical Engg.	University of Cambridge, U.K.	Punjab
12.	Mr. Ramzan Ali.	Computer Science.	Illinos Institute of Tech., USA.	Sindh
13.	Abid Kamal.	Mech. Engg.	University of Stanford, USA.	NWFP
14.	Qaisar Hayat.	Civil Engg.	University of Maryland, USA	NWFP
15.	Maazullah.	Agri. Engg	Mississippi state University USA.	NWFP
16.	Tahir Khurshid.	B. Admn.	University of Arkonsas Payethevill, USA.	Punjab.
17.	Adnan Bashir.	Elementry Particle & Theory.	Unicersity of Durha,. USA.	Punjab

100 SCHOLARSHIP STUDENTS

S. No.	Name of students	Field of study	University abroad	Domicile
1989-90				
1.	Tariq Mehmood Raja	Control Engg.	University of Birdford, U.K.	Punjab
2.	Khalid Masud	Math	University of Buffalo, New York, USA.	Punjab
3.	Nadeem Fazal	Microbiology	University of Leeds, U.K.	Punjab
4.	Arshad Mehmood	Endocrinology	University of Aston, U.K.	Punjab
5.	Izhar-ul-Haq Lodhi	Feed Tech.	Kings College, London, U.K.	Punjab
6.	Mohammad Ahsan	Plant Biotechnology	Wye College of London, U.K.	Punjab
7.	Zar Sher Ali	Microbiology	University of Glasgow, U.K.	NWFP
8.	Mohammad Zulfiqar Ahmad.	Agri. Economics	University of Nebraska, USA.	Punjab
9.	Miss Faouzia Aslam	Dentistry M. Sc. in Orthodonlices.	University of London U.K.	Punjab
10.	Nasir Abbas Abidi	Solid State Physics	University of Cambridge, U.K.	Sindh
11.	Mohammad Mansoor Ahmad.	Chemical Engg.	University of Cambridge, U.K.	Punjab
12.	Mohammad Zafar Ali	Elect. Engg.	Ohio State University USA.	Sindh

100 SCHOLARSHIP STUDENTS

S. No.	Name of students	Field of study	University abroad	Domicile
1990-91				
1.	Fiaz Ahmad Ch.	Soil Science	University College of North Wales.	Punjab
2.	Amjad Mehmood	Math	University of Florida, USA.	Punjab
3.	Hafeez Ahmad	Mech. Engg.	University of Linerpool, U.K.	Punjab
4.	Ch. Mohammad Aslam	Mech. Engg.	University of Leeds, U.K.	Punjab
5.	Shabaz Aftab	Chemical Engg.	University of Notingham, U.K.	Sindh
6.	Mohammad Nadeem Arain.	Plosma Physics.	University of Manchester, U.K.	Sindh
7.	Mohammad Farooq Nazar.	Mathematics	University of New Castle, U.K.	Punjab
8.	Qani Anjum	Chemical Engg.	University of Illinois, USA	Punjab
9.	Mushtaq Asrwar	Horticulture	University of Illinois, USA	NWFP
10.	M. Jamil Khan Chihti	Animal Plant Biology	University of Sheffield, U.K.	Punjab
11.	Ashfaq Hussain	Meachmical	University of South Wales, U.K.	Punjab
12.	Mohammad Irtifa	Geology	Oregon State University, USA	Punjab
13.	Tanveer Ahmad	Immunology (Agri.)	University of Stathclyde, U.K.	Punjab
14.	Amin Sultan	Meachinical	University of Manchester, U.K.	Punjab
15.	Zahid Hussain Shah	Plant Bio-Tech. Agri.	Wye College University of London, U.K.	NWFP
16.	Mohammad Sajjad	Civil Engg.	Illinos Institute of Tech., Chricago, USA.	NWFP
17.	Zulfiqar Ali	Mechanical Engg.	Illinos Institute of Tech., USA	Punjab

9. ***Syed Ishtiaq Azhar:** Will the Minister for Education be pleased to state the total number of scholarships offered by foreign countries and the number of such facilities availed of by the Education Ministry during the years 1988-91 with province wise break-up?

Syed Fakhar Imam: The foreign donor countries offered 603 scholarships against which 357 scholarships were awarded by them during 1988-91 (Annex-I). The Province-wise break-up of utilization is as under:-

Punjab :	198
Sindh :	82
Baluchistan :	17
NWFP :	52
Others :	07
	357

Annex-I

PROVINCE-WISE BREAK-UP SCHOLARSHIP PROGRAMME AVAILED (SENATE STARRED QUESTION NO. 9)

S. No.	Name of Programme	Name of Province	Number of scholarships awarded 1988-89	1989-90	1990-91	Total
1.	Cultural Scholarship	Punjab	25	17	21	63
		Sindh	05	08	16	29
		NWFP	08	03	04	15
		Baluchistan	06	01	03	10
		FATA/FANA/AJK	03	-	-	03
			47	29	44	120

S. No.	Name of Programme	Name of Province	Number of scholarships awarded 1988-89	1989-90	1990-91	Total
2.	Common-wealth Scholarship	Punjab	-	07	19	26
		NWFP	-	11	05	16
		Sindh	-	02	07	09
		Baluchistan	-	-	-	-
			-	20	31	51
3.	Technical Assistance & Others	Punjab	45	18	46	109
		Sindh	17	08	19	44
		NWFP	09	03	09	21
		Baluchistan	01	02	04	07
		Others	01	01	02	04
			73	32	80	185

Province-wise Break-up of total availed at 1+2+3

Punjab	Sindh	NWFP	Baluchistan	Others
198	82	52	17	07

10. ***Syed Ishtiaq Azhar:** Will the Minister for Education be pleased to state the number of tutorial staff of the Universities sent on Scholarship abroad during 1990 with province-wise break-up?

Syed Fakhar Imam: It is understood that the term tutorial staff has been used in the question to cover all categories of teachers in the universities. Ministry of Education has sent 125 members of the teaching staff of the universitites on scholarship abroad during 1989-90. Their Province-wise break-up is as under:-

	Punjab	Sindh	NWFP	Baluchistan	Others
*C.E.P.	17	7	3	1	2
Commonwealth Scholarship by U.K. and Canada.	9	3	8	-	-
+C.O.T. Scholarship	23	9	6	2	3
Technical Assistance Programme & others.	17	9	3	2	1
	66	28	20	5	6

*Cultural Exchange Programme (Ten scholarships) have been awarded to students on M. Phil basis.

+Central Overseas Training Scholarships funded by Government of Pakistan.

11. *Mr. Manzoor Ahmed Gichki: Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) the total number of the scholarships awarded by the Ministry of Education to the children of the low paid employees this year; and

(b) whether such scholarships have been awarded to the off-springs of the Ministerial employees, if so its details?

Syed Fakhar Imam: (a) During this year (1991-92) 1250 children of the low paid Federal Employees (1-15) were awarded stipend at the rate of Rs. 400 per student.

(b) As above.

12. *Mr. Abdur Rehman Jamali: Will the Minister for Communications be pleased to refer to Senate Starred Question No. 98, replied on November 18, 1991 and state :

(a) whether container exchange at Rawat, District Islamabad has been installed and became operational on June 31, 1992 as assured by the Minister and if not the reasons thereof; and

(b) the progress on construction of an air-conditioned building meant to make the Rawat exchange automatic and the expected date of completion?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: (a) No. Because of change in plans necessitated by increase in pending demand.

(b) Detailed estimate is under process. Expected date of completion is 15th May, 1993.

13. *Mr. Shahzad Gul: Will the Minister for Communications be pleased to state the time by which telephone facility will be provided to the residents of village Mohri Chaheek, Union Council Rawat, District Islamabad?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Information is being collected and will be placed on the table of the House.

14. *Hafiz Hussain Ahmad: Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under cinsideration of the

*The question hour being over, the remaining questions and answers were placed on the table of the House.

Government to provide mobile telephone facility by the Government if so, when?

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti: Not yet.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: رخصت کی درخواست کو میں ذرا پڑھ دوں۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب علاج کی غرض سے انگلینڈ گئے ہوئے ہیں انہوں نے ایوان سے اپنی واپسی تک رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: ملک محمد علی خان صاحب پہلے سے طے شدہ مصروفیات کی بناء پر مورخہ 12/اور 13 اگست کے لئے وہ موجود نہیں ہوں گے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ معزز اراکین آگئے ہیں جی۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اچھا۔ اب اس درخواست کا کیا کیا جائے؟ اچھا یہ ہو گئی جی۔ جی عبداللہ شاہ صاحب۔

ADJOURNMENT MOTIONS

Syed Abbullah Shah: Sir, I think, this House do adjourn to discuss a matter of great public importance and of recent occurrence namely,

"The news item that Railway lands....."

قاضی حسین احمد: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب۔ میرا privilege motion باقی رہ گیا تھا وہ صدیق کانجو صاحب آگئے ہیں۔ ان کے انتظار میں وہ privilege motion تھا۔

جناب چیئرمین: جی ہاں جناب انہوں نے statement دینا تھا۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: جناب۔ پچھلی دفعہ ہوا تھا قاضی صاحب تشریف نہیں

رکھتے تھے۔16 کے بعد آپ کوئی دن رکھ لیں چونکہ آپ نے رولنگ دی تھی کہ قاضی صاحب تشریف فرما نہیں تھے۔

جناب چیئرمین: جی قاضی صاحب۔

قاضی حسین احمد: جناب! اس وقت وہ بھی اور میں بھی موجود ہوں لیکن آج تیاری نہیں ہو گی تو کل۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: کل تو نہیں جناب! 16 کے بعد کسی دن رکھ لیں یا 16 کو رکھ لیں۔ جو آپ کو suit کرے۔

جناب چیئرمین: کیوں جی قاضی صاحب بتادیں پھر۔

قاضی حسین احمد: ٹھیک ہے جی بتادوں گا، پھر آج۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: ویسے بہتر ہو گا قاضی صاحب اگر مجھے موقع دے دیں تو میں 16 کو تفصیل سے عرض کروں گا۔

جناب چیئرمین: 16 کو۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: جی 16 کو، 17 کو یا جیسے آپ کو سہولت ہو کر لیں۔

جناب چیئرمین: چلیں 16 کو آپ کو بتادیں گے کہ کس دن رکھنا ہے۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: شکریہ جناب۔

جناب چیئرمین: جی جناب۔ عبداللہ شاہ صاحب۔

(i) *RE :* THE SALE OF RAILWAY LAND AT DUMPING PRICE AS PUBLISHED IN A NEWS ITEM IN THE DAILY, THE MUSLIM

Syed Abdullah Shah : This house do adjourn to discuss a matter of great public importance and of recent occurrence namely, "The news item that Railway lands are being sold off at throw-away prices" as reported in 'MUSLIM' dated 18-7-1992.

Mr. Chairman : Is it being opposed ?

Syed Tasneem Nawaz Gardezi : Opposed.

Mr. Chairman : Abdullah Shah Sahib, please tell us about the admissiblity.

Syed Abdullah Shah : Sir, I got these news from the newspapers and they are coming repeatedly and there has actually been no comment from the government side or the Railway Department that the allegations that are being made in the newspapers are incorrect or not well founded.

Sir, the policy of the present government has been to sale off public properties and assets as quickly as possible and I think Railway lands are the parts of the same operation. I can not understand what urgency has occurred that these precious lands in various main cities of Pakistan should be disposed of and with that undue and unhealthy haste. So, I will request that this is a matter of great public importance, national assets are being squandered. The transactions are neither clear, nor clean. They create lot of doubts in the minds of the general public that their properties are being sold of in this manner by the present government. Already, Sir, the privatisation policy has been under so much criticism and this is an addition to that. So, I request that this matter of urgent public importance which concerns most of the Pakistanis ; should be admitted, and a full discussion; may be made. This will go in favour of government also as to what they are doing, and people will come to know whether their hands are clean or not.

Syed Tasneem Nawaz Gardezi : Sir, actually I opposed this Adjournment Motion on the ground that this report which has appeared in the newspaper is totally incomplete and incorrect. Facts of the case are that with the approval of the Federal Cabinet, it has been decided that Pakistan Railways will dispose of its surplus lands to its present and future operational requirements, to generate resources for its development programmes. The surplus Railway lands not only in big cities, as reported in the news item but also at other places, have been identified for auction.The most important thing is, sir, that the Federal Cabinet has constituted a Cabinet committee headed by the Federal Minister for Railways and comprising Secretary of finance, Secretary of Planning and development and Secretary of Railways to prepare a plan and determine the terms and conditions for commercial exploitation of the Railway lands and property through auction. The Cabinet Committee in return has constituted eight Land Disposable Committees in

the first instance for different Civil Divisions comprising public representatives, members of the National Assembly, members of the Provincial Assemblies Senators, Deputy Commissioners concerned or their nominees, and representatives of the Railways. These committees have been assigned the task to inspect sites to make Local inquiries and recommend the most appropriate reserve prices for each plot proposed to be auctioned. The recommendations of the Land Disposal Committee in respect of reserve prices have been considered by the Cadinet Committee for final approval before pernitting auction of the Land. The auction is-being arranged through the authorized auctioners where the auction will be supervised by the Auction Committee comprising senior Railway Officers. Only those bids which are equal or higher then the reserve prices will be considered by the Cabinet Committee and after its approval the auction will-be finalized- The surplus railway Land is identified by the Land Disposal Committee to open public auction and secrecy of the process has been ensured at all levels. The resources so generated shall be utilized for railways development programes, Sir, the allegation that railways Lands are being sold off at a through a way prices or that any vested interests are being patternised by higher officials of railway as such are not based on facts.

Syed Abdullah Shah : Sir, even today, I have read it in a few papers that firstly they advertised the rate of Lands at a certain price then they changed it to add some other Areas as well. Will the honourable Minister be pleased to state that as to how they are going to spend all the money? It is said that they will go for the improvement of railways. They should have prepared a proper scheme that this is the total assets that we are going to get from the railway lands and this is the way we are spending it. Sir, the service of railway is going from bad to worse. It is not even safe to travel by train any more. People are just compelled to travel by train. So this is not a satisfactory answer and this should be fully debated in the House.

جناب چیئرمین: لیکن ان کا یہ کہنا ہے کہ اخبار میں جو allegation ہے وہ غلط ہے۔ کیونکہ cabinet committee ہے، auction ہو گا reserve price ہو گی اسے finally examine کیا جائے گا تو یہ جو ہے کہ throw away prices پر دے دیا جائے گا وہ غلط ہے۔

In the light of the statement that the press report is in correct would you like to press it?

Syed Abdullah Shah: Had he میں یہ پوچھ رہا ہوں۔ Come with a better statement that this is the way how we are going to dispose off the land because the.....

جناب چیئرمین: وہ کہہ رہے ہیں ناں۔ انہوں نے بتایا ہے کہ کیبنٹ کمیٹی ہے۔

Syed Abdullah Shah: Sir, only Secretaries are there, they are going to fix, this is what he said. I don't find any public willing to name the person.

جناب چیئرمین: کیبنٹ کمیٹی اگر ہے تو وزراء ہوں گے ناں۔ لیکن بنیادی چیز یہ ہے کہ یہ نہیں کہ جس نے جس مرضی قیمت پر دے دیا۔ باقاعدہ ایک reserve price رکھی گئی ہے۔ اس پر کمیٹی کی supervision ہو گی۔

سید عبداللہ شاہ: آج ہی میں نے اخبار میں پڑھا ہے کہ پہلے ایک price پر advertise کیا گیا۔ Now they have changed it

جناب چیئرمین: وہ مسئلہ پھر علیحدہ لے آئیں۔

Syed Abdullah Shah : That again creates doubts in the mind of the people.

جناب چیئرمین: اسے علیحدہ لے آئیں وہ جو آپ کہہ رہے ہیں کہ اخبار میں آیا ہے۔

سید عبداللہ شاہ: اگر یہ باقاعدہ ایوان کو بتا دیں تو یہیں بات ختم ہو جائے۔ یہ تو انہی کے فائدے کی بات ہے۔ We are trying to clear their names. یہ نام ان کا خراب ہو رہا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ جو نئی رپورٹ آپ کہہ رہے ہیں۔ اسے علیحدہ لے آئیں۔ تاکہ اس کی صحت بھی دیکھی جائے۔ جی جناب۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب اکیلے یہ نہیں ہے کہ وہ کس طرح سے بہتر، معقول قیمت سے دے رہے ہیں یہ ریلوے کا اہم مسئلہ ہے کہ یہ ریلوے کو بند کر رہے ہیں بہت سی بڑی بڑی لائنوں کو جن کی بڑی اہمیت ہے۔ تجارتی، کمرشل اور صنعتی بنیادی پر۔

مثلاً کوئٹہ، ژوب سے بوستان تک ریلوے لائن ختم کی جارہی ہے۔

جناب چیئرمین: آپ اسے علیحدہ لے آئیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب یہ وہ زمینیں ہیں جنہیں اب یہ فروخت کر رہے ہیں۔ یہاں فروخت کرنیکا مسئلہ اکیلا نہیں ہے کہ آپ اسے بہتر قیمت پر فروخت کریں۔ دوسرے ممالک میں، ریلوے سسٹم کو آپ بہتر بنارہے ہیں یہاں پہلے ہی ریلوے لائن ہے جسے آپ ختم کررہے ہیں۔

جناب چیئرمین: اسے علیحدہ لے آئیں ناں۔ آپ اس مسئلے کو کہ ژوب والی لائن ختم کررہے ہیں علیحدہ لے آئیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: جناب والا! مختلف علاقوں میں یہ جو ریلوے کی زمینیں فروخت کررہے ہیں۔ یہ اصل میں لائنوں کو بھی بند کررہے ہیں یہ اس سے متعلق ہے جناب والا۔ اس لیے اگر اس تمام موضوع پر تحریک التواء میں بات ہو جائے۔

جناب چیئرمین: آپ اسے علیحدہ لے آئیں یہ جو آپ ژوب اور جو آپ کہہ رہے ہیں کہ لائن بند کررہے ہیں اسے علیحدہ لے آئیں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: یہ تو بنیاد ہے جناب والا اس کی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: یہ تو اخباری رپورٹ پر تھا ناں۔

جناب عبدالرحیم خان مندوخیل: نہیں نہیں۔ اخباری رپورٹ یہ ہے جناب والا! کہ وہ ان زمینوں کو فروخت کررہے ہیں غلط داموں پر۔ لیکن سوال یہ ہے کہ وہ زمین ریلوے کی فروخت کیوں ہو رہی ہے؟ اور اس سے جو نقصان ہو رہا ہے۔ جناب والا! یہ اہم مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین: جی آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں؟

سید تسنیم نواز گردیزی: جناب۔ انہوں نے جو مسئلہ اٹھایا ہے یہ بالکل ہی علیحدہ مسئلہ ہے آپ نے صحیح فرمایا ہے کہ اس کو دوبارہ take-up کریں اور اس کا بھی صحیح جواب دیا جا

سکتا ہے اصل بات یہ ہے کہ ریلوے لائن پر اس وقت اتنی encroachment ہو چکی ہے کہ اربوں روپے کا ریلوے کو نقصان ہوا ہے تو حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ جو زمین ریلوے کی utilization میں نہیں ہے اور نہ آئندہ آسکتی ہے اسے auction کر کے اس پیسے کو ریلوے کی بہتری کے لیے استعمال کیا جائے۔ اور یہاں پر اتنا foolproof system بنایا گیا ہے کہ اس میں کسی جگہ گڑبڑ نہیں ہو سکتی۔۔۔۔

جناب چیئرمین: بہر حال وہ علیحدہ مسئلہ ہے وہ لائیں گے تو دیکھ لیں گے۔ next ہے حافظ حسین احمد صاحب۔

حافظ حسین احمد: شکریہ جناب چیئرمین صاحب! میں تحریک کرتا ہوں کہ درج ذیل اہم قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے" روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی مورخہ ۵ جولائی ۱۹۹۲ء کے مطابق امریکہ سے پاکستان نے مزید دو لاکھ تہتر ہزار ٹن گندم کی خریداری کا معاہدہ کر لیا ہے اس طرح یہ گندم ۱۵۶ ڈالر فی ٹن کے حساب سے خریدی جائے گی۔ اور کراچی تک بار برداری کے اخراجات ۴۲ ڈالر فی ٹن مزید اخراجات ہوں گے اس رقم کے لیے چار فیصد سود پر امریکہ کی کریڈیٹ کارپوریشن فراہم کرے گی جب کہ عالمی سطح پر اس وقت گندم کے نرخ تقریباً پچاس سے ساٹھ ڈالر اس کے ریٹ کم ہیں اور اس سودے میں کئی افراد نے بھاری سطح پر بد عنوانیوں کا ارتکاب کیا ہے۔ اس کی تفصیلات اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں اس لیے اس اہم مسئلے پر سینٹ کی کارروائی کر بحث کی اجازت دی جائے"

Mr. Chairman : Is it being opposed ?

Maj. Gen. (Retd.) Abdul Majad Malik : Opposed.

Mr. Chairman : It is Opposed.

جناب منظور احمد گچکی: میرا بھی اسی موضوع پر ہے۔

جناب چیئرمین: جی آپ بھی اسے support کرتے ہیں؟

جناب منظور احمد گچکی: جی۔ میں بھی اسے support کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی حافظ صاحب اس کی admissibility پر کچھ فرمائیں۔

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین! عرصہ سے حکومت کی طرف سے یہ ڈھنڈورا پیٹا جا رہا تھا کہ ہم اپنی غذائی ضروریات میں خود کفیل ہیں اور پچھلے سال بھی یہ بیان دیا گیا تھا کہ ہم اگلے سال سے گندم میں خود کفیل ہوں گے لیکن اس وقت جو صورت حال ہے وہ انتہائی عجیب و غریب ہے کہ امریکہ سے جو گندم منگوائی جا رہی ہے اور جو قیمت ادا کی جا رہی ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ وہ سودی قرضہ لے کر اس کے ذریعہ گندم منگوا کر غریب عوام کو سودی گندم کھلائی جا رہی ہے۔ اور اس سلسلے میں جب انہوں نے جس انداز میں جو ٹھیکیدار تھے اور جنہوں نے امریکہ سے یہ سودی قرضہ فراہم کرنے کے لیے اپنے quotations داخل کیے اس کے مقابلے میں میں کچھ ایسی بھی کمپنیاں تھیں جنہوں نے اس rate سے کہیں نیچے، پچاس سے لے کر ساٹھ ڈالر فی ٹن گندم کے لیے انہوں نے کم quotation داخل کیے لیکن سیکرٹری صاحب اور دوسرے عملے کے لوگوں نے باقاعدہ طور پر ان کے پاس دلال بھیجے اور ان سے رشوتیں طلب کیں۔ اور جب وہ رشوتیں انہیں نہیں دی گئیں تو انہوں نے ان تمام ٹھیکیداروں کے جو quotations تھے وہ مسترد کر کے ایسے کمپنی کو دے دیئے جس کا میں نے ذکر کیا ہے جو اس rate پر انہیں گندم فراہم کرے گی اور دوسری بات اس وقت یہ ہے کہ اس وقت پاکستان میں زرعی سطح پر جو پیداوار ہے گندم کی اور جو قیمت حکومت ادا کر رہی ہے وہ قیمت اس سے کہیں کم ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ فوری طور پر اس اہم مسئلہ پر بحث کی اجازت دی جائے۔ تاکہ ان بدعنوانیوں کا تدارک ہو سکے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: جی جناب گچکی صاحب؟

جناب منظور احمد گچکی: جناب والا! پہلے تو کانجو صاحب کو یہ سمجھا دیں یہ disturb کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی کانجو صاحب وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ ان کے۔۔۔

(مداخلت)

جناب منظور احمد گچکی: وہ مذاکرات یہاں کر رہے ہیں۔ جناب والا! میں قاعدہ ۷۵ کی طرف آپ کا دھیان مبذول کرنا چاہوں گا میں سمجھتا ہوں کہ یہ قاعدہ ۷۵ کے تمام شق وار جتنے بھی پوائنٹس ہیں اس کے مطابق صحیح adjournment motion ہے۔ اور میں نہیں سمجھتا کہ وزیر موصوف نے اس کی مخالفت کیوں کی بہر حال یہ ان کی مرضی ہے لیکن قاعدہ ۷۵ (اے) کے مطابق آپ دیکھیں تو یہ عوامی اہمیت کا مسئلہ ہے اور (بی) میں وہ بہ لحاظ نفس مضمون ایک قطعی مسئلہ ہے یعنی تمام قاعدوں کے مطابق وہ اس پر آتا ہے تو اس مسئلے پر حافظ صاحب نے جو data دیا ہے یقیناً مجھے بھی وہی بولنا ہے تو میں اس کو دہرانا نہیں چاہتا میں وزیر موصوف سے یہ گزارش کروں گا کہ اس تحریک التواء کو oppose نہ کیا جائے اور میں آپ سے بھی گزارش کروں گا کہ اسے admit کیا جائے اور کمیٹی کے حوالے کیا جائے اس لیے کہ اس میں نہ صرف پاکستان کے زرمبادلہ کا مسئلہ ہے بلکہ اس حد تک کہ اس میں corruption کی بھی ایک حد تک بو آتی ہے تو اس لیے میری گزارش ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔۔۔۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: جناب چیئرمین! میں نے اس تحریک التواء کی مخالفت اس لیے نہیں کی جیسے کہ فاضل گچکی صاحب فرما رہے ہیں کہ یہ اہمیت کا مسئلہ نہیں ہے اس لیے کی ہے کہ یہ تحریک التواء جو ہے یہ نہ تو مکمل ہے نہ اس میں جو حقائق ہیں وہ درست ہیں اس لیے میں چاہوں گا کہ میں تھوڑی سی وضاحت پیش کروں مجھے یقین ہے کہ وہ سننے کے بعد جناب حافظ حسین احمد صاحب اور گچکی صاحب کا سوال اس وضاحت سے clear ہو جائے گا۔۔۔

(مداخلت)

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: یہ ایک اہم مسئلہ ہے اور جو گچکی صاحب نے rule quote کیا ہے، اگر آپ زرعی پالیسی پر بات کرنا چاہتے ہیں یا production field پر

then you are well cone in this House, any time. I تو بات کرنا چاہتے ہیں ready to accept a discussion.

لیکن جناب والا سب سے پہلے تو یہ رپورٹ جو حافظ صاحب نے quote کی ہے یہ رپورٹ ہماری منسٹری سے ہی "نوائے وقت" نے لی ہے جہاں تک انہوں نے quote کیا ہے وہاں تک یہ درست ہے سوائے اس کے کہ اس میں جو لکھا ہے کہ ۲۲ ڈالر فی ٹن اخراجات جو ہیں یہ کرائے کے ہیں وہ غلط ہے وہ ۲۰ ڈالر ۹۰ سنٹ ہے اس کے علاوہ یہ ٹھیک ہے حافظ صاحب میرے ساتھ قومی اسمبلی میں بھی رہے ہیں بہت ہی قابل اور بہت ہی ان کا ذہن جو ہے وہ ماشاء اللہ کام کرتا ہے میں ان کی واقعی عزت کرتا ہوں لیکن وہ دو چیزیں گول کر گئے ہیں اتنی رپورٹ تو انہوں نے نوائے وقت کی quote کر دی نیچے جو کہا ہے کہ اخبارات میں یہ الزامات ہیں اور اخباروں میں آئے ہیں ان کا ذکر ہی نہیں کیا اس کا صرف زبانی ذکر کیا ہے پہلی چیز تو یہ ہے دوسری چیز یہ ہے کہ میں یہ قبول نہیں کر سکتا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں گندم 60/50 ڈالر کم بک رہی ہے جناب چیئرمین! سلسلہ یہ ہے کہ اس سے پہلی حکومت میں صرف امریکہ سے گندم درآمد کی جاتی تھی۔ ہم نے آکر اس کا دائرہ وسیع کیا ہے کیوں کہ وہاں اجارہ داری تھی اب کینیڈا، آسٹریلیا، ترکی اور چونکہ سعودی عرب بھی گندم میں surplus ہے ان سب سے ہم نے گندم منگوانے کے لیے پچھلے سال سے ہم کر رہے ہیں یہ دائرہ ہم نے اجارہ داری توڑنے کے لیے وسیع کر دیا ہے۔

(اس مرحلے پر اذان شروع ہو گئی)

Mr. Chairman : Yes, House is adjourned to meet again at 7.20 p.m.

(The House adjourned for prayers)

(The House re- assembled after interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair)

جناب چیئرمین: جی حافظ حسین احمد صاحب کی تحریک التواء پر جنرل مجید ملک صاحب آپ کچھ فرمارہے تھے۔ جی فرمائیں۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: مسٹر چیئرمین! میں عرض کررہا تھا کہ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: ایک منٹ جی سید فخر امام صاحب یہ جو سوال ہے about requisition and summoning of the Senate on this, I would like to have your views also, so I will be grateful if you can also study ; you have got experience as a Speaker, I would be very grateful to have your view on this ; whenever we take it up in the next few days. Yes, Malik abdul Majeed Sahib, please.

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: جی میں عرض کررہا تھا اس تحریک التواء کے متعلق، بات یہ ہے کہ جس اخباری رپورٹ پہ اس کی بنیاد ہے اس کا صحیح متن میرے سامنے ہے اور تحریک التواء کی جو زبان ہے آدھا جو quote کیا ہے وہ صحیح ہے according to what has come in the paper. لیکن اس کا دوسرا پیراگراف جس میں کہا گیا ہے کہ عالمی سطح پر قیمتیں 60/50 ڈالر کم ہیں اور کئی افراد نے ہماری سطح پر بدعنوانیوں کا ارتکاب کیا ہے جس کی تفصیلات اخبارات میں شائع ہو چکی ہیں، اس کی کوئی تفصیلات نہ اخبارات میں شائع ہوئی ہیں نہ اس adjournment motion میں دی گئی ہیں نہ جس رپورٹ کو refer کیا گیا ہے اس میں mention کیا گیا ہے۔ اگر آپ یا فاضل ایوان چاہے گا تو میں من و عن وہ رپورٹ پڑھ دیتا ہوں لیکن اتنا بھی کافی ہے کہ اس میں اس قسم کا پچاس ڈالر کم ہونے کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس میں کوئی corrupt practices کا ذکر کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین! میں اجازت چاہوں گا کہ تھوڑا سا سسٹم explain کروں۔ گندم کی جب فصل آتی ہے اور اس دفعہ بھی، اسی طرح بد قسمتی سے ہمیں shortage ہے۔ افغانستان کا مسئلہ بھی ہے آبادی کا بھی ہمارا سلسلہ ہے یہ سارا ملا کر تو ہمیں کافی مقدار میں گندم باہر سے منگوانی پڑے گی۔ جیسا کہ میں عرض کررہا تھا کہ پہلے سسٹم یہ تھا کہ صرف امریکہ سے منگوائی جاتی تھی اور وہاں ہی traders اور farmers کی monoply تھی۔ ہم نے

منا پلی توڑی ہے اور اب چھ ملک ہیں جن کے لیے ہم ٹینڈر کرتے ہیں اور یہ سب اس میں حصہ لیتے ہیں۔ ایک چیز تو یہ ہے۔

دوسرے جناب والا! یہ ہے کہ جب ہم یہ تعین کر لیتے ہیں کہ تقریباً کتنی گندم چاہیئے ہو گی تو وہ E.C.C. میں جاتی ہے۔ کمیٹی آف کیبنٹ۔ اس کے بعد وہ کیبنٹ میں approvel کے لیے جاتی ہے کہ اتنی گندم ہمیں اس سال چاہیئے۔ فنڈ کے لئے، اے ڈی، اکنامک آفیئرز ڈویژن کو ہم بتاتے ہیں کہ کتنے چاہئیں اور وہ اس کا انتظام کرتے ہیں۔ باہر سے خریدی جانے والی ساری گندم international tender پر خریدی جاتی ہے یہ مسئلہ جو یہاں سے اٹھا ہے۔ حافظ صاحب کے پاس کچھ لوگ آئے تو میرے پاس بھی کچھ لوگ آئے تھے وزیراعظم صاحب کے پاس بھی گئے تھے یہ پچھلے سال کی بات ہے اور وہ آکر یہ کہہ رہے تھے کہ ہم آپکو گندم سستی دیتے ہیں میں نے ان سے کہا کہ آپ ٹینڈر میں کیوں نہیں حصہ لیتے کہ جی اس میں security زیادہ ہے۔ اس میں یہ ہے۔ یعنی وہ کوئی گارنٹی دینے کو تیار نہیں ہیں۔ وہ negotiate کرنا چاہتے ہیں۔ جب ہم open tender سے کرتے ہیں تو یہ حالت ہے الزامات کی کہ سیکرٹری صاحب نے اتنا لے لیا اور لوگوں نے پیسے لے لیے وغیرہ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ سب فرشتے ہیں جیسا معاشرہ ہے اس میں کچھ ہوں گے لیکن ٹینڈر جتنا fool proof ہو سکتا اتنا system fool proof کیا ہوا ہے۔ ہمارا ایک گندم کا section ہے ایمبیسی آف پاکستان ان واشنگٹن، وہاں ہوتے ہیں۔ اب سوال جن لوگوں نے کیا ہے کہ آپ ٹینڈر یہاں کیوں نہیں کرتے؟ حقیقت یہ ہے جناب چیئرمین۔ کہ ساری دنیا کی گندم کا center امریکہ میں ہے اور وہاں چاہے کینڈا ہے چاہے آسٹریلیا ہے چاہے امریکہ ہے دوسرے لوگ ہیں۔ ان کے پاس Push Button کا سسٹم ہے۔ ان کے پاس minute to minute international rates رہتے ہیں۔ اور وہی بہترین جگہ ہے۔ وہاں ایک سیکشن ہے باقاعدہ۔ پھر جب ٹینڈر ہوتا ہے تو ٹینڈر کمیٹی ہے جس میں صرف ہمارا گندم کا اتاشی نہیں، وہاں جو ڈیفنس کا اتاشی ہے، audit کا افسر ہے واشنگٹن میں، ایک کامرس کا ہے

اور economic affairs division کا وہاں جو ایک منسٹر ہے وہ اسے preside کرتے ہیں اور final approval is given by the Ambassador of Pakistan plased in Washington اس لیے سارے ٹینڈر بالکل انٹرنیشنل۔ یہ دوسری بات ہے کہ بہت بڑی بڑی انٹرنیشنل آٹھ دس کمپنیاں ہیں جو آپس میں کبھی مل بھی جاتی ہیں کبھی اپنا حساب کتاب کر لیتی ہیں۔ لیکن ہم بغیر ٹینڈر کے جو لوگ غیر ذمہ دار آتے ہیں کہ میں آپ کو فلاں جگہ سے اتنے ہزار ٹن گندم لا دیتا ہوں اور سستی لا دیتا ہوں ہم اسے کہتے ہیں کہ براہ مہربانی آپ جا کر ٹینڈر میں حصہ لیں۔ جو ساری شرائط ٹینڈر کی ہیں وہ پوری کریں۔ can you imagine اگر ہمیں دو ملین ٹن گندم منگوانی ہے اور پچاس ساٹھ روپے فی ٹن سستی ملے تو کتنے ملین بنتا ہے؟ 100 ملین ڈالر سے اوپر بنتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اتنے بھی کوئی چور نہیں ہیں جیسا کہ میں نے کہا کہ فرشتے تو ہیں نہیں ہم سارے۔ لیکن یہ ہے کہ یہ جو الزامات ہیں۔۔۔ دو چیزیں ہیں، کہ 50/60 ڈالر سستی ہے، یہ صحیح نہیں، دوسرے یہ کہ کسی نے ٹینڈر کو indicate کیا ہے کہ کوئی سیکرٹری کے پاس آ گئے جیسا کہ انہوں نے فرمایا میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی صحیح نہیں ہے میں درخواست کروں گا کہ یہ بتاتے ہوئے کہ ہم اپنی پوری سعی کر رہے ہیں کہ best available terms ہمیں ملیں لیکن اگر negotiations سے کوئی آدمی loosely آ جاتا ہے تو ہم اس سے نہیں کریں گے۔ ہم باقاعدہ ٹینڈر سے کریں گے اور ٹینڈر میں جو بھی lowest آتا ہے وہ کرتے ہیں تو to the best of our ability we are doing this, therefore, میں درخواست کروں گا جناب حافظ صاحب سے اور گچکی صاحب سے کہ اسے press نہ کریں۔

جناب منظور احمد گچکی: میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ جس طرح کہ وزیر موصوف نے کہا کہ 50 یا 60 ڈالر اس کا ریٹ کم ملتا ہے تو کہہ رہے ہیں کہ 50/60 نہیں ہے تو کیا واقعی پچاس ساٹھ نہیں ہے تو کوئی اور figure ہو سکتی ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب منسٹر صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: ہم lowest price پر ٹینڈر لیتے ہیں یہ بالکل صحیح نہیں ہے کہ مختلف جگہوں میں۔ وہاں ایک ایک ڈالر پر لڑائی کرتے ہیں 50 cent فی ٹن پر کرتے ہیں۔ اسی طرح فریٹ کا سلسلہ بھی ہے۔ تو یہ بڑے اوپن ٹینڈر ہوتے ہیں اور اتنی کمپیٹیشن ہے ویٹ کے سلسلے میں۔ ہم ایک پروگرام کے مطابق منگواتے ہیں کیونکہ ہماری پورٹ فیسیلیٹیز ہیں۔ ہماری ریکوائرمنٹس ہیں ہمیں کراچی سے off country کرنا پڑتا ہے وہ تمام حساب کر کے کہ ہمیں ماہانہ کتنے ٹن یا کتنے جہاز پہنچنے چاہئیں اس حساب سے کرتے ہیں اس حساب سے ٹینڈر ہوتا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ ٹینڈر سے that is the best price that we get کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ وہاں سے کہیں سستا ملے گا irresponsible لوگ آتے رہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کی بات پر کان نہیں دھرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: حافظ صاحب اس تفصیلی بیان کے بعد آپ اس پر زور دیں گے؟

حافظ حسین احمد: شکریہ جناب چیئرمین! میں جواب آن غزل کے طور پر اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ جنرل عبدالمجید ملک صاحب کا انتہائی احترام کرتا ہوں اور ہم اکٹھے رہے لیکن ظاہر ہے کہ اپوزیشن میں اور حزب اقتدار میں آنے کے بعد ذرا ترجیحات بھی بدلتی ہیں اور C.O.P. کے دوران بھی ان کا اور میرا کام یہی تھا کہ اس دور حکومت کے دوران اسی قسم کی باتوں کی نشاندھی کریں۔ جنرل صاحب بڑی عرق ریزی کے ساتھ ایسی باتیں جمع کرتے تھے۔ میرا خیال تھا کہ وہ اسے کمیٹی کے سپرد کردیں گے ظاہر ہے کہ جو کچھ انہوں نے کہا وہ تمام کا تمام ان کے محکمے اور سیکرٹری وغیرہ نے انہیں لکھ کر دیا ہے اور اس کی روشنی میں انہوں نے جوابات دیئے ہیں لیکن کچھ ایسے حقائق ہیں۔ جن کے بارے میں میں گزارش کروں گا سب سے پہلے تو یہ ہے کہ ۷۰ اڈالر تقریباً فی ٹن پڑ رہا ہے اور اگر جنرل صاحب یہ فرماتے ہیں کہ پوری دنیا میں نرخ اس سے کم نہیں ہیں تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ پاکستان کے غریب کاشتکاروں سے آپ کس نرخ پر لے رہے ہیں اور اگر وہ نرخ ۷۰ اڈالر فی ٹن کے حساب سے کم ہیں جو آپ کی پاسکو لے رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ خود

اس بات کی تردید ہو جاتی ہے کہ نرخ وہ نہیں ہیں جو آپ کی منسٹری ان ٹھیکیداروں کو ادا کرتی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے کہا کہ تفصیلات میں نے عرض نہیں کیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ تفصیلات اخبارات میں چھپ چکی ہے۔ اور وہ شہرہ آفاق نابینا سکینڈل، وینا حیات سکینڈل سے لے کر نابینا سکینڈل تک بہت سے سکینڈلز آئے۔ اس لیے ہمارے منسٹروں کو یاد نہیں رہتا کہ کون کون سے سکینڈلز ہیں اگر وہ نابینا سکینڈل کی رپورٹس اور جو نابینا صاحب نے پریس کانفرنس کی تھی ہمارے S.S.P. صاحب نے پریس کو بلایا تھا اور جو بیانات اس نے دیئے تھے ان بیانات میں اس نابینا نے واضح طور پر یہ کہا تھا کہ میں نے گندم کی deal کے سلسلے میں وزارت خوراک کے اعلیٰ حکام سے بات چیت کی ہے۔ اور میں نے اس سلسلے میں رشوتیں دی ہیں۔ میں نے وہ تفصیلات عرض نہیں کی تھیں میں نے صرف اتنا اشارہ کیا تھا کہ اس کی تفصیلات اخبارات میں چھپ چکی ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ جہاں تک عالمی سطح کا تعلق ہے۔ مجھے ایک بات چیئرمین صاحب سمجھ میں نہیں آتی کہ اس کا جواب جنرل مجید ملک کی بجائے، ہمارے محترم وزیر خارجہ صاحب دیتے تو بہتر تھا۔ میں گزارش کروں گا کہ اگر واقعی یہ ٹینڈر واشنگٹن میں محترمہ عابدہ حسین کی زیر نگرانی ہوتے ہیں تو پھر ان کے جوابات ان کے بجائے کانجو صاحب دے دیں۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: جی کیا کہا؟

جناب چیئرمین: نہیں ایسے ہی بات کر رہے ہیں۔ He is just trying to provoke you یہ آپ کو provoke کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ کہ آپ کچھ کہیں۔

حافظ حسین احمد: اگر آپ ریکارڈ اٹھا کر دیکھیں۔

(مداخلت)

حافظ حسین احمد: میں شاید غلط سن سکا ہوں انہوں نے کہا ہے کہ سفارت خانے میں سفیر اسے deal کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: وہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے اس کی علیحدہ بات ہو گی اس پر وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ جو رپورٹ ہے اس کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ ٹینڈر باقاعدہ طریقے سے، جس طرح ان کا طریقہ کار ہے، اس کے مطابق کرتے ہیں باقی جو آپ نے لکھا ہے کہ خرد برد ہوئی ہے اور rate کم ہے اس کی صحت سے انکار کیا ہے انہوں نے تو اس کی روشنی میں۔

(مداخلت)

حافظ حسین احمد: میں گزارش کر رہا ہوں جس طرح انہوں نے کہا ہے کہ سفیر ٹینڈر کی نگرانی کرتا ہے۔ ہمیں بتایا جائے کہ آخر کون سی بات ہے۔ جب دیگر دفاعی ساز و سامان کے لیے یہاں بات چیت ہوتی ہے اور یہاں پر ٹینڈر طلب کیا جاتا ہے۔ پارلیمنٹ کی عمارت کے لیے یہاں ٹینڈر طلب کیا جاتا ہے تو گندم کی خریداری†(xxxxx) صاحبہ کرتی ہیں آخر اس میں کیا راز ہے اور ہم سمجھتے ہیں ہمارے کانجو صاحب کیوں ناراض ہوتے ہیں۔ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر واقعی ہمارے لیے گندم کی فراہمی کے لیے ٹھیکیداریاں اور ٹھیکے اور quotations امریکہ میں پاکستانی سفارت خانہ میں ہی بنتی ہیں تو ظاہر ہے کہ پھر ہمیں یہ حق پہنچتا ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ آپ نے جو فرمایا ناں کہ وہ ایک procedure ہے۔

حافظ حسین احمد: میں اسی کے بارے میں ہی عرض کر رہا ہوں کہ اگر وہ طریقہ کار ہے اس کے بارے میں اس ایوان کو مطمئن کیا جائے۔

جناب چیئرمین: وہ علیحدہ کسی طریقے سے آپ کریں گے اس طریقہ کار کو زیر بحث لائیں گے کسی تحریک التواء کے ذریعے سے یا کسی طریقے سے یہاں پر تو آپ نے یہ امریکہ سے دو لاکھ ۷۳ ہزار ٹن گندم خریدنے۔۔۔۔

حافظ حسین احمد: وہی تو میں عرض کر رہا ہوں کہ اگر امریکی سفات خانے کی عمارت کی بجائے پاکستان اور اسلام آباد میں اور جنرل عبدالمجید صاحب کے دفتر میں یا یہاں پر کسی

جگہ پر پاکستان کی سرزمین پر یہ ٹینڈر کوٹیشن کی جاتیں اور وہاں پر لوگوں کو بلایا جاتا تو یقیناً اس قسم کی دھاندلیاں نہ ہوتیں اور یہ تو عجیب بات ہے کہ ترکی سے پھر سعودی عرب سے کیوں منگوا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: دھاندلی کا وہ انکار کر رہے ہیں کہ دھاندلی تو کوئی نہیں ہوئی وہ تو یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ غلط ہے۔

حافظ حسین احمد: جناب۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ جنرل عبدالمجید ملک کو کیا پتہ ہے، کانجو صاحب کو تو معلوم ہو گا کہ وہاں دھاندلی نہیں ہوئی ان کی تردید ہمارے لیے اس حوالے سے کسی صورت میں قابل اطمینان ہو سکتا ہے کیونکہ وہ وزیر خارجہ ہیں اب جنرل عبدالمجید صاحب وزیر خوراک ہیں وہ چکوال تشریف لے جاتے ہیں اسلام آباد آجاتے ہیں انہیں کیا پتہ ہے کہ امریکی سفارت خانے میں جو کوٹیشن اور ٹینڈر ہوئے ہیں آیا ان میں بدعنوانیاں ہوئی ہیں ان میں دھاندلیاں ہوئی ہیں ان میں کتنا لیا گیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میں نے جب بھی اس ایوان میں بات کی ہے اس کے پیچھے ایسی بات نہیں ہے کہ کوئی دلیل نہ ہو بلکہ ہم یہ ثابت کر سکتے ہیں جناب کہ غلام سرور نابینا نے کس کے حوالے سے اور کن کن افراد کے ساتھ کہاں کہاں بیٹھ کر کن کن لوگوں کے لیے کس قسم کی باتیں کی ہیں ان کے تمام ثبوت ہم فراہم کر سکتے ہیں اور جنرل مجید ملک صاحب ہم یہ گزارش کریں گے کہ ظاہر ہے کہ اگر ایسی بات نہ ہوتی تو اس بیان کو آپ اٹھا کر دیکھیں جو نابینا نے دیا ہے اور اس نے کہا کہ گندم کی deal میں میں ملوث تھا اور میں نے فلاں فلاں افراد سے بات کی ہے میں سمجھتا ہوں کہ چونکہ یہ ایک اہم مسئلہ ہے اور ہم گندم منگواتے ہیں اور وہ پاسکو کے گوداموں میں سڑ جاتی ہے اور ہم اپنے کاشتکاروں سے ۱۲۰ اور ۱۲۵ روپے من گندم خریدتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس حساب کو دیکھا جائے تو ۵۰ نہیں بلکہ ۷۰ ڈالر فی ٹن جو ہے کم ہمیں پاکستان سے گندم ملتی ہے اور یقیناً جو میں نے دوسری تحریک التواء دی ہے اس میں واضح طور

---

† (xxxxx) (بحکم جناب چیئرمین حذف کیا گیا)

محکمہ خوراک کی رپورٹ ہے ہم اپنے اس ہدف کو پورا نہیں کر سکے پاسکو کو جو ہدف دیا گیا تھا پاکستان سے گندم کی خریداری کے لیے اس ہدف کو وہ پورا نہیں کر سکی اور اس بارے میں اگر وہ ہمیں تحقیقات کی یقین دہانی کرائیں کہ آخر وہ کون سی وجوہات ہیں کہ پاکستانی گندم کی خریداری کے لیے جو ہدف مقرر کیا گیا تھا اسے پورا نہیں کیا جا سکا اور اس میں کون کون سی وجوہات ہیں میں یہی گزارش کروں گا کہ یہ ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے، نازک مسئلہ ہے اور یہ جو غذائی قلت ہوتی ہے ہمارے ہاں اس کا مسئلہ ہے اس لیے میں گزارش کروں گا کہ اسے آپ وزارت زراعت کی جو متعلقہ کمیٹی ہے اس کے سپرد کیا جائے اور اس میں جو ہمارے معلومات ہیں یا جو فگرز ہیں ہم وہ پیش کریں گے اور اسی طرح ہمارے محترم جنرل مجید ملک صاحب اور بیگم عابدہ صاحبہ کی طرف سے کانجو صاحب اور وزارت خارجہ اور وہاں کے جو سفیر ہیں وہ اس بارے میں تمام کی تمام معلومات دیں تاکہ قوم کو مطمئن کیا جا سکے۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جنرل صاحب مختصراً یہ بیان کر دیں کہ یہ بین الاقوامی ٹینڈر پرائس کے مطابق ہے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹاہرڈ) عبدالمجید ملک: جناب ولا! میں مختصراً ہی عرض کروں گا لیکن دو تین چیزیں ایسی ہیں جو وضاحت طلب ہیں، سب سے پہلے تو حافظ صاحب نے کہا کہ جو سیکریٹری صاحب نے مجھے لکھ کر دیا ہے وہ میں نے یہاں آپ کے سامنے پیش کیا۔ سیکریٹریوں کا اپنا کام ہے، ان کا کام ہے لکھنا لیکن ہمارا کام صرف پڑھنا نہیں ہے اس لیے میں ان کو tender prices ، یہاں کی local prices کتنی، کس مہینے میں امپورٹ ہونے والی۔۔۔اگر یہ چاہیں تو میں اس وقت از براں ان کو ساری چیز بتا سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین: ابھی نہ بتائیں بعد میں بتائیں۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: لیکن ان کا یہ کہنا میں سمجھتا ہوں جائز نہیں ہے۔

حافظ حسین احمد: یہ کیوں نہ بتائیں۔

جناب چیئرمین: ابھی admissibility پر بات ہو رہی ہے اگر وہ یہ کہہ رہے ہیں کہ اس کے مندرجات غلط ہیں تو وہ کافی ہے اس وقت admissibility کے مرحلے پر۔۔۔۔۔

حافظ حسین احمد: اگر وہ ہمیں تفصیلات بتاتے ہیں تو ظاہر ہے ہم نے ان سے ضد تو نہیں کرنی اگر ہم ان سے مطمئن ہوتے ہیں تو ہم خود اسے press نہیں کریں گے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) عبدالمجید ملک: جناب! میں نے یہ remark اس لیے دیا ہے کیونکہ حافظ صاحب نے ایک قسم کا الزام لگایا ہے دوسرے الفاظ میں یہ بتانے کی کوشش کی کہ منسٹر صاحب کو خود کو تو کچھ پتہ نہیں ہے جو سیکریٹری لکھ کر دیتے ہیں وہ یہاں پڑھ کر سنا دیتے ہیں، یہ الزام جائز نہیں ہے ہم بالکل اپنی استطاعت کے مطابق کام کرتے ہیں اور میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ گندم اور fertilizers کے سلسلے میں میں ذاتی طور پر involved ہوں اور اگر کل پرسوں کوئی نکلے کہ کوئی رشوت لے لی ہے تو اس کو بھی میرے ذمہ آنا چاہیئے اور میں وہ ذمہ داری لینا قبول کروں گا اس لیے میں نے عرض کیا ہے میں اتنا بے بہرہ بھی نہیں ہوں ٹھیک ہے کہ ساری تفصیلات نہیں پتہ ہوں گی لیکن سیکریٹریوں پر ہم اتنا انحصار نہیں کرتے جتنا کہ ان کا خیال ہے۔

جناب والا! دوسری بات انہوں نے یہ کہی ہے کہ مجھے کیا پتہ ہے، میں منسٹری میں بیٹھا ہوں میں تین سال سفیر بھی رہا ہوں ویسے بھی میں ادھر ادھر کافی گھومتا پھرتا رہا ہوں حافظ صاحب دیکھیئے ایک پوائنٹ کو میں نے سفیر بن کر کہا ہے she or he is the final authority ایک ٹینڈر کمیٹی نیچے سے چلتی ہے larger committee جو overseas embassy کو ریفر کرتی ہے پھر اکنامک منسٹر جو ہے وہ اس کو supervise کرتا ہے وہ final decision لیتا ہے then, it goes for approval to the ambassador اس واسطے میں سمجھتا ہوں کہ سفیر جو بھی ہوتے ہیں وہ بے قصور ہیں تیسرا نابینا سکینڈل کے متعلق میں نے تو اس کے متعلق نہیں پڑھا کہ گندم کے لیے اس نے کہا ہے کہ گندم کے لیے تو اس کو امریکہ جا کر کسی سے بات کرنی پڑے گی کیونکہ ٹینڈر سارے وہاں ہوتے ہیں، نہ یہاں

سیکریٹری کے ہاتھ میں ہے نہ کسی ایڈیشنل سیکریٹری کے ہاتھ میں ہے۔اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ اگر وہ کہتے ہیں کہ ۵۰، ۶۰ ڈالر اخبارات میں آیا ہے تو وہ دکھادیں ہمیں پھر میں اس پر جواب دوں گا ایسی کوئی حقیقت نہیں ہے میں ان کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ جتنا ممکن ہو یہ جو درآمدات ہیں ان میں ہم کوشش کر رہے ہیں کہ ہمیں پاکستان کو بہترین price ملے جیسے میں نے پہلے کہا کہ فرشتے تو سارے ہیں نہیں لیکن حتیٰ الامکان یہ کوشش کی جارہی ہے کہ جس وقت ٹینڈر ہوتا ہے اس وقت سب سے کم price پر ہم لیتے ہیں جہاں تک لوکل کا تعلق ہے ہم نے ۱۲۴ روپے support price رکھی ہے ۱۳۶ پر ملوں کو issue کرتے ہیں اور اب انشاء اللہ اگلی فصل آنے والی ہے اس میں بوائی سے پہلے ہم اس کو کچھ بڑھائیں گے اس لئے میں ان کو اس طرح explain کر سکتا ہوں کہ اس پر میں پوری نظر رکھے ہوئے ہوں جہاں تک پاسکو کا سوال ہے پاسکو کو ۹ لاکھ ٹن کا ہم نے ہدف دیا تھا ۸۳ء۸ یا ۸۳ء۸ انہوں نے گندم خریدی ہے they are short by, I think seven thousand tons's and so on اس لئے میں آپ کو عرض کروں گا کہ اس کو پریس نہ کریں اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: حافظ صاحب اس پر زور دیں گے کہ نہیں؟

حافظ حسین احمد: نہیں جی میں کمزور آدمی ہوں کیا زور دے سکتا ہوں، میں گزارش کروں گا کہ الحمدللہ انہوں نے یہ اعتراف کر لیا ہے کہ ۱۲۴ میں ہم خریدتے ہیں ظاہر ہے کہ میں اس ملک میں رہتا ہوں گندم بھی کھاتا ہوں اور آپ سب حضرات خوراک کھاتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ اگر وزیر صاحب ہمیں یہ یقین دہانی کرائیں کہ وہ زیادہ سے زیادہ اپنے کاشتکاروں سے جو گندم بوتے ہیں اور جن کے پاس گندم پڑی ہے اور جس طرح پاسکو کی اور اگر ۱۲۴ کے حساب سے آپ دیکھیں آپ خود calculator منگا کر دیکھیں تو میں سمجھتا ہوں کہ جو یہ کہہ رہے ہیں کہ ۷۰ ڈالر فی ٹن ہے اور اس پر جو اخراجات ۲۲ ڈالر ہیں وہ اس سے کئی گنا کم پڑتی ہے اور جو میں نے کہا کہ اپنی گندم ۵۰ سے لے کر ۶۰ ڈالر کی وہ اس سے

بھی کم پڑتی ہے اور ظاہر ہے کہ امریکی گندم تو امریکی گندم ہے اور جو ملکی گندم ہے اس کا توجواب نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس حوالے سے اب تو ہمارے لیے یقیناً عجیب بات ہے کہ کہہ رہے ہیں سعودی عرب سے ہم منگوا رہے ہیں، یعنی سعودی عرب نہ صرف خود کفیل ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں اب مسئلہ تو یہ ہے کہ آپ اس پر زور دیتے ہیں کہ نہیں دیتے۔

حافظ حسین احمد: نہیں میں زور نہیں دے رہا۔

Mr. Chairman : disposed of as not pressed.

سید اقبال حیدر: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! میں آپ کی توجہ اس حقیقت کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ آج وقفہ سوالات تو ایک گھنٹے کی بجائے آدھے گھنٹے کا آپ نے رکھا اور تحریک التواء کے لئے آدھے گھنٹے کی بجائے ڈیڑھ گھنٹے تک اس پر بحث ہوئی۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے جی آپ نے مجھے پہلے point out نہیں کیا لیکن یہ جو وقفہ سوالات ہوتا ہے اس کے بارے میں وضاحت کر دوں۔ rules یہ کہتے ہیں کہ۔۔۔ First Hour

سید اقبال حیدر: نہیں۔ One Hour

جناب چیئرمین: نہیں۔ First Hour آپ دیکھ لیں ہمیشہ سے interpretation بھی یہی رہی ہے، قومی اسمبلی کی بھی یہی ہے کہ First Hour میں Question Hour ہوتا ہے اگر۔۔۔

Syed Iqbal Haider : Question Hour کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: اس کی language میرا خیال ہے یہی ہوگی آپ دیکھ لیں۔

سید اقبال حیدر: Question Hour کا ذکر ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں First Hour ہو گا۔

سید اقبال حیدر: اور Question Hour تو آپ نے آدھا گھنٹہ بھی نہیں دیا۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں اقبال حیدر صاحب مجھے یاد ہے کہ language یہ ہے۔

Ch. Amir Hussain : Rule 38: "Except as otherwise provided in these rules, the first hour of every sitting ..." ;

FIRST HOUR

Mr. Chairman : First hour is devoted to questions.

اس میں اگر وقت آپ لے لیتے ہیں کسی اور مقصد کے لیے تو وہ اسی میں سے جائے گا۔

Syed Iqbal Haider : No Sir, first hour means the first hour of the proper sitting.

first hour میں تو تلاوت کلام پاک بھی آجاتی ہے۔

جناب چیئرمین: آجاتی ہے۔ but first hour still remains first hour.specially یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔

سید اقبال حیدر: اس کی amendment بھی انشاءاللہ پیش کروں گا۔

جناب چیئرمین: یہ پرانی روایت ہے آج کی نہیں ہے۔ جناب کانجو صاحب۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: جناب میں یہ عرض کروں گا میرے محترم بھائی اور فاضل سینیٹر حافظ صاحب نے جذبات میں شاید احترام سے تھوڑا ادھر اُدھر ہو گئے ہیں۔ عورتوں کا ایک احترام ہوتا ہے سفیرنی کوئی لفظ نہیں ہے محترمہ سفیر ہوتا ہے۔ یہ expunge کیا جائے۔

جناب چیئرمین: اچھا جی۔ محترمہ سفیر ہوتی ہیں یا ہوتا ہے۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: سفیر ہوتی ہیں۔

جناب چیئرمین: محترمہ سفیر ہوتی ہیں۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: محترمہ سفیر ہوتی ہیں محترمہ سفیر ہوتا ہے۔ یہ

expunge کیا جائے سفیر نی کوئی لفظ نہیں ہے۔اس میں بہت derogation ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔جی۔ Now we come to the next item which is item No. 4. adjournment motion کا ٹائم ختم ہو گیا۔

جناب محمد صدیق خان کانجو: یہ ایک لے لیں۔

Mr. Chairman : We don't have time now.

پہلے ہی اقبال حیدر صاحب نے فرمایا.....

جناب محمد صدیق خان کانجو: سر، irrelevant گفتگو تو first hour میں تو نہیں ہوتی۔

جناب چیئرمین: نمبر ۴ چوہدری امیر حسین صاحب۔

ORDINANCES-LAID

Ch. Amir Hussain : Sir, I beg to lay fefore the Senate the following Ordinances, as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan :

1. The Code of Criminal Procedure (Amendment) Ordinance, 1992 (Ordinance No. IX of 1992).
2. The Criminal Law (Fourth Amendment) Ordinance, 1992 (Ordinance No. XI of 1992).
3. The Anti-Narcotics Task Force Ordinance,1992 (Ordinance No. XII of 1992).

Mr. Chairman : The Ordinances stand laid. Next No. 5.

Annual Report of the FPSC for year 1990 under Section of the FPSC ord. 1977 XLV of 1977

Ch. Amir Hussain : Sir, I beg to lay before the Senate a copy of the Annual Report of the Federal Public Service Commission for the year, 1990, as required under sub-section (1) of section 9 of the Federal Public Service Commission Ordinance, 1977 (XLV of 1977).

Mr. Chairman : The report stands laid. No. 6, Muhammad Ali Khan Sahib.

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE REG. AGRICULTURAL PESTICIDES (AMENDMENT) BILL, 1992.

Mr. Muhammad Ali Khan : Sir, I beg to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Agricultural Pesticides Ordinance, 1971 [The Agricultural Pesticides (Amendment) Bill, 1992].

Mr. Chirman : The report stands presented. Next item No. 7, Abdul Majeed Malik Sahib.

MOTION UNDER RULE 87 (2)

Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik : Mr. Chairman Sir, I beg to move that the requirement of sub-rule (2) of rule 87 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 in regard to the Bill further to amend the Agricultural Pesticides Ordinance, 1971 [The Agricultural Pesticides (Amendment) Bill, 1992], be dispensed with.

Mr. Chairman : It has been moved by Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik, Minister for Food and Agriculture that the requirement of sub-rule (2) of rule 87 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 in regard to the Bill further to amend the Agricultural Pesticides Ordinance, 1971 [The Agricultural Pesticides (Amendment) Bill, 1992], be dispensed with.

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : The rule stands dispensed with. Item No. 8.

THE AGRICULTURAL PESTICIDES (AMENDMENT) BILL, 1992

Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik : Mr. Chairman, Sir, I beg to move that the Bill further to amend the Agricultural Pesticides Ordinance, 1971.

Mr. Muhammad Tariq Chaudhry : Point of order, Mr. Chairman.

جناب منظور احمد گچکی: کورم پورا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: کورم پورا نہیں ہے۔ گنیں جی۔ کتنے ہیں؟ جی ۲۱ تو پھر کم ہوئے ناں۔ ایک یہ مسئلہ بھی ہے اس پر فیصلہ نہیں ہوا۔ طارق چوہدری صاحب چیئرمین کو آپ اس گنتی میں شامل کریں گے یا نہیں بہر حال یہ ایک قانونی مسئلہ ہے اس پر ابھی فیصلہ کرنا رہتا ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری : Next time اس پر فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔

جناب چیئرمین: بہر حال ابھی گھنٹی بجائیں ابھی ۲۱ ہیں فی الحال ہم ان کی بات مان لیتے ہیں لیکن finally فیصلہ بعد میں کریں گے۔

(گھنٹیاں بجائی گئیں)

Mr. Chairman: The House is in order. So it has been moved by Lt.Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik, Minister for Food and Agriculture that the Bill further to amend the Agricultural Pesticides Ordinance, 1971 [The Agricultural Pesticides (Amendment) Bill, 1992], as reported by the Standing Committee be taken into consideration at once.

Any views of the honourable Members on this Bill? Yes, Syed Iqbal Haider Sahib.....

سید اقبال حیدر: میں امید کرتا ہوں کہ میں جس نکات کی نشاندہی کر رہا ہوں۔ جناب وزیر خوراک اس پر غور فرمائیں گے۔ جناب چیئرمین pesticides کے بارے میں جو یہ قانون اور ترامیم پیش کی گئی ہیں ان میں ایک بنیادی نکتے کو انہوں نے بالکل نظر انداز کر دیا ہے آج پاکستان میں تمام ذی ہوش انسان محبّ وطن تمام اخبارات تمام سائنسدان اور تمام اچھے scientific agriculturists چیخ چیخ کر کہہ رہے ہیں کہ میرے ملک میں اس بڑی تعداد میں وہ زہریلا pesticides لایا جارہا ہے جس کے اوپر پوری دنیا میں پابندی لگا دی گئی ہے۔ وہ کسی حالت میں بھی کسی ملک میں بھی استعمال نہیں ہو سکتا اس زہریلے pesticide کی درآمد کو روکنے کے لئے کسی قسم کے کوئی اقدامات نہ تو ہماری Health

Ministry کر رہی ہے نہ ہماری خوراک کی منسٹری کر رہی ہے میں آپ کی توجہ مختلف editorials اور آرٹیکلز کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں جس میں بار بار یہ نشاندہی کی گئی ہے۔

Most dangerous pesticdes are being imported freely.And it is reported in daily Dawn of July 18th that at least six out of seventeen most dangerous pesticides that are either banned in most of the developed countries or their use has been strictly restricted are imported in bulk freely by multinational companies on the pretext of improvining the agricultural output. According to informed sources the other eleven pesticides which too, are being considered to put on the PIC (prior information consent list) are also imported freely regardless of the health hazards to the human beings wild-life soil and environment.Then there is a, I don't want to take too much of time, I can give the clippings of these editorials, articles to the honourable Minister for Food for his consideration. For God-sake don't force people of Pakistan to eat poison and do not allow destruction of the fertility of our land and destruction of our environment. Now it has been established that every family which is using any agriucltural produce is, infact, eating poison and it is reported in the magazine section of daily Dawn dated July 14 to July 29 that those aiming at a better quality of life would hate to have insect & pest around or inside their homes; the cockroaches, the big bugs, the flies and of course, the mosquitoes. They would surely like to get rid of them but not at the cost of their own life. However, this is exactly what is happening in Pakistan today. The pesticides we are using are highly poisonous designated so by Pakistan Pesticides Act of 1973. The Public Health Laws protect the people from the hazards of pesticides through the dangerous Drug Act of 1930 and the Drugs Ordinance of 1976, there is no compliance of these laws because of the conspicous absence of monitoring implementing agencies which could at least regulate the safe use of pesticides in the public health programmes. According to WHO's statistics there are cases of five hundred thousand poisoning and five thousands deaths as a result of ill-effects of the pesticides. These datas are however, silent on the side effects which surface much later in the environment and fertility of land.

I can go on quoting another dangerous toxic effect of the pesticides in my environment and on my soil and this is an article of Richard Anrich on our sub-continent, Sir, and this article, I will also present to the honourable Minister for his perusal. Editorials in daily 'Dawn of July 20th and before and

articles in other newspapers have also gone unheard. There has been no effect at all on the government that what are they doing, why are they playing with the life of the people for the benefit of few multinational corporations who are out to have there pound of flesh irrespective of the fact whether my land is really fertilized or de-fertilized or whether my people are really getting a healthy food or not.There is complete silence of the government and the shocking aspect of this, Mr. Chairman, is that this hue and cry is not new. Our newspapers, I do give them credit, to all these newspapers who have been consciously pleading the case of the people in order to save them from the poison of pesticides but our government has not even bothered to contradict these reports to take any steps to remedy this situation to contain and arrest this influx of the pesticides or to save our soil; the soil that we live on, the soil that we all struggle for and the soil that we are all committed to protect, if they can not do it. Sir, we can not allow the destruction of our soil and I will humbly plead to this government that you are inpower, please don't destroy the soil of Pakistan for the few paltry millions of dollars that the multinationals are making and our agents and their collaborators in the government and in the trade are receiving in the form of a kick'back and the commission and bribery and strict action infact, extremely, exemplary punishment must be awarded to those who are improting poison in Pakistan and they deserve the sentence for murder. Thank you very much Mr. Chairman.

میاں عالم علی لالیکا: جناب والا بڑے اختصار سے عرض کروں گا کہ جب یہ بل پیش ہوا تھا اس پر میرے بھائی اقبال حیدر صاحب نے ترمیم دی تھی اور میں نے بھی اس پر امنڈمنٹ دینے کی جسارت کی تھی' مجھے اپنے بھائی اقبال حیدر کے جذبات کا پورا پورا احترام ہے اور انہوں نے جن خیالات کا اظہار فرمایا ہے یہ ایک مسئلہ امر ہے اس سلسلے میں اخبارات بھی بھرے پڑے ہیں ٹیلی ویژن سے روز ہم خبریں دیکھتے ہیں CNN سے روز آتا ہے کہ pesticides کے مضر اثرات سمندری مچھلیوں پر کس قدر زیادہ ہو گئے ہیں اور کس طرح ان میں ان ادویات کے اثرات مجتمع ہو گئے ہیں اور کس طرح سے یہ انسانی صحت پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ یہ ایک بین الاقوامی مسئلہ ہے میں اپنے بھائی اقبال حیدر صاحب کے جذبات کا احترام کرتے ہوئے ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ حکومت خواہ کوئی

بھی ہو اسے pesticide import کرنا پڑتی اور بین الاقوامی طور پر اس کا کوئی اور طریقہ نکل آئے تو اسکا ہم خیر مقدم کریں گے ہم اسکی تواضع کریں گے۔ سر دست جن خدشات کا انہوں نے اظہار فرمایا ہے میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس پر ہم نے کمیٹی میٹنگ میں بڑا thoroughly discuss کیا ہے، وہاں اس بات کو میں نے شاید انہی کی نشاندہی پر point out کیا تھا اس میں (7) clause کا جو (c) portion ہے جو کمیٹی کی رپورٹ ہے اس میں یہ کہا گیا ہے۔ the government assured that the rules to be framed under the Amendment bill would condition the import of pesticides to only those pesticides which are registered in the home country as well as one of the European countries or Japan or United States of America. Furthermore all those pesticides which are banned in the developd countries will also be banned in Pakistan یہ وزیر زراعت صاحب ہمیں یقین دہانی کروادی تھی کہ جو pesticides دوسرے ممالک میں banned ہیں اور جن کے مضر اثرات کے بارے میں کوئی شبہات باقی نہیں رہے ہیں وہ بھی اس ملک میں import نہیں کی جائیں گی۔

جہاں تک میرے بھائی اقبال حیدر صاحب کی اس بات کا تعلق ہے کہ pesticides کے اثرات، صحت پر کتنے رونما ہو رہے ہیں تو یہ تو بڑا ہی توجہ کا متقاضی مسئلہ ہے سر دست اس بل کے purview سے بہت بلند تر ہے اور بڑی اہمیت کا طالب ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ڈاکٹر بشارت الٰہی صاحب۔

Dr. Bisharat Elahi : I fully endorse the views expressed by Senator Iqbal Haider and I am also not in disagreement with what my learned friend Senator Alam Ali Lalika has just said. I have just gone through, very quickly, the report of the Senate Standing Committee and the issues raised by my friend Mr. Iqbal Haider have also been considered by this committee and they have expressed their apprehensions and their reservations on a few

things relating to this Bill. I believe according to this report there have been amendments in the Bill and the government has assured that rules to be framed under the Amendment Bill would condition the import of pesticides only to those pesticides which are registered in the home country as well. This is very encouraging but Sir, I would request the Minister to kindly reconfirm this and these rules which are to be framed should be framed within a specified time limit and these rules should then be sent to the Senate Standing Committee for their knowledge and also for their approval. It has been my experience that the things which are kept pending, linger on indefinately and no action is taken on that. I do not want to cast any aspersions on the government but unfortunately the things have been delayed for too long. The danger of the pesticides is very real and whatever the newspapers have said about them fall short of the real dangers of these pesticides. My friends on the front benches will stand up and say that the government is alive to the dangers but my question is that if the government is then what have been done about them so far? I regret to record that farmers who use the pesticides are not even conversant with the use and the method of use of these pesticides, I have my doctor friends who keep telling me the cases which are referred to the Hospitals where people's health has been harmed because of these pesticides and in certain cases people have even died because of the use of these pesticides. They are not aware of how to use these pesticides. It is, indeed, a very serious matter and it needs the government's immediate attention and I would, therefore, request the honourable Minister to kindly frame the rules in the minimum possible time and forward them to the Senate Standing Committee on Agriculture I thank you, sir.

Mr. Chairman : Minister for Food and Agriculture.

Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik : Mr. Chairman, Sir, I am very grateful to the three honourable Members; Syed Iqbal Haider, Mr.Laleka and Dr. Bisharat Elahi for pointing out the hazards of pesticides.

Mr. Chairman ! Sir, if you look at this Bill, it may have fallen short of something but really speaking there are three main things which you may call amendment or new things that we brought in which have been going on for a long time and which were detrement to the farmers, the production, health and so on. How these three main things that we brought in were;

First, is the reduction of prices by importing, some new types of pesticides;

The other is the quality control; and,

The third, is the punishments.

I would not go into the details of the Bill but about the import of pesticides. I would like to make a short statement.

First of all, as Dr. Bisharat Elahi said, I am saying that we are fully alive to this. Next he asked, what we are doing about it?

Sir, there is a system of the pesticides registration and there are hundreds of pesticides which are registered all over the world. There are two International Agencies -- one is the FAO and the other is the United Nations Environmental Production (UNEP). These are the main International Organizations which really declare what pesticides are dangerous to human health and other things. We constantly receive from them the lists of new pesticdes which are already registered and which are being brought on the banned list and so on and although, I have no hestitation in admitting that over the years this has been rather slow, the reaction to the banned pesticides from outside has been slow.

I am assuring the House, first of all, it is not the question of rules. We have already banned eleven items for the past one month. We have what is called. 'APTEC' Agricultrue Pesticides Technical Examination or whatever committee it is, which takes finally, the decision on the reports from the local authorities, agriculturists as well as from the International Organizations and they used to take a long time in banning an item which was banned by FAO or UNEP.We have now tried to get these fellows constantly sitting in action and recently they have for instance in the past three weeks, recommend the four others -- the eleven pesticides that Mr. Iqbal Haider was talking about -- four have already been banned and the other seven are in the process. Therefore, one thing, I have to say is that the rules already exist, but if there is an amendment required or if the honourable Members want to bring in any further amendment later on, to this Bill. We will be very happy to accept this, there is one other development. Mr. Chairman, I would like to, through your good offices, explain and that is that there is, in the world ever, right now, a lot of consciousness of what the Honourable Members have just said that these are harmful and therefore, a new shcme, a new project is coming up which is called the Integrated Pest Management Programme (IPM) -- in the whole of South Asia. Unfortunately for us, we were the only country which was left out and the Members of this Integrated Pest Management include Indonesia, Malaysia, Bangla Desh, India etc. I was honoured to preside over the FAO annual Meeting in Rome last year and there we made a special

request and now we have become the members of IPM and the FAO is giving us quite a bit of money to start on the Integrated Pest Management that really means is create new pests to sit up the old pests and therefore reduce as the time goes on the actual use of these pesticides and so on therefore we are working on, that very consciously and I assure the members as a matter of fact new rules as such are not really essential right now, the essential things the implementation of the rules; international as well as national that already exist. We should implement them forcefully and we are working on that as much as we can and I assure the House that this will be a detailed examination as well as action will be taken on this. I would like to request through you (Mr. Chairman) to the House here, that this "Pesticides Bill"... there has been a mention by Mr. Iqbal Haider about multi-nationals .... this Bill is exactly what is going against the multi-nationals, despite their pressures. We have a lot of pressures, they have gone to the High Court and got the decisions against it that is why there is a need for this Bill. Therefore, it proves that this Bill is going against the multi-nationals, although, they are pressurising us but we are not taking their pressure. I would suggest that in the present form this Bill may kindly be passed which is according to the desire of the farmers, it will reduce the prices, it will cut out adulteration, at least to minimize this and so on and there will be quality control and if further amendments are required or whatever we can do, we are available I thank you.

جناب چیئرمین: جو تجویز تھی کہ ہاؤس کمیٹی رول جلدی بنائیں وہ وہاں پیش کر دیں، ان کو بھیج دیں. for their knowledge

Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik : The rules already exist but if there is an amendment required, we will re-examine that and we will come up to the House Committee again.

Mr. Chairman : O.K.

Dr. Bisharat Elahi : Mr. Chairman ! The report of the Senate Committee. Item 8 if the rules already exist then there was no need in inserting it over here.

Mr. Chairman : Item 8 reads as :

"The Government assured that the rules to be framed under the (Amendment) Bill would condition the import of pesticides etc."

تو اس میں کچھ گنجائش ہے کہ رول اب بنائیں گے۔

Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik : As a matter of fact, Sir, the rules are there because we are not working without rules but certainly, we are examing to amend those and so on to bring it to the House Committee.

Mr. Chairman : O.K. So, I will put the motion before the House.

It has been moved by Lt. Gen. (Retd.) abdul Majeed Malik, Minister for Food and Agriculture :

"That the Bill further to amend the Agricultrual Pesticides Ordinance 1971. [The Agricultural Pesticides Ordinance (Amendment) Bill, 1992] as reported by the Standing Committee be taken into consideration, at once?

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : The motion is adopted. Now we will take the Bill clause by clause. Any amendments to any of the clauses of the Bill?

(Pause)

Mr. Chairman : No amendments. "The question is :

"that clause 2 to 12 do form part of the Bill?"

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : Clauses 2 to 12 form part of the Bill.

"That question is that the preamble and clause 1 which is short title and commencement do form part of the Bill?

(The motion was adopted)

Mr. Chairman : The preamble and clause 1 which is short title and commencement form part of the Bill".

Mr. Chairman : Now item No. 9, Majeed Malik Sahib.

Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik : Mr. Chairman Sir, I beg to move that the "Bill further to amend the Agricultural Pestides Ordinance, 1971. [The Agricultural Pesticides (Amendment) Bill, 1992]" be passed.

Mr. Chairman : It has been moved by Lt. Gen. (Retd.) Abdul Majeed Malik, Minister for Food and Agriculture "that the Bill further to amend the Agricultural Pesticides Ordinance, 1971 [The Agricultural Pesticides (Amendment) Bill, 1992]" be passed.

(The motion was adopted).

Mr. Chairman : The Bill stands passed. Next item No. 10; "Bill further to amend the Copyright Ordinance, 1962.

جناب منظور احمد لچکی: جناب والا یہ ہماری understanding ہوئی تھی کہ یہ آج نہیں ہو گا۔

سید فصیح اقبال: Point of Order جناب والا پتہ نہیں اس بل کی کیا بد قسمتی ہے کہ جب بھی یہ بل آتا ہے، اب کل ہو گا اور وہ کل کبھی نہیں آرہا۔ ایک اور ضروری بات تھی کہ نیشنل اسمبلی ہماری پارلیمنٹ کا ایک حصہ ہے وہاں سپیکر صاحب نے یہ فیصلہ کیا ہے قواعد و ضوابط کے بعد consensus ہوا ہے کہ آئندہ سے ممبران وہ نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین: کیا نہیں کریں گے؟

سید فصیح اقبال: یعنی جھکیں گے نہیں اور وہ السلام علیکم کہیں گے اور سینے پر ہاتھ رکھیں گے جب آئیں گے تو آپ کے یہاں یہ عجیب ہے کہ ایک فیصلہ وہاں ہوا ہے یا تو آپ بھی اختیار کر لیں یہ دو ایوانوں میں مختلف، متضاد باتیں نہیں ہو سکتیں۔

جناب چیئرمین: یہ آپ کی رولز کمیٹی کا کام ہے آپ اسے دیکھیں آپ جھکنا چاہتے ہیں یا نہیں جھکنا چاہتے۔

سید فصیح اقبال: ہم جھکنا نہیں چاہتے۔

جناب چیئرمین: ویسے بھی یہ جھکنا نہیں وہ جھکنا نہیں ہے ویسے میں آپ کو بتاؤں

فصیح صاحب کہ میں نے وہ رولز منگوائے ہیں آپ نے دیکھا ہوگا کہ انہوں نے جو رولز بنائے ہیں اس میں کچھ رولز ہمارے fallow کئے گئے ہیں کیونکہ ہم پہلے رولز بنا چکے ہیں تو ان رولز کو examine کر کے 'ان رولز میں کوئی اچھی بات ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں بھی adopt کرنے چاہئیں۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین! یہ سینے پر مکہ مار کر کھڑے ہونا، اس سے ذرا تکبر اور دوسرا تاثر ملتا ہے کہ ہم سینہ ٹھونک کر آئے ہیں، لڑ لو کشتی اس کا تاثر بہت برا پڑتا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: اس وقت بحث کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا؟ میرے خیال میں کمیٹی میں اس پر تفصیل سے غور کر لیں اور جو آپ مناسب سمجھیں وہ کر لیں۔

سید فصیح اقبال: جناب پھر copy right کا کیا ہوگا؟

جناب چیئرمین: کل انشاءاللہ take up کریں گے۔جی۔جناب لالیکا صاحب۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب چیئرمین ! پچھلے اجلاس میں میں نے اسی طرح Point of Order پر جناب کی توجہ مبذول کرائی تھی اس امر کی جانب جو میرے سارے ان بھائیوں کے دل کی آواز ہے جن کی گزراوقات یا جس کے وسائل صرف تنخواہ ہی ہے یا جو سہولیات آپ ان کو دیتے ہیں ، ویسے تو اس کارزار سیاست میں آکر ان معمولی رقوم کی کوئی اہمیت نہیں رہ جاتی یہاں بہت بڑے بڑے معاوضے ملتے ہیں یہاں بہت بڑی بڑی عنایات وصول ہوتی ہیں۔ یہاں کروڑوں اربوں کے سودے ہوتے ہیں یہاں آکر چار ایکڑ کے مالک چار اربوں کے مالک بن جاتے ہیں لیکن کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو اپنے وسائل میں رہ کر گزارہ کرنا چاہتے ہیں، صورت احوال یہ ہے مسٹر چیئرمین کہ پندرہ ہزار روپے گھر سے لے کر آتے ہیں اور پندرہ ہزار کے مقروض ہو کر واپس چلے جاتے ہیں، ٹیلیفون کے بل ہمارے سروں پر معلق ہیں، ہوسٹلوں کے کرائے ہم ادا نہیں کر سکتے۔ خوراک کی

گرانی ہمارے سروں پر عذاب بنی ہوئی ہے۔ ہم نے کیا جرم کیا ہے؟ مجھے ایسے خطوط ملے ہیں کہ ممبر پارلیمنٹ ہونے کی حیثیت سے آپ کو ان چیزوں کی طلب اور توجہ نہیں کرتی چاہئے تو میں اس کے جواب میں ٹیلی فون کے بل لایا ہوں۔ میرے تین جگہ پر ٹیلی فونز ہیں ایک جگہ کے ٹیلی فون کا بل پچاس ہزار روپیہ مہینے کا ہے نہ میرا کوئی بچہ امریکہ میں پڑھتا ہے۔ نہ میری کوئی بچیاں سکولوں میں پڑھتی ہیں۔ فقط میں ہوں اور میری بیوی ہے۔ اور جتنے بھی میرے اخراجات ہیں وہ ہارون آباد اور بہاول نگر call کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آج میں حیران رہ گیا کہ یہ کہتے ہیں کہ اگر کراچی call کی جائے تو ایک سو پتہ نہیں کتنے روپے منٹ..... تو ٹیلیفون کا آپ کو نہیں ملتا اس کے مطابق؟

میاں عالم علی لالیکا: جناب والا! کہاں ملتا ہے؟

جناب چیئرمین: پھر کیا ملتا ہے؟

سید اقبال حیدر: دو ہزار روپے مہینہ، کل دو ہزار۔ دفتر گھر باقی جتنے ٹیلی فون ہیں، صرف دو ہزار۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کروں کہ مصیبت یہ ہے کہ بڑے تھوڑے لوگ ہیں جو اپنے وسائل میں رہ کر گزارہ کرتے ہیں۔ جو رزق حلال پر زندہ رہنا چاہتے ہیں۔ ورنہ تو یہاں آمدنی کے انبار لگ جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: بہر حال، منسٹر صاحب بھی موجود ہیں Sunday کو غالباً ایک قرارداد بھی اس مسئلے پر آرہی ہے۔ منسٹر صاحب موجود ہیں۔ باقی منسٹر صاحبان بھی ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: جی لالیکا صاحب۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب میں نے جس چیز پر آپ کی توجہ مبذول کرائی اس پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعے۔ میں نے پچھلی مرتبہ یہ ارادہ کیا تھا کہ اگر کوئی آرڈیننس اس بارے میں نہیں آتا ہے اور ہماری سہولیات اور ضروریات اور لوازمات، سامان تعیش نہیں ہیں۔ یہ

عیش و عشرت کے سامان نہیں ہیں۔ اگر ان میں اضافہ نہیں کیا جاتا تو میں آئندہ سینٹ کے اجلاس میں حاضر نہیں ہوں گا۔ اب جو تین آرڈیننس میرے سامنے آئے ہیں۔ میرا جی چاہا تھا کہ میں اس وقت یہ احتجاج کر کے ایوان سے چلا جاؤں لیکن چونکہ حکومت کا ایک آدمی فرد ہوتے کے ناطے قانون سازی تھی تو میں نے نہیں چاہا کہ اس سلسلے میں ہمیں کچھ ندامت ہو۔ حالانکہ اپوزیشن والوں نے کمال مہربانی فرماتے ہوئے دست تعاون بڑھایا ہے، لیکن جناب والا یہ آواز میری آواز نہیں ہے۔ یہ ان سب لوگوں کی آواز ہے جو اپنے وسائل میں رہ کر اپنا وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ جناب والا مکانات کے کرایوں کا موازنہ کر لیجئے۔ خوراک کی گرانی کا اندازہ کیجئے، کپڑوں کی دھلائی کا اندازہ کر لیجئے گا جناب والا! کانٹینٹل ہوٹل میں نوے (۹۰) روپیہ ایک جوڑے کی دھلائی ہے۔ اور عام دھوبی بیس روپے جوڑے سے کم پر کپڑا دھوتا نہیں ہے۔ یہ میرے پہنے ہوئے کپڑے میری بیوی ہاتھ سے دھوتی ہے، جناب والا، ملازمین کو دیکھ لیجئے، سیکرٹری جو ہیں ہمیں جو ٹائپسٹ ملتے ہیں، اس کی تنخواہ پندرہ سو روپے ٹائپسٹ کے لئے ہے۔ پندرہ سو روپے تو ایک بیلدار لینے کیلئے تیار نہیں ہے جناب والا۔ سٹینو گرافر کیا پندرہ سو روپے لے گا۔ گاڑیوں کی قیمت دیکھ لیجئے، ڈیزل کی قیمت دیکھ لیجئے، ٹیلیفون کال کے چارجز کو دیکھ لیجئے، اور پھر مہمان نوازی دیکھ لیجئے، ہوائی جہاز کے کرائیوں میں اضافہ دیکھ لیجئے کتنے فیصد ہوا ہے، ریل کے کرایوں میں اضافہ ہوا ہے، کتابوں کی گرانی دیکھ لیجئے گا، اخبارات کی گرانی دیکھ لیجئے گا، رسائل کی گرانی دیکھ لیجئے گا، ہم نے کیا جرم کیا ہے؟

جناب والا! ممبران پارلیمنٹ منتخب ہوئے ہیں یا ہمیں یہ قید بامشقت بہ ہمراہ جرمانہ دی گئی ہے، ظلم ہے جناب والا! چشم حقیقت سے اسے دیکھا جائے، اور ہماری ضروریات کے مطابق ہمیں وہ چیزیں دی جائیں، تو میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ مقام افسوس ہے کہ ہمیں، ممبران پارلیمنٹ کو آپ ہی کے سینٹ میں آپ کی بڑی اچھی حوصلہ افزائی میں، ہمیں ایک necessary evil سمجھا جاتا ہے، اواس طرح کہ ہمیں جو بنیادی

سہولیات دی جاتی ہیں اس میں ہماری سروسز جہاں ہیں، Senate Services وہاں فوٹو سٹیٹ مشین کا اہتمام کیا گیا ہے۔ وہاں ٹائپ رائٹر کا اہتمام کیا گیا ہے۔ مجھے کچھ شوق ہے تراشوں کا، میں editorials کو کتابی شکل دیتا ہوں تو وہ میں لے کر آیا تھا سیکرٹری صاحب کی خدمت میں، تو انہوں نے مجھے فرمایا ان کے اہل کاروں نے کہ سینٹ والوں کے لئے سینیٹرز کے لئے ہم نے علیحدہ provision مہیا کر دی ہے۔ سینٹ آفس میں، لاؤنج کے ساتھ تو آج جب میں وہاں گیا تو انہوں نے کہا جی کہ یہ جو مشین ہے یہ جناب اس سینٹ کے وجود میں آنے سے پہلے کی ہے، یہ پہلے کی مشین ہے جو یہاں آئی تھی، نوٹس برانچ والوں کو ملی تھی، پھر وہ لے گئے، پھر ان کو ملی وہ لے گئے، پھر نئی مشین آئی تھی جن کے پاس یہ تھی انہوں نے ہمیں لوٹا دی، نئی وہ لے گئے اب جن لوگوں نے ایک کاغذ یا دو کاغذ یا دس کاغذ دن میں فوٹو سٹیٹ کروانے ہوتے ہیں ان کو تو نئی مشینوں سے مزین کیا جاتا ہے اور یہ ۸۷ آپ کی نظروں کو دیکھنے والے اور آپ کے رحم و کرم پر چلنے والے لوگوں کے لئے سب سے پرانی اور سب سے ناکارہ مشین مہیا کی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: یہ مسئلہ ٹھیک ہو جائیگا، میں خود اسے دیکھوں گا۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب والا! ٹائٹ رائٹر وہ دیا گیا ہے، جس پر سیکھنے کے لئے بھی اگر کسی کو بٹھایا جائے تو شاید کوئی بچہ بھی سیکھنے کے لئے تیار نہ ہو وہ ٹائپ رائٹر وہاں مہیا کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ سب میری ہدایات کے برعکس ہے، میں اسے خود دیکھوں گا۔
I will ensure that you will get proper facilities.

میاں عالم علی لالیکا: میں جناب والا! آپ کا بڑا شکر گزار ہوں اور اس سلسلے میں بھی میں آپ کی اسی طرح یقین دہانی چاہتا ہوں جو میری معروضات کا پہلا حصہ تھا۔

جناب منظور احمد گچکی: میں جناب والا جناب عالم علی لالیکا صاحب کے بیان میں مزید اضافہ کرنا چاہوں گا مناسب تو نہیں ہے لیکن انہوں نے بات چھیڑ دی ہے تو میں عرض

کروں گا وہ یہ ہے کہ ہمارے لئے یہ ایک بہت بڑا مشکل مسئلہ ہے ہم جو دور سے آتے ہیں اصل میں ہمارے علاقے تربت سے اسلام آباد کا جو کرایہ ہے وہ تین ہزار روپے ہے صرف آنے کا اور جانے کا تو یہ ۶ ہزار ہو گئے اب ہمیں vouccher دیئے جاتے ہیں وہ تیس ہزار روپے کر دیئے جاتے ہیں پھر پانچ دفعہ آنے اور جانے میں یہ تیس ہزار روپے ختم ہو جاتے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ ایک آدمی اسلام آباد میں رہتا ہے اور ایک آدمی جو ہے وہ راولپنڈی میں رہتا ہے جب کہ وہ اس طریقے سے سفر نہیں کرتا اس کو اتنے ہی voucher دیئے جاتے ہیں جو دور کے لوگوں کو دیئے جاتے ہیں۔ ان کی اس تکلیف کو مد نظر رکھ کر یہ جو منسٹر صاحب لا رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان تمام چیزوں کو ذہن میں رکھا جائے گا اور یہ ہمارے لئے بہت زیادتی ہے یعنی دو ڈھائی ہزار روپے جو ہے وہ کراچی سے یہاں آنے کا ہے یا ساڑھے چار ہزار جو بھی ہے یہ ہمارے لئے مشکل ہے، voucher زیادہ سے زیادہ چلتے ہیں جو اسوقت آپ یقین کریں کہ کم از کم voucher ختم ہو گئے ہیں۔

<u>سید فصیح اقبال</u>: اس سلسلے میں میں، میاں لالیکا صاحب کے تمام نکات کی حمایت کرتا ہوں اس سے پہلے بھی ہم لوگوں نے مل کر یہ مسئلہ پیش کیا تھا مجھے افسوس یہ ہے کہ حکومت جب بھی اپنے کام ہوں خواہ کوئی بھی کام ہو سینٹ ہو یا قومی اسمبلی وہ ایک دن اجلاس بلانے سے پہلے بھی آڈیننسز نکال دیتی ہے اپنی صوابدید پر اپنے روز مرہ کے business کو چلانے کے لئے اور آج تک Parliament کے ممبران کے سلسلے میں جو feed back ہوا افسوس ہے ہمارا قومی press موجود ہے میرا خیال ہے ان کی بھی کبھی خواہش نہیں ہو گی یہ out of proportion اس لئے ہوا کہ press کو بھی صحیح طور پر بتایا نہیں گیا، یہ تنخواہ نہیں ہے، ایک قومی اسمبلی کا ممبر اس کی صرف تنخواہ جو allowances ہیں وہ ۳ ہزار روپے ہیں، ۳ ہزار روپے آپ یاد رکھیں، باقی دو facilities دی ہیں یہاں جب وہ آتا ہے تو اس کو ٹیلیفون کا ملتا ہے اس کو مکان کا کرایہ ملتا ہے، آپ اندازہ کیجئے ٹرانسپورٹ اور daily allowance ملا کر ساڑھے چار سو روپے روز ایک گورنمنٹ کا

E.V.P. بینک کا S.V.P., V.P. جو معمولی آفسر ہے وہ تو ہالی ڈے ان میں رہتا ہے اس لئے کہ اس کو حکومت کے Finance Secretary نے اجازت دی ہوئی ہے۔

مجھے تو افسوس ہے سر تاج عزیز کے ہوتے یہ کون سی بچت کر رہے ہیں آپ کی پارلیمنٹ sovereignty کا یہ عالم ہے کہ پارلیمنٹ کے جو ممبران ہیں ان میں سے کسی کا constituency میں دفتر نہیں ہے لالیکا صاحب بالکل صحیح کہتے ہیں بلکہ تمام لوگ..... ابھی اقبال حیدر صاحب تو ماشاء اللہ وکالت کرتے ہیں اور اپنی جیب سے سارا پیسہ خرچ کر رہے ہیں اس میں کوئی آدمی ہمارے ایوان میں ایسا نہیں ہے، جو آپ کہیں کہ سب اپنی جیب سے دس پندرہ ہزار روپے اپنی جیب سے خرچ کر رہے ہیں جب کبھی مسئلہ آتا ہے اس کو لوگ کیا کہیں گے لوگوں کو اگر پتہ ہے تو انشاء اللہ لوگ مجبور کریں گے، حکومت کو کہ ان کو وہ تمام وسائل دیں جس کی وہ نمائندگی کرتے ہیں اگر یہ مکران سے آتے ہیں اپنی constitutency میں ان کے لوگ بھی یہاں آتے ہوں گے یہ کہاں ٹھہرائیں آپ دیکھیں کانجی ہاؤس بنا ہوا ہے آپ کا MNA Hostel، یہ رہنے کے لئے ہے یعنی کوئی بدتر سے بدتر accommodation جو آپ کو مل سکتا ہے آپ دیتے ہیں، lodges آپ بنانا نہیں چاہتے آپ کے ملک میں bureaucracy اتنی strong ہے آپ خود بھی اس کا شکار ہو جاتے ہیں آپ کے اپنے دفتر کیا اندر میں ۶ سال سے لڑ رہا ہوں کہ جی آپ ان کو فوٹو کاپی کی مشینیں دے دیں وہ آپ provide نہیں کر سکتے۔ بجٹ نہیں ہے اگر بجٹ نہیں ہے تو پھر پارلیمنٹ کی ضرورت کیا ہے۔ یونین کونسل کے چیئرمین کے پاس ایک آفس ہوتا ہے۔ ایک PA ہوتا ہے ایک سیکریٹری آپ ان کا درجہ یونین کونسل کے ممبر کے برابر بھی نہیں سمجھتے یعنی آپ نے۔ پجارو تو ڈسٹرکٹ کونسل کو ملتی ہے آپ ٹرانسپورٹ کے بارے میں کہتے ہیں out station سے ممبر آتے ہیں ٹیکسی کے لیے تلاش ہے جناب اور یہ کوئی بری بات نہیں ہے یحییٰ بختیار جیسا آدمی جو کہ ماشاء اللہ معقول آدمی بھی ہیں وہ بھی جب یہاں federal lodge سے آتے ہیں ٹیکسی پر آتے ہیں تو یہ باتیں

آپ دیکھیئے اور یہ چھوٹی بات نہیں ہے ایک آدمی یہاں legislation بھی کرے اس کو آپ یہ کہیں وہ تمام وقت بھی دے اس کے پاس نہ کوئی supporting staff ہے اس کے پاس ٹائپ کرنے کے لئے وہ بیگ لے کر ایک ایک کلرک کے پیچھے گھوم رہا ہے اور ماشاء اللہ آپ نے اتنی economy کی ہے کہ جہاں ٦ آدمیوں کی ضرورت ہے وہاں آپ نے ٢ آدمی رکھے ہیں اس لیے کہ Finance Minister آپ کو غراتا ہے اور Finance Minister بھی ہمارا ممبر ہے۔ سینیٹر ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ آخری لائن ہے کہ ہم لوگ اب انشاء اللہ عوام سے جلوس نکلوائیں گے عوام پوچھتے ہیں کہ آپ ہماری constituency میں سے جاتے ہیں کیا کر کے آتے ہیں؟ تو منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں آپ کے lodges کو ٦ سال ہو گئے ہیں جتوئی صاحب نے کم از کم ایک چیز کو اٹھایا آپ کو بیس کروڑ روپے بھی دیئے آپ نے سی ڈی اے کی حکمت عملی دیکھی کہ وہ ٢٠ کروڑ روپے بھی lapse ہو گئے آج چوتھا سال ہے ابھی تک نقشے کا معاملہ چل رہا ہے جب یہ پارلیمنٹ کا تصور ہوا تھا تو جن لوگوں نے پارلیمنٹ بنائی انہوں نے اس کو کبوتر خانہ بنایا یہ کوئی امریکہ کی، کیلیفورنیا کی سٹیٹ تو نہیں تھی پاکستان کی پارلیمنٹ تھی۔ کسی جگہ اس پارلیمنٹ میں پاکستانی ثقافت نہیں ہے اسلامی ثقافت نہیں ہے ایشیائی ثقافت نہیں ہے بالکل ایک یہودی کے تصورات کا یہ نمونہ ہے اس میں آپ بتائیں سینٹ کے پاس دفتر نہیں ہے جب آپ سے بات کرتے ہیں جواب آتا ہے کہ صاحب فنڈز نہیں ہیں آپ نے garrage میں دفتر بنا کر دیئے ہیں یعنی یہ کوئی آپ کی عزت ہے اور یہ میں بتادوں یہ لوگوں کو علم ہو گا لوگ مظاہرہ کریں گے ابھی تو لوگ دوسری چیزوں میں مظاہرہ کریں گے پھر یہ کریں گے کہ یا تو آپ نمائندوں کو وہ تمام عزت و وقار..... ہمیں کچھ نہیں چاہیئے اور پھر پروٹوکول کیا دیا آپ نے کہ لیفٹیننٹ جنرل سے ہم سینیئر ہیں۔ جناب یہ عجیب چیز ہے یہ تھری سٹار سے ہم سینیئر ہیں فیڈرل سیکریٹری سے، فیڈرل سیکریٹری کے پاس no limit joint Secretary کے پاس limit telephone ان کو یہ no limit کا کہاں سے اختیار آیا؟ Rules of

Business جس ملک میں یعنی وہ قرآن کے اوپر حاوی ہیں آپ نے آئین کی دھجیاں اڑائیں Constitution کو abrogate کیا لیکن rules of business 1964 میں جو تھا ایوب خان صاحب مرحوم کے وقت وہ آج بھی ہے یعنی کابینہ میں ہم نہیں بیٹھ سکتے صاحب ای سی سی میں، کیوں نہیں بیٹھ سکتے؟ ہمارے صوبے کا پروجیکٹ ہے، ہو سکتا ہے وہاں سارے نابلد بیٹھے ہوں، میں معافی کے ساتھ ہمارے وزراء اس میں بڑے ذہین اور وہ ہیں لیکن جنہوں نے گوادر نہیں دیکھا ان کو میرانی ڈیم کا ہی پتہ نہیں چلا وہ کہتے ہیں اچھا وہاں بارش ہوتی ہے آپ اندازہ کریں ایسے subject پر آپ نے ایسے رولز بنائے ہیں تو نمائندوں کا participation کہاں ہے آج کاش کہ ہمارے Chief Executive یہاں ہوں Leader of the House یہاں نہیں آتے اسی ایوان سے elect ہوئے ہیں آخر قومی اسمبلی سے elect ہوئے ہیں وہ بھی ہمارے ساتھی ہیں ان کو بھی آنا چاہیئے کہ بھئی ممبروں کو۔ کیا تکالیف ہیں ایک دفتر آپ چیئرمین کو دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

کمیٹی سسٹم ہم نے اللہ کے نظام پر نظام شمسی پر چلایا ہوا ہے اور ہمارے منسٹر صاحب بیٹھے ہیں یہ پوچھتے ہیں کہ یہ recommendatory ہے۔ ارے recommendatory ہے تو پھر آپ کیسے بیٹھے ہیں یہاں پر؟ یہ جناب اسی طرح سے ہوتا ہے کہ جب مسائل سامنے آتے ہیں حکومت اس کو pick up کرتی ہے اور حکومت ہوتی بھی اسی لئے ہے کہ لوگوں کے مسائل حل کرے خواہ وہ کسی پارٹی کے ہوں تو اس لیے کمیٹی کے چیئرمین کا یہ عالم ہے کمیٹی کے ممبروں کا یہ عالم ہے کہ آپ ان کو گوادر سے بلاتے ہیں ایک کو فاٹا سے بلاتے ہیں اور دیتے ہیں چار روپے یعنی دلچسپی کا یہ عالم ہے کہ ۴ سال تک ہم انتظار کرتے رہے کہ شاید کچھ معاملہ کریں۔ جب سے آپ آئے ہیں اتنے قانونی آدمی آپ ہیں یعنی ججوں جیسا رویہ ہے ہر فیصلے پر کہ صاحب یہ قانون ہے office of profit ہے پچھلی حکومت سے ان کے یہ ممبران موجود ہیں اس نے جناب اپنے نمائندوں کو پی آئی اے کا ڈائریکٹر بھی بنایا۔ زرعی بینک کا ڈائریکٹر بھی بنایا کسی نے کورٹ میں مقدمہ دائر نہیں

کیا لیکن آپ جب آتے ہیں نہیں نہیں office of profit ہے اگر office of profit ہے پنسل آپ نہیں دے سکتے ایک کاغذ سفید آپ نہیں دے سکتے۔ کہ صاحب اس میں office of profit ہے تو بھئی Constitution لیں آپ نے ۵۰ amendments ہم سے کرائی ہیں کیوں آپ amendment نہیں کراتے۔ کرائیں آپ ممبروں کو تمام سہولتیں دیں اگر آپ یہ نہیں دے سکتے تو پھر آپ یہ ایوان کیسے چلائیں گے۔ ابھی جنرل صاحب pesticides کا معاملہ ہے بھئی pesticides کے بارے میں ہمیں آپ پوری feed back دیں کہ ملک میں کون سی دوائیں چل رہی ہیں کون سی ناقص ہیں، بس بل آ گیا، بھئی یہ کوئی کیمونسٹ پارٹی کی حکومت تو یہاں ہے نہیں کہ پارٹی لائن، کاہے کی پارٹی لائن، سچ کی لائن ہونی چاہیئے اور اسی لیے میں عرض کرتا ہوں کہ آپ دیکھیں کہ اسلام آباد میں ایک کمرہ لینے کے لیے دس ہزار روپے چاہئیں کوئی اچھا مکان ۱۵، ۲۰ ہزار سے کم میں نہیں ملتا اگر آپ وزراء کو دیکھیں کہ کتنے ایسے وزراء ہیں جنہوں نے کارپوریشنز کے rest houses لیے ہوئے ہیں یہ پچھلی حکومت میں بھی ہوا تھا کہ ایک کامرس ہاؤس بنا تھا اس کی آرائش پر ۷ لاکھ روپیہ خرچ کیا گیا تھا۔ ہمارے فیصل صالح حیات صاحب نے خرچ کیا تھا اس لئے T.C.P. نے کر دیا۔ آئل ہاؤس بنا آج کی حکومت میں جتنے..... جناب N.D.F.C. کا ہاؤس ہے اس میں کوئی منسٹر ٹھہرا ہے تو آپ لوگ legal چیزیں کیوں نہیں کرنے دیتے؟ یعنی مکان ۷ ہزار میں نہیں مل سکتا اور میں سمجھتا ہوں کہ وزارء بھی اس میں شامل ہیں لیکن جس نمائندے کو آپ یہ دے رہے ہیں یہ میرا خیال ہے کم سے کمترین..... ۱۷ اسکیل کے آدمی کو جو ملتا ہے اس سے کم ملتا ہے اور میں نہیں کہتا کہ ہم کوئی تنخواہ لیتے ہیں آپ جو سہولتیں دیتے ہیں telephone کی حلقہ انتخاب میں دیں، حلقہ انتخاب میں ایک دفتر دیں اگر کچھ نہیں دے سکتے تو ایک P.A. تو آپ دے سکتے ہیں اور وہ بھی حکومت کا ملازم ہو گا آپ نے ۷۰، ۷۰ ہزار ابھی جب آتے ہیں کہ لوگ زائد بھرتی کیے ہوئے ہیں اور ہمارے قومی اسمبلی کے ممبر ۲۳۷ ہیں اور ۸۷ سینٹ کے ممبر ہیں آپ تین سو آدمی نہیں رکھتے

سکتے یعنی آپ کی کابینہ میں ماشاءاللہ بڑے ذہین بزرگ، جنرل، وکیل، دانشور سب بیٹھے ہیں پتہ نہیں وہاں بیٹھ کر کون سی ایسی ہوا ہے کہ جو جاتا ہے وہ اسی کا ہو کر رہ جاتا ہے یعنی کم سے کم آپ یہاں ممبر بھی ہیں میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس سلسلے میں پوری کوشش کیجئے اور یہ آپ کا فرض ہے آپ کا فرض نہیں کہ constitution کے custodian ہیں بلکہ آپ ممبروں کے وہ معاملے جیسے آئین کا معاملہ ہے اس کی بھی آپ custodian ہیں جناب چیئرمین شکریہ جی۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین! میں مختصراً صرف یہی کہوں گا کہ یہ ایک واقعی قابل افسوس امر ہے کہ آج ممبران اسمبلی کو اپنے جو ہمارے الاونسز کے بارے میں ایوان میں بات کرنی پڑی ہے کیوں کہ جب بھی حکومت نے چاہا ہمارے اس نظام کے تین ستون ہیں۔ اسمبلیاں عدلیہ اور انتظامیہ۔ جناب والا۔ عدلیہ کے لئے مراعات بڑھانا بغیر چوں چراں کئے انہیں زمین سے آسمان پر پہنچادیا اسی طرح سے بیوروکریسی کی مراعات بڑھانے کے لئے بغیر کسی شور مچائے ہوئے انہیں بڑھادیا کیوں کہ دونوں کا استعمال حکومت کے لئے انتہائی ضروری ہے اس سے ہم تھوڑا سا خفت محسوس کرتے ہیں اپنے مسئلے کے اوپر بات کرتے ہوئے حکومت کیوں اس سپریم Institution کے وقار کو گرا رہی ہے؟ پارلیمنٹ سب سے اونچا ادارہ ہے یہ دانستہ طور پر تو نہیں کیا جارہا ہے کہ ممبران اسمبلی کی حالت اتنی ناگفتہ بہ کر دی جائے کہ وہ مجبوراً چیخ پڑیں۔ کیوں جناب ان اسمبلیوں کے اندر جو لوگ باقاعدگی سے آتے ہیں میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ وہ متوسط طبقے سے ہیں جو بڑے بڑے وڈیرے، بڑے بڑے سرمایہ دار اور جاگیر دار اور مل اونرز جو ہیں وہ کبھی کبھی اپنی شکل دکھانے کے لئے آجاتے ہیں کہ شاید ان کا بھی نام آجائے ان اسمبلیوں کو چلانے والے متوسط طبقے اور متوسط طبقے سے نیچے کے لوگ ہیں کیوں اس عظیم Insitution کی تحقیر کی جا رہی ہے کیونکہ اس چیز پر بات چیت ہوئی اور یہ اخبارات کے اندر موضوع بحث بن کسی نے پوچھا کہ سپریم کورٹس کے ججز کی تنخواہ جب بارہ چودہ ہزار ہوئی ہے اور جناب چیئرمین

ساتھ ہی آپ کو یہ بھی عمل ہو گا کہ زیادہ تر کو پلاٹ بھی ملتے ہیں چاہے وہ بیوروکریٹ ہوں چاہے وہ سپریم کورٹ کے جج ہوں جناب چیئرمین ایک ایک نہیں ان کو ایک سے زیادہ بھی پلاٹ ملتے ہیں، اور وہ تمام مراعات ملتی ہیں اور office of profit بھی ہولڈ کرتے ہیں میں اس نکتے سے بات کر رہا ہوں دانستہ طور پر حکومت اس پارلیمنٹ کے وقار اور عظمت پر اس طرح سے کیوں حرف ڈال رہی ہے جہاں کرنا تھا کر دیا، میں لالیکا بھائی سے اپیل کرونگا تمام تر مراعات چھوڑ دیں۔ بالکل آپ کہہ دیں ہم تمام تر خدمت خلق میں کریں گے تو پھر بالکل یہ بات طے ہے تاکہ اس مسئلے پر بات ہی نہ ہو چھوڑیں جی کیا ہے میں تو اپنی وکالت کھو کر بیٹھا ہوا ہوں اس حکومت نے مجھے black list کیا ہوا ہے اور میں اگر وکالت کروں اور اتنا ٹائم لگاؤں تو اللہ کے فضل و کرم سے جو کچھ ملتا ہے اس سے سو گنا زیادہ کما سکتا ہوں لیکن وہ معاملہ نہیں ہے معاملہ پیسوں کا نہیں ہے۔ معاملہ ہمارے وقار کا ہے معاملے ہمارے اس institution کی عظمت کا ہے اور اس کی حیثیت کا ہے اس پر حرف نہ آئے اور اس کے اوپر مزید بات نہ ہو دوٹوک حکومت بتادے نہیں کرنا تو نہیں کرنا کیونکہ ہمیں اس موضوع پر بات کرتے ہوئے شرمندگی ہوتی ہے۔ آخر میں میں صرف ایک بات کہونگا آج میں نے آپ کی خدمت میں ایک call attention notice دیا ہے۔ اگر اس کو کل لے لیا جائے۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ چیمبر میں آکر بات کریں، ڈاکٹر بشارت الٰہی،

Dr. Bisharat Elahi : Thank you Mr. Chairman. I want to deviate a little from the topic that is being discussed. Through you Mr. Chairman I would like to find out from the Minister for Parliamentary Affairs یہ رپورٹس جو یہاں پر table ہوتی ہیں جیسے کہ فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی رو پورٹ یہاں آئی ہے۔ Is this just to fulfil a constitutional requirement? یا اس کا کوئی اور بھی مقصد ہوتا ہے I have been stating in the

Senate for the last four years and not one report has ever been discussed. نہ Ombudsman کی رپورٹ کبھی ہوئی ہے نہ Islamic ideology کی رپورٹ ہوئی ہے نہ یہ کبھی ہوئی ہے what is the purpose of talking these reports ? یا privately سب کو by post وہ اور بھیج دیا کریں۔ constitutional requirement سے delete وہاں کر دیں four years and not one.... ان کو بھی دو سال ہونے کو آ گئے ہیں، ان کے پاس بھی ٹائم نہیں ہوتا کہ ان چیزوں کو ڈسکس کر لیا جائے what is the purpose of these reports?

جناب چیئرمین: لالیکا صاحب، آپ کچھ کہنا چاہ رہے تھے۔

میاں عالم علی لالیکا: جناب میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ وزیر پارلیمانی امور صاحب تشریف فرما ہیں اور قومی اسمبلی میں یہ مسودہ بڑے غور و خوض کے بعد مرتب کیا گیا تھا allowances کے متعلق شومئی قسمت سے وہاں پر کچھ پیجارو پر چڑھنے والوں نے اس میں ڈال دیا گو گاڑی کی بھی ضرورت ہے جو پارلیمنٹ کا ممبر ہے وہ سائیکل پر چڑھ کر یا پیدل چل کر گزارہ نہیں کر سکتا ۔ مسودہ ان کے پاس موجود ہے قانون موجود ہے assessment انہوں نے کی ہوئی ہے evaluation کی ہوئی ہے اور pathage انہوں نے تیار کیا ہوا ہے میں آپ کے توسط سے آپ کی اور ان کی نذر ایک شعر کرتا ہوں:

کہ کیا گلے رقیب کے کیا طعنے آشنا

تیرا جو جی چاہے بہانے ہزار ہیں

جناب چیئرمین: خلیل صاحب آپ بھی کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

Mr. Khalik-ur-Rehman : Sir I have a submission to keep the records of this houses to days' proceedings straight and that is to expunge any unparliamentary words or remarks used in today's proceedings, Sir.

جناب چیئرمین: وہ کونسے unparliamentary ہیں۔

Mr. Khalil-ur-Rehman : I, now, Sir, specifically refer to my very dear friend Hafiz Hussain Ahmad for whome I have lots regards but he used the word 'safeerny' for our Ambassador in U.S.A, I think, Sir, it is a little demeaning.

جناب چیئرمین: میرے خیال میں ان کا مقصد یہ نہیں تھا۔

Mr. Khalil-ur-Rehman : Sir, the word itself is not very nice.

Mr. Chairman : O.K. Then we will expunge that word.

حافظ حسین احمد: جناب چیئرمین صاحب گزارش یہ ہے میں نے اردو میں بات کی ہے اگر کوئی بھی فاضل ممبر یہ کہہ دے کہ سفیر کا جو لفظ ہے وہ مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے جس میں وزیر ہے، میں یہ گزارش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہر حال آپ کا مقصد یہ نہیں تھا۔ اگر وہ سمجھتے ہیں کہ اگر اس سے ایک غلط تاثر ملتا ہے۔

حافظ حسین احمد: جناب اب اگر آپ یہ دیکھیں آپ کے گھر میں نوکر ہے نوکرانی ہے وزیر ہے وزیرنی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: نہیں وزیرنی نہیں ہوتی وزیر وزیر ہی ہوتا ہے۔

حافظ حسین احمد: شیر ہے شیرنی یعنی میں کہہ رہا ہوں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: یہ تو آپ نے یہ کہا کہ ڈائریکٹر ہے تو ڈائریکٹری ہو گئی یہ تو ڈایریکٹر کے ساتھ ڈائیریکٹر ہو گئی۔

حافظ حسین احمد: یہ بحث طلب مسئلہ ہے اس پر آپ۔۔۔

جناب چیئرمین: بہر حال ممبران یہ سمجھتے ہیں کہ یہ لفظ غلط ہے اس لئے اس کو expunge کیا جاتا ہے۔

[The House is adjourned to meet tomorrow at 10.30 A.M.]

[The House then adjourned to meet at 10.30 in the morning on Thursday the 13th August, 1992]

PCPPI-538(96) Senate-7-3-2000-150.